روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل صرف خزینہ روحانیات

darulamal.org/magazines/ruhani khazinaeruhaniyat khazinaruhanyat

نورانی اعمال

اُمنتُ بِاللّٰہ: ایک خاص عمل جس کے پیچھے مسلمان جنات کی بہت بڑی بڑی جماعتیں کام کرتی ہیں۔

منزل: منزل کا عمل جادو، جنات، نظر بد، شیطانی اثرات سے نجات اور حفاظت کا خاص عمل ہے۔

سورۂ مزمل: ہر قسم کے جنات، جادو، آفات وبلیات سے نجات۔ ہر قسم کی دُنیاوی حاجات کے لیے اکسیر عمل ہے۔

حصارِ قرآنی کبیر: قرآنی آیات پر مشتمل حفاظت اور جنات وجادو کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے ایک ضروری عمل۔

حصارِ خاص: نورانی عملیات میں ایک خاص عمل ہے، جس کا عمل کرنے کے بعد فرشتے عامل کی حفاظت کرتے ہیں۔

عمل شفائے امراض: ہر طرح کی بیماری کا روحانی علاج۔ بڑی سے بڑی بیماریوں کا علاج اس عمل سے کیا جاسکتا ہے۔

دعائے حیدری: جو جادوگر مسلسل حملے کر رہے ہوں یا دشمن کی طرف سے مسلسل پریشانیوں خلاف ایک مضبوط ہتھیار۔

روحانی تشخیص کرنے کا خاص عمل: تشخیص کے عمل کی تکمیل کے بعد عامل ہر طرح تشخیص بآسانی کرسکتا ہے۔

عمل خزینہ فتوحات: ہر حال، ہر مقام، ہر موقع، ہر وقت، بڑے ہر مقصد میں یقینی فتح آپ کی امید، خیال، توقع، سوچ سے بڑھ کر فتح

واپسی نظر بد کا خاص عمل: ہر قسم کی نظر بد کو دوری نظر لگانے والوں پر واپس بھیجنے کا خاص عمل۔

محبت کی عظیم آیت کا عمل: یہ آیت محبت کے لئے مجرب ہے۔ اس کا اثر زوجین میں بہت تیز ہوتا ہے۔

شدید محبت کا عمل: یہ آیت محبت کے لئے مجرب ہے۔ جس جگہ شدید محبت پیدا کرنی ہو صرف انہی جگہ استعمال کیا جائے۔

تسخیر و محبت کا عمل: آج کے دور میں اس عمل کو کرنے سے عامل لوگوں کے لئے تسخیر اور محبت کے کام کرسکتا ہے۔

دفع آسیب کا خاص عمل: جنات وآسیب زدہ مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کے لیے بہت ضروری ہے۔

سورۂ اخلاص: اس عمل کی برکت اور تاثیر سے عامل کے اعمال میں زبردست طاقت، قوت، مضبوطی اور تیزی پیدا ہوجاتی ہے۔

سورۃ القریش: سورۂ قریش سے جائز کام لیا جاسکتا ہے۔ اس کا دائرہ بہت وسیع ہے۔

اَفَحَسِبْتُم کا خاص عمل: اس عمل کی ضرورت جنات، آسیب و شیاطین کے متاثر مریضوں کا علاج کرنے والے عاملین کو ہوتی ہے۔

سورۃ الرحمن: سورۂ رحمن میں جنات کے لیے بہت کشش ہے۔ یہی وجہ ہے کہ عامل کی طرف جنات کو بہت کشش ہوتی ہے۔

سورۂ جن کا عمل: اس سورت سے جنات کے مریضوں کا علاج اور ہر وہ کام لیا جاسکتا ہے، جو جنات" کرسکتے ہیں۔

آیاتِ سحر: ہر طرح کے جادو سے نجات کیلئے خاص آیات جو قدیم زمانے سے عاملین جادو کے علاج میں استعمال کر رہے ہیں۔

آیت الکرسی: جنات وشیاطین کے علاج وحفاظت کا مجرب عمل۔

عمل دفع موذی امراض: مریضوں کو ہر قسم کے موذی امراض، بشمول نفسیاتی امراض، فالج، لقوہ، کینسر سے نجات کیلئے۔

سورۂ فلق کا جناتی عمل: عمل کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہوگی۔

سورۂ ناس کا جناتی عمل: عمل کی تکمیل پر عامل کو ایک طاقتور اور تربیت یافتہ جنات کی جماعت حاصل ہوگی۔

یاقابض: عامل کے دل سے ہر طرح کا خوف ختم ہوجاتا ہے اور وہ بڑے خطرناک مسائل میں بلاخوف وخطرات ہاتھ ڈال سکتا ہے۔

یاقہار: اس اسم اعظم کے عامل سے ہر قسم کے بڑے بڑے شیاطین، جنات، انسان جادوگر کانپتے اور ڈرتے ہیں۔

یاحافظ یاحفیظ: ہر قسم کی آفات وبلیات، جادو، جنات، نظر بد، شیطان وغیرہ سے حفاظت کے لیے بہت مجرب عمل۔

روحانی درسگاہ دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
0309-7772775
0333-7772775 042-35420586
darulamal.org/ruhanidarsgah ruhanidarsgah@gmail.com
ruhanidarsgah | ruhanidarsgah97 | ruhanidarsgah

اسلامی تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال "دو خاص نمبر" شائع کرتا ہے

ربیع الاول، ربیع الثانی ۱۴۴۵ھ
اکتوبر 2023ء
جلد نمبر 14
شمارہ نمبر 6

ماہنامہ خزینۂ روحانیات لاہور

قیمت 150 روپے

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ
مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب
معاون مدیر: حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

بروز جمعۃ المبارک ادارہ بند رہے گا

سالانہ ممبرشپ بذریعہ پاکستان پوسٹ

عام ڈاک: 1170 روپے — رجسٹرڈ ڈاک: 1530 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی 27/28/29 تاریخ کو رسالہ ارسال کیا جاتا ہے۔

سالانہ ممبرشپ بذریعہ کوریئر TCS

لاہور کیلئے: 1730 روپے
لاہور کے قریبی اضلاع کیلئے: 2220 روپے
لاہور سے دور کے اضلاع کیلئے: 3000 روپے

سالانہ ممبرشپ بذریعہ ای میل/وٹس ایپ

ای میل: 700 روپے — وٹس ایپ: 700 روپے

نوٹ: ہر ماہ کی پہلی دوسری تاریخ کو رسالہ Whatsapp/Email کیا جاتا ہے۔

برائے ماہنامہ خزینۂ روحانیات، سرکولیشن، اشتہارات اور دیگر تمام معاملات
0322-4773786, 042-35410586

darulamal.org/magazines/ruhani
khazinaeruhaniyaat@gmail.com
khazinaeruhaniyat — khazinaruhanyat

دار العمل چشتیہ لاہور پاکستان
darulamal.org
info@darulamal.org
darulamalchisht — darulamalchishtia
0322-7772772 — 0343-7772772
0312-7772772 — 0306-7772772(ufone)
پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور — فون: 042-35410586

روحانی درگاہ 0333-7772775 / 0309-7772775	مکتبۃ العارف 0332-4487877 / 0323-4487877	مطب العارف 0320-5410586 / 042-35410586
روحانی علاج گاہ 0324-7772772 / 0342-7772772	ایم این بک سٹور 0309-7772770 / 0316-7779370	انٹرنیشنل میڈیسن سٹور 0309-7772778 / 0349-7772778
روحانی دکان 0334-4312272 / 0320-4312272	عارفی پرفیومز 0309-7772776 / 0346-7772776	فلاحی مرکز 0312-7772772 / 042-35410586

خالد مقبول پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر دار العمل چشتیہ 586 کامران بلاک علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین

اکتوبر 2023ء

ربیع الاول ربیع الثانی ۱۴۴۵ھ

حمد باری تعالیٰ

احمد علی برقی اعظمی

خداوندا یہ میری زندگی تیری امانت ہے
ترے احکام سے غفلت امانت میں خیانت ہے
"مرا اُٹھنا عبادت ہے مرا سونا عبادت ہے"
کروں میں بندگی تیری تقاضائے دیانت ہے
یہ قرآن مبیں جو مشعل رشد و ہدایت ہے
اسے محفوظ رکھنا تا ابد تیری ضمانت ہے
تری مدحت سرائی میں کروں یہ کیسے ممکن ہے؟
تری مرہونِ منّت اے خدا میری ذہانت ہے
نمایاں ہیں بزرگی اور عظمت کے نشاں تیرے
تری قدرت کے آگے سرنگوں فہم و فراست ہے
ہے قائم بے ستوں ارض و سما تیری ہی قدرت ہے
کشش پر منحصر کون و مکاں کی یہ عمارت ہے
کہاں جائے ترا در چھوڑ کر احمد علی برقیؔ
تو ہے مشکل کشا ہر وقت اس کو تیری حاجت ہے

رنگ لائیں گی کب میری آہیں

حضرت مولانا شاہ حکیم اختر رحمۃ اللہ علیہ

رنگ لائیں گی کب میری آہیں / پھر مدینہ کی جانب کو جائیں
جب نظر آئے وہ سبز گنبد / کہہ کے صلِ علیٰ جھوم جائیں
جب حضوری کا عالم عطا ہو / ان کو افسانۂ غم سنائیں
اب نہ جانا ہو گھر ہم کو واپس / چپکے چپکے یہ مانگیں دعائیں
تیرے در پر مرا سر ہو یارب / جان اس طرح تجھ پر لٹائیں
مجھ کو اپنا بنا لو کرم سے / ملتزم پر یہ مانگیں دعائیں
دونوں عالم کی کیا ہے حقیقت / جتنے عالم ہوں تجھ پر لٹائیں
سارے عالم میں پھر پھر کے یارب / تیرا دردِ محبت سنائیں
تیرا دردِ محبت سنا کر / سارے عالم کو مجنوں بنائیں
سارے عالم کو مجنوں بنا کر / میرے مولیٰ تیرے گیت گائیں
لذتِ قرب پا کر تیری ہم / لذتِ دو جہاں بھول جائیں
در بدر ڈھونڈتا ہے یہ اختر / اہلِ دردِ محبت کو پائیں

فراخیٔ رزق نمبر

خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ)

نحمدہٗ و نصلی علی رسولہ الکریم ۔ تمام تعریفیں اس ذات کے لیے جو تمام جہانوں کا رب ہے، سب کا پالنے والا، سب کو رزق دینے والا، سب کی مشکلات دور کرنے والا، سب کی حاجات کو پوری کرنے والا، سب کو شفاء دینے والا، سب کو بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

اور کروڑوں سلام اور درود نازل ہو آقائے دو جہاں، محبوب خدا، سردار الانبیاء، حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ پر...... جن کے طفیل یہ ساری کائنات وجود میں آئی اور ان ہی کے طفیل ساری کائنات چل رہی ہے۔

اللہ ﷻ کا کروڑہا شکر ہے کہ ماہنامہ خزینہ روحانیات کا چھبیسواں خاص نمبر "فراخیٔ رزق نمبر" چھپ کر منظر عام پر آ گیا ہے۔ یہ محض اللہ ﷻ کا فضل، آقائے دو جہاں ﷺ کی نظر کرم اور میرے والدین، اساتذہ، مشائخ اور محبت و عقیدت رکھنے والوں کی دعاؤں کا نتیجہ ہے کہ اس کی تکمیل میں بھرپور غیبی مدد شامل حال رہی۔ مئی 2012ء سے جو سفر شروع کیا تھا، وہ اب بھی جاری ہے اور اس شمارے کے ساتھ خاص نمبروں کی تعداد چھبیس ہوگئی۔ (ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ)

ماہنامہ خزینہ روحانیات ہر چھ (6) ماہ بعد ایک خاص نمبر شائع کرتا ہے۔ جلد کا آغاز مئی کے مہینے سے ہوتا ہے اور اکتوبر اور اپریل میں خاص نمبر شائع کیا جاتا ہے۔ خاص نمبر کسی ایک موضوع پر ہوتا ہے اور سارے مضامین اسی موضوع پر ہی شائع کیے جاتے ہیں۔

"رزق" کا مفہوم شرعی معنوں میں کچھ اور ہے مگر یہاں رزق سے مراد پیسہ ہے۔ چونکہ عرف یعنی عوام میں یہی مشہور ہے اس لیے یہی نام رکھا گیا۔

"رزق" کا معاملہ ہر انسان کے ساتھ جڑا ہوا ہے۔ لیکن اصل معاملہ تو اُن کے ساتھ ہے جو رزق کمانے میں مصروف ہیں۔ آپ لوگوں نے سنا ہوگا کہ پہلے زمانے میں ایک آدمی کماتا تھا اور دس کھاتے تھے۔ اور اب دس کماتے ہوں تو بھی پورا نہیں ہوتا۔ اس کی کیا وجہ ہے؟ اس کی وجہ صرف اور صرف "برکت کا نہ ہونا" ہے۔ برکت ہی تو ہے جو کم چیز کا زیادہ کو پورا ہونا، کسی بھی چیز کا خراب نہ ہونا، فضول پیسے ضائع نہ ہونا، کم پیسوں میں تمام خرچے ہو جانا وغیرہ۔ ہم لوگ رزق بڑھانے کے لیے تو بہت کوششیں کرتے ہیں۔ دنیاوی طور پر بھی اور روحانی طور پر بھی۔ لیکن اصل چیز جو کہ "برکت" ہے، اس کو بھول گئے ہیں۔ اور ان اسباب کو دور کرنے کی کوشش ہی نہیں کرتے جن کی وجہ سے برکت ہمارے گھروں سے رخصت ہوگئی ہے۔ اسی لیے آج امیر ہو یا غریب، وہ اپنی اپنی جگہ رزق کے معاملات میں پریشان ہیں، الا ماشاء اللہ۔ کچھ لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ فلاں تو بہت گناہ گار ہے لیکن رزق کا معاملے میں کوئی پریشانی نہیں، اس کا رزق تو بڑھتا ہی جا رہا ہے۔ ان لوگوں کے اس اعتراض کا جواب یہ ہے کہ جو لوگ بظاہر گناہوں کی زندگی بسر کر رہے ہوں اور ان کا رزق بھی بہت فراخ ہو اور رزق کے حوالے سے مسائل سے دوچار بھی نہ ہوں تو اس کی عموماً دو وجہیں ہوتی ہیں۔ پہلی یہ کہ اللہ ﷻ نے ان کی رسّی دراز کر دی ہے اور دنیا کھول دی ہے اور آخرت میں سخت پکڑ کا فیصلہ فرما دیا ہے۔ دوسری وجہ ان لوگوں کا کثرت سے خیرات و صدقات، نیک اور فلاحی کاموں میں خرچ کرنا ہے۔

رزق کی کمی کی بنیادی وجہ ہمارے گناہ ہیں۔ گناہوں سے اللہ ﷻ ناراض ہوتے ہیں اور جب اللہ ﷻ ہی ناراض ہوں تو پھر سزا بھی ملتی ہے۔ اور یہی گناہ "بے برکتی" کی سب سے بڑی وجہ ہیں۔ اس لیے جو لوگ چاہتے ہیں کہ ان کے رزق کے مسائل حل ہوں، رکاوٹیں ختم ہوں، آسان اور عافیت والا رزق ملے، برکت والا رزق حاصل ہو تو وہ اللہ ﷻ کی نافرمانیوں کو چھوڑ دیں یا جس حد تک کم کر سکیں، کم کر دیں اور جو کر رہے ہیں، ان پر پابندی سے توبہ اور استغفار کرتے رہیں۔

دوسری سب سے بڑی وجہ "بداثرات یعنی جادو، جنات، نظر بد اور حسد" ہیں۔ اس لیے یہ بات کا خاص خیال رکھیں کہ کسی قسم کے بداثرات نہ ہوں۔

قارئین سے گذارش ہے کہ "فراخیٔ رزق نمبر" کو پڑھ کر اپنی رائے سے آگاہ ضرور فرمائیں۔ خاص نمبر کو مزید بہتر کرنے کے لیے جو مشورہ ہو، وہ ہمارے لیے بہت قیمتی ہے۔ اگر کوئی غلطی ہو تو اس کی بھی نشاندہی فرمائیں۔ اور خاص کر دعاؤں کی درخواست ہے کہ اللہ ﷻ مزید خاص نمبر بہتر سے بہتر طریقے پر شائع کرنے کی توفیق دے اور ہر طرح کی مشکل کو دور فرمائیں، خاص کر حاسدوں کے حسد اور دشمنوں کی دشمنی سے پناہ میں رکھے۔ آمین

رزق کی تقسیم

دل کو چھو لینے والی تحریر اور ظالم لوگوں کے لیے لمحہ فکریہ

مرسلہ مولانا عبدالرحمن مظلہ (قطر)

میری یہ بچپن سے عادت رہی ہے کہ جب محلے کی دکان سے کچھ بھی لیا، انہوں نے اخباری ٹکڑے میں لپیٹ کر دیا تو شے کے استعمال کے بعد اس ٹکڑے کو ضرور دیکھا اور پڑھا۔

یہ 2007 کی بات ہے، میں اسلام آباد میں اس وقت سی ایس ایس کی تیاری کر رہا تھا۔ مارکیٹ میں تازہ جلیبی بن رہی تھی وہ خریدی تو اخبار کا ساتھ آنے والا ٹکڑا پوری زندگی تبدیل کر گیا۔

ہوا کچھ یوں کہ اُس ٹکڑے پر ایک کالم چھپا ہوا تھا۔ کالم نگار کا نام اب یاد نہیں ہے لیکن اس نے جو لکھا تھا، وہ سب یاد ہے حرف بہ حرف تو نہیں لیکن یاد ہے۔ آپ بھی پڑھیں۔

اُس نے لکھا کہ: میں کل اپنے ایک کاروباری دوست کے پاس دفتر گیا چائے پی، گپ شپ لگاتے ہوئے گھر جانے کا وقت ہو گیا۔ جب دفتر سے باہر نکل رہے تھے تو کلرک نے آ کر ایک شکایت لگائی کہ جناب فلاں چپڑاسی سست ہے، کام نہیں کرتا، ڈرائیور نے بھی اس کی ہاں میں ہاں ملائی۔

میرے اُس دوست نے کہا اگر کام نہیں کرتا تو کس لیے رکھا ہوا ہے، فارغ کرواُسے۔ میں نے فوراً مداخلت کی اور کہا، کیا یہ بہتر نہیں ہوگا کہ ایک دفعہ اس سے بات کرلو، کیا پتہ اس کے کچھ مسائل ہوں۔ پھر میں نے اپنے دوست کو ایک آنکھوں دیکھا واقعہ سنایا۔۔۔

شیخ صاحب لاہور میں ایک معمولی سے دفتر میں ملازم تھے، دن کچھ ایسے پھرے کہ اسی دفتر کے صاحب کو پسند آ گئے اور یوں ان کی فیملی میں ہی شیخ صاحب کی شادی ہو گئی۔

قدرت شیخ صاحب پر مہربان تھی، دن رات اور رات دن میں بدلتے گئے اور شیخ صاحب ایک دکان سے ایک مارکیٹ اور پھر ایک فیکٹری سے دو، چار، اور پھر نہ جانے کتنی فیکٹریوں کے مالک بنتے گئے۔

دھن برستا گیا، دو بچے ہو گئے۔ شیخ صاحب نے کرائے والے کمرے سے ایک اپارٹمنٹ اور پھر لاہور کے انتہائی پوش علاقے میں دو کنال کی ایک کوٹھی خرید لی۔ مالی کی ضرورت پیش آئی تو چکوال سے آتے ہوئے سلطان کو فیکٹری سے نکال کر اپنی کوٹھی میں پندرہ سو روپے ماہوار پر اپنی کوٹھی پر ملازم رکھ لیا۔

سلطان ایک انتہائی شریف اور اپنے کام سے کام رکھنے والا انسان تھا، نہ کسی سے کوئی جھگڑا، نہ کوئی عداوت، نہ کبھی کوئی شکایت۔ ایک بار شیخ صاحب دن کے دس بجے کسی کام سے گھر واپس آئے تو گاڑی دروازے پر ہی کھڑی کر دی، کہ ابھی واپس دفتر جانا تھا۔ دروازے سے گھر کے داخلی دروازے کے درمیان اللہ جانے کیا ہوا کہ پودوں کو پانی دیتے سلطان کے ہاتھ سے پائپ پھسلا اور شیخ صاحب کے کپڑوں پر پوری ایک تیز پھوار جا پڑی۔

شیخ صاحب بھیگ گئے۔ سلطان پاؤں میں گر گیا، گڑگڑا کر معافی مانگنے لگا کہ صاحب غلطی ہو گئی۔ لیکن شیخ صاحب کا دماغ آسمان پر تھا۔ غصے میں نہ آؤ دیکھا نہ تاؤ، وہیں کھڑے کھڑے سلطان کو نوکری سے نکال دیا۔ کہا شام سے پہلے اس گھر سے نکل جائے۔

سلطان بیچارہ سامان کی پوٹلی باندھ کر گھر سے نکل کر دروازے کے پاس ہی بیٹھ گیا کہ شاید صاحب کا غصہ شام تک ٹھنڈا ہو جائے تو واپس بلا لیں۔

شام کو شیخ صاحب واپس آئے، دیکھا سلطان ابھی تک بیٹھا ہوا تھا، گارڈ کو کہا اسے دھکے دیکر نکال دو، یہ یہاں نظر نہ آئے، صبح ہوئی تو سلطان جا چکا تھا۔ رب جانے کہاں گیا تھا۔

وقت گزرتا گیا، شیخ صاحب کے تیزی سے ترقی پاتے کاروبار اور فیکٹریوں میں ایک ٹھہراؤ سا آنے لگا۔ کاروبار میں ترقی کی رفتار آہستہ آہستہ کم پڑتی گئی۔ لیکن شیخ صاحب زندگی سے بہت مطمئن تھے۔

پھر ایک فیکٹری میں آگ لگ گئی، پوری فیکٹری جل کر راکھ ہو گئی۔ کچھ

مزدور بھی جل گئے۔ شیخ صاحب کو بیٹھے بٹھائے کروڑوں کا جھٹکا لگ گیا۔

کاروبار میں نقصان ہونا شروع ہوا تو شیخ صاحب کے ماتھے پر بل پڑنا شروع ہو گئے۔

بڑا بیٹا یونیورسٹی کا سٹوڈنٹ تھا، دوستوں کے ساتھ سیر پر مری گیا واپسی پر حادثہ ہوا تو وہ جوان جہان دنیا سے رخصت ہو گیا۔ شیخ صاحب کی کمر ٹوٹ گئی۔

نقصان پر نقصان ہوتے گئے۔ دو کنال کی کوٹھی بیچ کر دس مرلے کے عوامی طرز کے محلے میں آ گئے۔ جب عقل سے کچھ پلے نہ پڑا تو پیروں فقیروں کے ہاں چلے گئے کہ شاید کوئی دعا ہاتھ لگ جائے اور بگڑی ہوئی زندگی پھر سے سنور جائے۔ باقی ماندہ کاروبار بیچ کر اور کچھ دیگر پراپرٹی کو رہن رکھ کر بینک سے قرضہ لیا اور چھوٹے بیٹے کو ایک نیا کاروبار کر کے دیا۔

اس کے پارٹنر دوست نے دغا کیا اور اکثر پیسہ ڈوب گیا۔ شیخ صاحب ساٹھ سال کی عمر میں چارپائی سے لگ گئے۔

ایک دن ایک پرانا جاننے والا ملنے آیا، حالات دیکھے تو بہت افسوس کیا۔ کہا شیخ صاحب انڈیا سے ایک بزرگ آئے ہوئے ہیں، بہت بڑے اللہ والے ہیں، داتا صاحب کے پاس ہی ایک مکان میں ان کا چند دن کا قیام ہے، اگر ان کے پاس سے دعا کروالیں تو اللہ کرم کرے گا۔

شیخ صاحب فوراً تیار ہو گئے۔ اس مکان پر پہنچے، ملاقات کی، مسئلہ بیان کیا۔ انہوں نے آنکھیں بند کیں، کچھ دیر مراقبے کی کیفیت میں رہے، پھر آنکھیں کھولیں، شیخ کو دیکھا اور کہا: ''تم نے سلطان کو کیوں نکالا تھا؟''

شیخ کے سر پر گویا ایک قیامت ٹوٹ پڑی، آنکھوں سے آنسوؤں کی ایک نہ تھمنے والی لڑی جاری ہو گئی، شیخ بزرگ کے پاؤں میں گر گیا، معافیاں مانگنے لگا۔ بزرگ نے اسے کہا میری بات سنو۔ پروردگار رازق ہے، وہ رزق ضرور دے گا لیکن اس کا وسیلہ انسانوں کو ہی بنائے گا۔ اوپر سے نیچے آتے پانی کی تقسیم جس طرح نہروں نالوں کی طرح ہوتی ہے رزق کی تقسیم اسی طرح ہے۔

پروردگار کے نزدیک ہم میں سے ہر ایک شخص وسیلہ ہے کسی اور کے رزق کا۔ اگر آپ وسیلہ بننے سے انکار کرو گے تو تمہارے حصے کا وہ رزق جو اس وسیلے سے تمہیں بطور معاوضہ مل رہا تھا ختم ہو جائے گا۔

تمہیں لاکھوں کروڑوں سلطان کو پندرہ سو روپے دینے کے لیے ملتے تھے۔ تم نے وہ روک لیے، اوپر والے نے تمہارا معاوضہ ختم کر دیا۔ اب جاؤ اور سلطان کو ڈھونڈو، اگر وہ مان جائے، معاف کر دے تو تمہارے دن پھر جائیں گے۔

شیخ کی دنیا لٹ گئی، وہ سر پیٹتا گھر آیا پرانے کاغذات ڈھونڈتا رہا کہ شاید کہیں سلطان کا کوئی پتہ، کوئی شناختی کارڈ، کوئی اور معلومات مل سکیں۔ کچھ بھی نہ ملا تو شیخ دیوانہ وار سلطان کو ڈھونڈنے چکوال جانے والی بس میں بیٹھ کر چکوال چلا گیا، مگر سلطان نہ ملا۔

چھوٹا بیٹا ڈھونڈتا ڈھونڈتا چکوال اڈے پر آ پہنچا اور باپ کو واپس لاہور لے آیا۔ لیکن شیخ کے دل کا سکون ختم ہو گیا تھا۔ کچھ دن بعد شیخ پھر گھر سے غائب ہوا تو بیٹے کو معلوم تھا کہ کہاں ملے گا۔

وہ چکوال پہنچا تو دیکھا باپ زمین پر بیٹھا سر میں راکھ ڈال رہا تھا اور کہہ رہا تھا سلطان تم کہاں ہو، سلطان تم کہاں ہو۔ بیٹا خود روتا ہوا باپ کو واپس لے آیا۔ چند دن کے بعد شیخ کا انتقال ہو گیا۔

کالم نگار نے لکھا، میں نے اپنے دوست کو یہ پوری کہانی سنائی اور اسے کہا، چپڑاسی کو نہ نکالو، اس کا رزق تمہارے رزق سے جڑا ہے، اسے تو رب کہیں اور سے بھی دے دے گا کہ اس کے پاس وسیلہ بنانے کے لیے کسی چیز کی کوئی کمی نہیں لیکن کہیں ایسا نہ ہو کہ تم اس معاوضے والی نعمت سے محروم ہو جاؤ۔

مجھے یہ واقعہ پڑھے ہوئے تیرہ سال گزر گئے ہیں۔ آپ یقین کریں اس نے میری زندگی بدل دی۔ میں مالی معاملات میں بہت زیادہ محتاط ہو گیا۔ اگر کسی کے پاس دس بارہ رہ گئے تو نہیں مانگے کہ کہیں اوپر والے سے ملنے والا معاوضہ کم نہ ہو جائے۔

میں نے ڈھونڈ ڈھونڈ کر اور نیک نیتی سے وسیلہ بننے کی کوششیں بھی کیں، میں جو بھی مستحق ہیں ان کا خیال رکھنے کی کوشش کی۔ میں ان تیرہ سالوں میں کبھی تنگ دست نہیں ہوا۔ ایک سے بڑھ کر ایک وسیلہ ملتا گیا اور میں آگے بڑھتا رہا۔ (سبحان اللہ)

تنگیِ رزق کے اسباب

قرآن و حدیث کی روشنی میں

مرسلہ مولانا قاری ممتاز صاحب (جوہر آباد)

رزّاق وقسام اللہ کی ذات ہے

اللہ تعالی نے ہر مخلوق کے لیے رزق متعین کر دیا ہے؛ چناں چہ حق تعالی کا ارشاد ہے:

وفی السماء رزقکم وما توعدون فورب السماء والأرض إنه لحق مثل ما أنكم تنطقون۔

ترجمہ: اور آسمانوں میں تمہارا رزق ہے اور وہ بھی جس کا تم سے وعدہ کیا جا رہا ہے، پس آسمان وزمین کے رب کی قسم یہ یقیناً حق ہے اس بات کی طرح جسے تم بولتے ہو۔

لیکن رزق کی تقسیم کے اللہ تعالی نے مختلف معیار بنائے ہیں، کسی کو بڑی آسانی سے اس کا رزق حاصل ہو جاتا ہے، تو کوئی محنت ومشقت کی چکی میں پیس کر اپنا رزق پاتا ہے، غرض رزق حاصل کرنے کے مختلف طریقہ کار ہیں کچھ سہل ہیں اور کچھ انتہائی شاق، لیکن اللہ تعالی نے بندوں کو تلاش رزق کا حکم فرمایا ہے، اس کے لیے اسباب وعوامل بنائے ہیں جنھیں اختیار کر کے انسان اپنے حصے کا رزق پاتا ہے، چوں کہ دنیا دار الاسباب ہے یہاں وہی پائے گا جو محنت کرے گا، ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھ کر آسمان سے دستر خوان کے نزول کا انتظار کرنے والے کو سوائے حرماں نصیبی کے کچھ بھی حاصل نہ ہوگا۔

تلاش رزق کے لیے اسباب اختیار کرنا بالکل معیوب نہیں، بلکہ ایک مستحسن فعل ہے، حلال رزق کا متلاشی حق تعالی کا بڑا محبوب ہوتا ہے، چناں چہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

"والذی نفسی بیدہ لأن یأخذ أحدکم حبلہ فیحتطب على ظهره خير له من أن يأتي رجلا فيسأله أعطاه أو منعه"

ترجمہ: اگر کوئی شخص رسی سے لکڑیوں کا بوجھ باندھ کر اپنی پیٹھ پر جنگل سے اٹھالائے (پھر انہیں بازار میں بیچ کر اپنا رزق حاصل کرے) تو وہ اس شخص سے بہتر ہے جو کسی کے پاس آ کر سوال کرے۔ پھر جس سے سوال کیا گیا ہے وہ اسے دے یا نہ دے۔

حاصل یہ ہے کہ سچے دل سے حلال وطیب رزق کی جستجو کرنے والے کو کبھی محرومیوں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا ہے، مگر بسا اوقات کچھ ایسے اسباب و عوامل پیدا ہوتے ہیں جس کی بنا پر ہمارے رزق میں تنگی پیدا ہونے لگتی ہے یہ بھی من جانب اللہ ایک آزمائش ہی ہوتی ہے، ایسے وقت میں انسان کو ذیل میں بیان کردہ اسباب سے کامل اجتناب کرنا چاہیے، جس سے کہ اس کے رزق کی تنگی دور ہو، کیوں کہ یہ ایسے اسباب ہیں جن میں انسان مبتلا ہو جاتا ہے اور بعد میں شکوہ کناں ہو جاتا ہے کہ ہمیں مالی وسعت فراہم نہیں ہے اور ہم رزق کی تنگی کے شکار ہیں۔

گناہ اور معصیت میں مبتلا ہونا

معاصی و ذنوب ایسی چیزیں ہیں جن سے انسان دونوں جہاں کی بھلائی اور خیر سے محروم رہ جاتا ہے، اللہ تعالی نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا ہے:

وما أصابكم من مصيبة فبما كسبت أيديكم ويعفوا عن كثير"

ترجمہ: اور تمہیں جو مصیبت پہنچتی ہے وہ تمہارے ہاتھوں کی کمائی کی وجہ سے ہے اور وہ بہت کچھ تو معاف فرما دیتا ہے۔

اس آیت میں اس بات کی طرف صاف اشارہ ملتا ہے کہ انسان کو تنگی رزق کی مصیبت ان کے کرتوت کی بنا پر لاحق ہوتی ہے، یعنی انسان جب معاصی ومنکرات میں ملوث ہوتا ہے تو من جانب اللہ مختلف قسم کی مصیبتیں در آتی ہیں، چناں چہ تنگیِ رزق کی مصیبت بھی اسی وجہ سے آتی ہے، البتہ انسان جب توبہ واستغفار کرتا ہے تو پھر رزق کے دروازے کھلنا شروع ہو جاتے ہیں، چناں چہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:

"وَ يٰقَوْمِ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوْبُوْۤا اِلَيْهِ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا وَّ يَزِدْكُمْ قُوَّةً اِلٰى قُوَّتِكُمْ وَ لَا تَتَوَلَّوْا مُجْرِمِيْنَ"

ترجمہ: اے میری قوم! اپنے پروردگار سے گناہوں کی معافی مانگو، پھر اُس کی طرف رُجوع کرو، وہ تم پر آسمان سے موسلا دھار بارشیں برسائے گا، اور تمہاری موجودہ قوت میں مزید قوت کا اضافہ کرے گا اور مجرم بن کر منہ نہ موڑو۔

اس آیت کریمہ کی تفسیر میں علامہ قرطبی فرماتے ہیں کہ کثرت استغفار کی وجہ سے اللہ تعالیٰ رزق میں کشادگی پیدا فرما دیتے ہیں اور قحط سالی دور فرما دیتے ہیں۔

لہذا ہمیں چاہیے کہ ہر وقت اٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے استغفار کا خاص اہتمام کریں۔

قطع رحمی کرنا

قطع رحم بھی تنگی رزق کا بڑا سبب ہے، قطع رحم کا مطلب یہ ہے کہ رشتہ داروں کے حقوق کی پاسداری نہ کی جائے اور ان کے ساتھ خیر وبھلائی کا معاملہ نہ کیا جائے۔

انسان جب رشتہ داروں اور پڑوسیوں کے حقوق سے لاپرواہ ہو جاتا ہے تو اس کے رزق میں تنگی پیدا کردی جاتی ہے۔ چناں چہ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا آپ نے فرمایا:

"من سره أن يبسط عليه رزقه، أو ينسأ في أثره فليصل رحمه"

ترجمہ: جو اس بات کا خواہش مند ہو کہ اس کی روزی میں فراخی ہو اور اس کی عمر دراز کردی جائے، اسے چاہیے کہ صلہ رحمی کیا کرے۔

پس معلوم ہوا کہ صلہ رحمی کرنے سے بھی انسان کے رزق میں وسعت پیدا کردی جاتی ہے؛ لہٰذا اس جانب خاص توجہ مبذول کرنا چاہیے اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور بھلائی کا معاملہ کرنا چاہیے۔

اللہ تعالی پر بھروسہ اور توکل میں کمی

رزق کے حصول کے لیے اسباب جس قدر ضروری ہیں اسی قدر اللہ کی ذات پر بھروسہ اور امید بھی ضروری ہے کیوں کہ رزق دینے والی ذات تو فقط اللہ کی ہے؛ لہٰذا انسان اللہ تعالیٰ کے ساتھ جیسا گمان رکھے گا اللہ پاک اس کے ساتھ ویسا ہی فرمائیں گے، اگر انسان اللہ کی ذات سے رزق کی امید رکھے تو یقیناً اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں فراخی پیدا فرمائے گا۔

حدیث مبارک میں آتا ہے:

"لو أنكم كنتم توكلون على الله حق توكله لرزقكم كما يرزق الطير، تغدو خماصاً، وتروح بطاناً"

ترجمہ: اگر تم اللہ پر ویسے بھروسہ کرو جیسا کہ بھروسہ کرنے کا حق ہے تو تمہیں ایسے رزق دیا جائے جیسے پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے کہ وہ صبح خالی پیٹ نکلتے ہیں اور شام کو آسودہ ہو کر واپس لوٹتے ہیں۔

علامہ ابن رجب رحمہ اللہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں کہ انسان اگر صرف ظاہری اسباب کو اپنا کر تلاش رزق کے لیے جدوجہد کرے اور اللہ کی ذات پر امید و توکل نہ کرے، تو اس کے رزق میں تنگی پیدا کردی جاتی ہے، لیکن اگر انسان اسباب ظاہرہ کے ساتھ ساتھ اللہ پر کامل توکل بھی کرے تو اسے اس طرح رزق دیا جاتا ہے جیسے پرندوں کو دیا جاتا ہے، یعنی پرندے صبح سویرے خالی پیٹ محض اللہ کی ذات پر امید کرتے ہوئے تلاش رزق کے لیے نکلتے ہیں اور جب واپس لوٹتے ہیں تو ان کا پیٹ بھرا ہوا ہوتا ہے۔

مالی حقوق کی عدم ادائیگی

مال میں کچھ حقوق واجب ہوتے ہیں جن کی ادائیگی انسان پر لازم ہوتی ہے، عدم ادائیگی کی صورت میں مال سے برکت چھین لی جاتی ہے اور

تنگی مسلط کر دی جاتی ہے۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں:

"فأما من أعطى واتقى، وصدق بالحسنى، فسنيسره لليسرى، وأما من بخل واستغنى، وكذب بالحسنى، فسنيسره للعسرى"۔

ترجمہ: پس جس شخص نے مال دیا اور پرہیزگار بنا، اور سب سے اچھی راہ کو سچ جانا، تو بہت جلد ہم اسے آسانی مہیا کر دیں گے اور جس شخص نے بخل کیا اور لاپرواہ بنا اور سب سے اچھی راہ کو جھٹلایا، تو بہت جلد ہم اسے دشواری مہیا کر دیں گے۔

آیت کریمہ سے صاف ظاہر ہوا کہ اگر مالی حقوق یعنی زکوٰۃ، صدقہ [illegible] واجبہ کی ادائیگی میں بخل سے کام لیا جائے گا تو مالی تنگی اور [illegible] پڑے گی اور جو ان حقوق کو ادا کرے گا اللہ پاک اس کے لیے ہر چیز میں آسانی پیدا فرما دیں گے۔

پس ہمیں چاہیے کی زکات وصدقات کی [illegible] میں بے اعتنائی اور عدم توجہی سے کام نہ لیا جائے۔

حرام مال کمانا

اللہ پاک نے حلال رزق کمانے کے دنیا میں مختلف [illegible] دیے ہیں، اس کے باوجود اگر کوئی شخص حرام [illegible] تنگی مسلط کر دی جاتی ہے کیونکہ حرام مال کمانا [illegible] اللہ پاک نے قرآن کریم کے اندر صریح لفظوں میں انسانوں کو حرام مال سے خبردار کیا ہے اور حلال رزق کی جستجو کا حکم فرمایا ہے، چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

یاأیها الذین آمنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل إلا أن تکون تجارة عن تراض منکم۔

ترجمہ: اے ایمان والو! آپس میں باطل طریقے سے ایک دوسرے کے مال نہ کھاؤ، البتہ یہ ہو کہ تمہاری باہمی رضامندی سے تجارت ہو۔

آیت کریمہ میں صریح طور پر حرام مال کے کسب سے منع فرمایا گیا ہے اور حلال طریقے سے کسب رزق کی ترغیب دی گئی ہے۔

یتیم کا مال کھانا

یتیم کا مال کھانا بہت بڑا ظلم ہے، قرآن کریم میں اس پر سخت ترین وعید وارد ہوئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے:

"إن الذین یأکلون أموال الیتمى ظلما إنما یأکلون فی بطونهم نارا و یصلون سعیرا"

ترجمہ: بیشک جو لوگ ناجائز طریقہ سے یتیموں کا مال کھاتے ہیں، وہ اپنے پیٹ میں [illegible] آگ بھر رہے ہیں اور ایسے لوگ عنقریب بھڑکتی [illegible] داخل ہوں گے۔

یتیموں کا مال کھانا بے شک کبیرہ گناہ ہے اور آخرت میں اس کی بہت بڑی سزا ہے؛ تاہم دنیا میں [illegible] کے طور پر افراد پر رزق کی تنگی مسلط [illegible]

سود و رشوت خوری

اللہ تعالیٰ [illegible] فرماتے ہیں:

"[illegible] اللہ البیع وحرم الربوا"

ترجمہ: اور اللہ نے بیع کو حلال کیا ہے اور سود کو حرام قرار دیا ہے۔ سود [illegible] بڑے گناہوں میں سے ہے اور آج تقریباً دنیا کی اکثریت اس لعنت کی شکار ہے۔ مسلمانوں کو چاہیے کہ حتی الامکان اس گناہ سے اجتناب کریں کیونکہ رشوت وسود اور ہر وہ طریقہ جس سے حرام مال برآمد ہوتا ہو شریعت میں حرام ہے اور ان کی وجہ سے مالی وسعت ختم ہو جاتی اور رزق میں تنگی پیدا ہو جاتی ہے، زندگی مشکل ترین ہو کر رہ جاتی ہے۔

اگر ان مذکورہ اسباب سے انسان کنارہ کشی اختیار کرے اور حلال وجائز طریقے سے رزق حاصل کرے تو ان شاء اللہ تعالیٰ اسے اس کی زندگی میں رزق کی تنگی کی شکایت ہرگز نہ ہوگی۔

رزق میں برکت کے 10 اعمال

عبداللہ احمد

برکت کا مطلب دولت کی کثرت نہیں، بلکہ "کفایت" ہے، یعنی ضرورت کے لیے کافی ہو جانا۔ اے ابن آدم! میری عبادت میں منہمک رہو، میں تیرا دل غنا سے بھر دوں گا اور تمہاری محتاجی کا دروازہ بند کروں گا۔

برکت وہ چیز ہے جس کی ضرورت ہو اور پانی کی طرح ہر آدمی کو ہے۔ اس لیے کہ دنیا میں موجود ہر چیز اسباب راحت تو مہیا کر سکتی ہے، مگر راحت نہیں۔ دنیوی ترقی سے خوشی کے اسباب تو جمع کیے جاسکتے ہیں، مگر وہ اسباب خوشی عطا کرنے سے قاصر ہیں۔ ان اسباب کی کثرت تو ہمارے اختیار میں ہے، مگر ایسی برکت جس سے ہر حاجت پوری ہو جائے یا کم اسباب میں زیادہ کام ہو جائے، یہ صرف اللہ تعالیٰ کے عطا کرنے سے ہی حاصل ہوگی۔

قرآن وحدیث سے دس (10) ایسے اعمال پیش کیے جاتے ہیں، جن کو اختیار کرنے سے ان شاء اللہ ضرور برکت عطا ہوگی۔

۱......توبہ و استغفار

قرآن پاک میں کئی مقامات پر توبہ و استغفار کے ذریعے رزق میں برکت اور دولت میں فراوانی کا ذکر ہے۔ حضرت نوح علیہ السلام کا قول نقل کیا گیا ہے: "میں نے ان (قوم) سے کہا: اپنے رب سے معافی مانگو، بلاشبہ وہ بڑا بخشنے والا ہے، وہ تم پر خوب بارش برسائے گا، تمہیں مال و اولاد کی فراوانی بخشے گا، تمہارے لیے باغ پیدا کرے گا اور نہریں جاری کرے گا۔" (النوح، آیت: 10، 11) حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جو شخص بکثرت استغفار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ اسے ہر غم سے چھٹکارا اور ہر تنگی سے کشادگی عنایت فرماتے ہیں اور اسے ایسی راہوں سے رزق عطا فرماتے ہیں، جس کا اس کے وہم و گمان میں گزر تک نہیں ہوتا۔" (ابوداؤد: 1518)

توبہ و استغفار کی حقیقت یہ ہے کہ انسان گناہ کو گناہ سمجھ کر چھوڑ دے، اپنے کیے پر شرمندہ ہو، آئندہ ترک معصیت کا پختہ عزم کرے اور جہاں تک ممکن ہو اعمال خیر سے اس کا تدارک کرے۔ اگر اس گناہ کا تعلق حقوق العباد سے ہو تو اس کی توبہ کے لیے ایک شرط یہ بھی ہے کہ صاحب حق سے معاملہ صاف کرے۔ ان شرائط کے بغیر توبہ بے حقیقت ہے۔

۲......اللہ سے ڈرنا، گناہوں سے بچنا

"تقویٰ" اللہ کے احکام پر عمل اور شرعاً ممنوع چیزوں سے اجتناب کا نام ہے۔ تقویٰ ان امور میں سے ایک ہے، جن سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "جو اللہ سے ڈرے گا، اللہ اس کے لیے راہ نکال دے گا اور اس کو وہاں سے رزق دے گا، جہاں سے اس کو گمان بھی نہ ہو گا۔" (سورہ طلاق، آیت: 2، 3) دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اور اگر بستیوں کے لوگ ایمان لاتے اور تقویٰ اختیار کرتے، تو ہم آسمان و زمین کی برکتوں کے دروازے ان پر کھول دیتے، لیکن انہوں نے جھٹلایا اس لیے ہم نے ان کی کمائی کی پاداش میں ان کو پکڑ لیا۔" (سورۃ الاعراف: 96)

۳......عبادت میں انہماک

برکت کا مطلب دولت کی کثرت نہیں، بلکہ "کفایت" ہے، یعنی ضرورت کے لیے کافی ہو جانا۔ بہت سے لوگ کثرت مال کے باوجود معاشی تنگی کا شکار ہوتے ہیں اور معاشی طور پر بہت سے بہ ظاہر درمیانے درجے کے لوگ انتہائی اطمینان سے زندگی گزارتے ہیں۔ یہ فرق صرف برکت کی وجہ سے ہے۔ عبادت میں انہماک اس سے مراد یہ ہے کہ عبادت کے دوران بندے کا دل اور جسم دونوں حاضر رہیں۔ اللہ کے حضور میں خشوع و خضوع کا پاس رکھے۔ اللہ کی عظمت ہمیشہ اس کے دل و دماغ میں حاضر رہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بلاشبہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ اے ابن آدم! میری عبادت میں منہمک رہو، میں تیرا دل غنا سے بھر دوں گا اور تمہاری محتاجی کا دروازہ بند کروں گا، اگر تم نے ایسا نہیں کیا تو تمہارے ہاتھوں کو کثرت مشاغل سے

بھر دوں گا اور تمہاری محتاجی کا دروازہ بند نہیں کروں گا۔"

(ابن ماجہ، 4107)

۴......توکل علی اللہ

ارشاد باری ہے: "جو اللہ پر بھروسہ کرے گا تو وہ اس کے لیے کافی ہو گا، اللہ اپنا کام پورا کر کے رہتا ہے، اللہ نے ہر چیز کے لیے ایک اندازہ (وقت) مقرر کر رکھا ہے۔" (سورہ طلاق)

حضرت عمر ابن الخطاب رضی اللہ عنہ نے فرماتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اگر تم حسن وخوبی کے ساتھ اللہ پر توکل کرو، تو تمہیں اس طرح رزق دیا جائے گا جس طرح پرندوں کو رزق دیا جاتا ہے، وہ صبح کے وقت خالی پیٹ جاتے ہیں اور شام کے وقت آسودہ ہو کر لوٹتے ہیں۔" (مسند احمد:205) توکل کا مطلب یہ ہرگز نہیں ہے کہ کسب معاش کی تمام کوشش کو ترک کر دیا جائے اور ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھا رہا جائے۔ خود حدیث مذکور میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے پرندوں کی مثال پیش کی ہے کہ وہ تلاشِ رزق میں صبح سویرے نکل جاتے ہیں۔ پرندوں کا صبح سویرے اپنے آشیانوں سے نکلنا ہی ان کی کوشش ہے۔ ان کی انہیں کوششوں کی وجہ سے اللہ تعالیٰ ان کو شام کے وقت آسودہ و سیراب واپس کرتے ہیں، لہٰذا اسباب کا اختیار کرنا توکل کے خلاف نہیں ہے، بلکہ اسباب اختیار کرنا عین تقاضائے شریعت ہے۔

۵...اللہ کے راستے میں خرچ کرنا

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "اور جو کچھ تم خرچ کرو گے اس کا اجر اس کے پیچھے آئے گا اور اللہ بہترین رازق ہے۔" (سورۃ سبا:39)

دوسری جگہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: "شیطان تمہیں مفلسی سے ڈراتا ہے اور بے حیائی کے کاموں کی ترغیب دیتا ہے، مگر اللہ اپنی طرف سے مغفرت اور فضل (رزق میں کشادگی اور برکت) کا وعدہ کرتا ہے، اللہ بڑی وسعت والا اور بڑا علم والا ہے۔" (البقرہ:268)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: اے ابن آدم! خرچ کر، میں تیرے اوپر خرچ کروں گا۔" (ابن ماجہ)

۶...طالب علموں پر خرچ کرنا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے منقول ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں دو بھائی تھے۔ ایک بھائی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں علم و معرفت حاصل کرنے آیا کرتا تھا اور دوسرا بھائی کسب معاش میں لگا ہوا تھا۔ بڑے بھائی نے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے اپنے بھائی کی شکایت کی کہ میرا بھائی کسب معاش میں میرا تعاون نہیں کرتا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ ہوسکتا ہے کہ تمہیں اسی کی برکت سے رزق دیا جاتا ہو۔ (ترمذی)

۷...رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جسے وسعت رزق اور لمبی عمر کی خواہش ہو، اسے رشتہ داروں کے ساتھ اچھا برتاؤ کرنا چاہیے۔" (صحیح البخاری) حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جسے لمبی عمر، وسعت رزق اور بری موت سے چھٹکارا پانے کی خواہش ہو، اسے اللہ سے ڈرنا چاہیے اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک (صلہ رحمی) کرنا چاہیے۔ (مسند احمد)

صلہ رحمی کا جامع مفہوم یہ ہے کہ حسب گنجائش رشتہ داروں کے ساتھ خیر خواہی اور بھلائی کا معاملہ کیا جائے اور شر و فتن سے انہیں محفوظ رکھا جائے۔

۸...کمزوروں کے ساتھ حسن سلوک

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "بندوں کو ان کے کمزوروں کی وجہ سے رزق ملتا ہے اور ان کی مدد کی جاتی ہے۔ حضرت مصعب بن سعد رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ سعد نے دیکھا کہ انہیں دیگر لوگوں پر فضیلت حاصل ہے تو رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "کمزوروں کے

طفیل ہی تم کو رزق ملتا ہے اور تمہاری مدد کی جاتی ہے۔'' (بخاری)

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''تم لوگ میری رضا اپنے کمزوروں کے اندر تلاش کرو، کیوں کہ تمہیں کمزوروں کی وجہ سے رزق ملتا ہے اور تمہاری مدد کی جاتی ہے۔'' (مسند احمد)

9... یکے بعد دیگرے حج و عمرہ کرنا

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پے در پے حج و عمرہ کرو، کیوں کہ یہ فقر اور گناہوں کو اس طرح دور کر دیتے ہیں، جس طرح بھٹی لوہے، سونے اور چاندی کے میل کچیل کو دور کر دیتی ہے اور حج مبرور (مقبول) کا بدلہ صرف جنت ہے۔ (مسند احمد)

10... اللہ کے راستے میں ہجرت

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ''جو کوئی اللہ کی راہ میں ہجرت کرے گا وہ زمین میں بہت سے ٹھکانے اور بڑی وسعت پائے گا۔ (النساء) ہجرت دارالکفر (جہاں امورِ ایمان کی ادائیگی کی آزادی مسلوب ہو) سے دارالایمان کی طرف نکلنے کو کہتے ہیں۔ حقیقی ہجرت اس وقت ہوگی جب مہاجر کا ارادہ اللہ کا دین قائم کر کے اسے خوش کرنا ہو اور ظالموں کے خلاف مسلمانوں کی مدد کرنی ہو۔ اس قسم کی ہجرت مخصوص حالات میں کی جاتی ہے۔ تاہم ہجرت کی ایک اور صورت ہر وقت انسان کے لیے ضروری ہے۔ وہ گناہوں کی دنیا سے نیکیوں کے جہان کی طرف منتقل ہونا۔ اس ہجرت پر بھی ان شاء اللہ اللہ تعالیٰ ہمارے رزق میں کشادگی اور برکت عطا فرمائیں گے۔

یہ وہ دس اصول ہیں جن کے بارے میں قرآن و حدیث میں وضاحت ہے کہ ان سے بندہ کے رزق میں اضافہ ہوتا ہے اور اس کی تنگی دور کر دی جاتی ہے۔ لیکن انسان کو ہمیشہ یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ اصل بے نیاز تو اللہ کی ذات ہے۔ انسان کی بے نیازی یہ ہے کہ وہ اس غنی ذات کے سوا پوری دنیا سے بے نیاز ہو جائے اور یہ سمجھ لے کہ جو کچھ اسے ملے گا اسی سے ملے گا، غیر کے آگے ہاتھ پھیلانا بے کار ہے۔ خدا کی رزاقیت و کارسازی کا یقین دلوں کو قناعت و طمانیت کی دولت سے مالا مال کرتا ہے۔ قانع شخص کسی کے زر و جواہر پر نظر نہیں رکھتا، بلکہ اس کی نگاہ ہمیشہ پروردگار عالم کی شان ربوبیت پر رہتی ہے۔ مال و دولت کی حرص کا خاتمہ نہیں ہوتا، اس لیے قناعت ضروری ہے، کیوں کہ یہی باعث سکون و اطمینان ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ مالداری مال و اسباب کی کثرت کا نام نہیں، بلکہ اصل مالداری دل کی مالداری ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ راوی ہیں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ ''ابوذر! تمہارے خیال میں مال کی کثرت کا نام تونگری ہے؟'' میں نے عرض کیا: جی ہاں! پھر فرمایا: تو تمہارے خیال میں مال کی قلت کا نام محتاجی ہے؟ میں نے کہا: ''جی ہاں!'' آپ نے فرمایا: ''استغنا دل کی بے نیازی ہے اور محتاجی دل کی محتاجی ہے۔'' (فتح الباری) (بشکریہ جنگ، روزنامہ شریعہ اینڈ بزنس)

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کے لیے مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ کی مستند مجرب لاجواب تمام کتب

5	4	3	2	1
اعمال ناسوتی قیمت: 312 روپے	بچوں کے نام رکھنے کا فن قیمت: 810 روپے	سورہ یٰسین کی عظمت قیمت: 360 روپے	اعداد کا جادو قیمت: 600 روپے	آیت الکرسی کی عظمت و افادیت قیمت: 360 روپے
10 مجموعہ آیات قرآنی قیمت: 360 روپے	**9** سورہ مزمل کی عظمت و افادیت قیمت: 480 روپے	**8** علم الاسرار قیمت: 690 روپے	**7** بسم اللہ کی عظمت و افادیت قیمت: 480 روپے	**6** اعمال حزب البحر قیمت: 324 روپے
15 پتھروں کی خصوصیات قیمت: 600 روپے	**14** جانوروں سے [illegible] فائدے قیمت: 600 روپے	**13** تعلقات اعداد قیمت: 600 روپے	**12** علم الحروف قیمت: 480 روپے	**11** کشکول عملیات قیمت: 750 روپے
20 تحفۃ العاملین قیمت: 1080 روپے	**19** کرشمۂ اعداد قیمت: 504 روپے	**18** سورۂ فتح کی عظمت و افادیت قیمت: 480 روپے	**17** سورہ رحمٰن کی عظمت و افادیت قیمت: 600 روپے	**16** اسمائے حسنیٰ کے ذریعے علاج (اول، دوم) قیمت: 2280 روپے
	23 مشکلات کا روحانی حل قیمت: 480 روپے	**22** اعداد بولتے ہیں قیمت: 840 روپے	**21** اعداد کی دنیا قیمت: 660 روپے	

عاملین و شائقین علوم روحانیہ کیلئے ماہنامہ طلسماتی دنیا کے تمام خاص نمبر

(مدیر: مولانا حسن الہاشمی رحمہ اللہ)

5	4	3	2	1
حاضرات نمبر قیمت: 1350 روپے	ہمزاد نمبر قیمت: 1350 روپے	شیطان نمبر قیمت: 1350 روپے	جادو ٹونا نمبر قیمت: 1180 روپے	جنات نمبر قیمت: 880 روپے
10 رد اثرات نمبر قیمت: 840 روپے	**9** روحانی مسائل نمبر قیمت: 1090 روپے	**8** امراض جسمانی نمبر قیمت: 1260 روپے	**7** روحانی ٹوٹکے نمبر قیمت: 1000 روپے	**6** مجرب عملیات نمبر قیمت: 1260 روپے
15 عملیات محبت نمبر قیمت: 1350 روپے	**14** درود و سلام نمبر قیمت: 920 روپے	**13** موکلات نمبر قیمت: 1350 روپے	**12** پراسرار تحریریں قیمت: 780 روپے	**11** استخارہ نمبر قیمت: 840 روپے
20 اعمال قمر نمبر قیمت: 1350 روپے	**19** امراض روحانی نمبر قیمت: 1000 روپے	**18** علم جفر نمبر قیمت: 920 روپے	**17** دست غیب نمبر قیمت: 1350 روپے	**16** خوفناک واقعات نمبر قیمت: 840 روپے
25 سلور جوبلی نمبر قیمت: 1350 روپے	**24** خاص الخاص نمبر قیمت: 1000 روپے	**23** دفینہ نمبر قیمت: 1260 روپے	**22** جنش نمبر قیمت: 1350 روپے	**21** عملیات اکابر نمبر قیمت: 1260 روپے

خوشخبری عاملین، شاگرد، اساتذہ حضرات 3 کتب یا خاص نمبر اکٹھے خریدنے پر خصوصی 20% ڈسکاؤنٹ حاصل کریں

حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمۃ اللہ

معاشی مسائل کے روحانی حل

غنا

یَاوَهَّابُ بعد نماز عشاء اس طرح پڑھے کہ اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) بار درود شریف پڑھے اور درمیان میں چودہ سو چودہ (1414) بار اسم مذکور اور بعد میں سو (100) بار یہ دعا پڑھے یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ۔ (اس عمل کا نام حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب ؒ کیمیائے درویشاں فرمایا کرتے تھے)۔

ادائے قرض کے لئے

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِی الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِیَدِكَ الْخَیْرُ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (ال عمران:۲۶)

ادائے قرض کے لیے سات (7) بار صبح شام پڑھ لیا کرے تو ان شاء اللہ قرض ادا ہو جائے گا۔

فراخی رزق کے لئے

ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَیْكُمْ مِّنْ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا یَّغْشٰی طَآىِٕفَةً مِّنْكُمْ وَطَآىِٕفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ یَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَیْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِیَّةِ یَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَیْءٍ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ یُخْفُوْنَ فِیْ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا یُبْدُوْنَ لَكَ یَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِیْ بُیُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِیْنَ كُتِبَ عَلَیْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰی مَضَاجِعِهِمْ وَلِیَبْتَلِیَ اللّٰهُ مَا فِیْ صُدُوْرِكُمْ وَلِیُمَحِّصَ مَا فِیْ قُلُوْبِكُمْ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ (ال عمران:۱۵۴)

کشائش رزق کے لئے اس آیت کو مہینے کے پہلے جمعہ سے چالیس (40) جمعہ تک بعد مغرب کے گیارہ (11) مرتبہ پڑھے۔

غنی اور تونگر ہونا

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِی الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِیْهَا مَعَایِشَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ (الاعراف:۱۰)

ہر جمعہ کے بعد کاغذ پر لکھ کر کوئیں میں ڈالتا جاوے۔ امید قوی ہے کہ ان شاء اللہ تعالیٰ اس عمل سے غنی و تونگر ہو جائے گا۔

تجارت میں نفع و ترقی

اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ فَیَقْتُلُوْنَ وَیُقْتَلُوْنَ وَعْدًا عَلَیْهِ حَقًّا فِی التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْاٰنِ وَمَنْ اَوْفٰی بِعَهْدِهٖ مِنَ اللّٰهِ فَاسْتَبْشِرُوْا بِبَیْعِكُمُ الَّذِیْ بَایَعْتُمْ بِهٖ وَذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ (التوبہ:۱۱۱)

اس آیت کو مال تجارت میں رکھے تو موجب بہتری اور ترقی کا ہوگا۔

رزق کی زیادتی

اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (الشوریٰ:۱۹)

زیادتی رزق کے لئے بعد نماز کے کثرت سے پڑھا کرے۔

کشائش رزق کے لئے

پوری سورۂ مزمل (پ ۲۹)

کشائش رزق کے لیے مفید ہے۔ اس کی ترکیب یہ ہے ایک چلہ تک ہر روز وقت معین پر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر گیارہ سو گیارہ (1111) مرتبہ "یَامُغْنِیْ" پڑھے۔ بعد گیارہ (11) مرتبہ سورۂ مزمل کو پڑھے اور آخر میں گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھ لے۔ جو اس عمل کو کرے گا، اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی طرح طرح سے امداد فرمائے گا۔

رزق سے متعلق اعمالِ بزرگانِ دین

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حجۃ الاسلام امام محمد غزالی رحمہ اللہ

رزق اور تونگری کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
فَرْدٌ حَيٌّ قَيُّوْمٌ حَكَمٌ عَدْلٌ قُدُّوْسٌ
سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا (الطلاق:۷)
وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (ال عمران:۲۷)
فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ (العنکبوت:۱۷)
وَاَعْتَدْنَا لَهَا رِزْقًا كَرِيْمًا (الاحزاب:۳۱)
فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ (ال عمران:۱۷۴)
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (لقمٰن:۲۶)
لکھ کر گلے میں ڈالیں اور یہی پڑھنے کو دیں۔ (خ)

بھوک پیاس سے دور رہنے کے لیے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
فَرْدٌ حَيٌّ قَيُّوْمٌ حَكَمٌ عَدْلٌ قُدُّوْسٌ
سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا (الطلاق:۷)
اَلَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ وَيَسْقِيْنِ (الشعرآء:۷۹)
وَسَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُوْرًا (الدهر:۲۱)
لکھ کر گلے میں ڈالیں اور یہی پڑھنے کو دیں۔ (خ)

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ

ترقی و افزائش رزق

حضرت خواجہ غریب نواز رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا "جو شخص فرض نمازوں کے بعد تین (3) مرتبہ سورۂ اخلاص اور تین (3) مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک (1) مرتبہ یہ آیت پڑھے گا:

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (الطلاق:۲-۳)

اور آسمان کی طرف پڑھ کر پھونک دے تو حق تعالیٰ اس کو تین (3) نعمتیں عطا فرمائے گا۔ اوّل درازی عمر، دوم مال و دولت کی کثرت اور سوم جنت میں بے حساب داخل ہوگا۔"

حضرت شیخ محمد محدث تھانوی قدس سرہ

تنگدستی سے چھٹکارے کا علاج، رزق میں اضافہ

جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ جس شخص کی روزی کا باب تنگ ہوگیا اور وہ چاہے کہ روزی مجھ کو آسانی سے میسر آوے تو لازم ہے کہ صبح و شام تین (3) مرتبہ اس دعا کو پڑھے۔ لکھا ہے کہ اس عمل کا اثر یہ ہے کہ سات پشت خلق کی محتاج نہ ہوگی اور اللہ کی مدد شامل حال رہے گی۔ خلوص دل کے ساتھ پڑھیں۔ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِيَآءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ (جاثیہ:۳۶-۳۷)

عمل تنگی معاش دور کرنے کا

وقت مقرر کر کے کلمہ تمجید پانچ سو (500) مرتبہ روزانہ پڑھنا چاہیے۔ اوّل آخر درود شریف گیارہ (11) مرتبہ۔ کلمہ تمجید یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

حضرت مولانا محمد یعقوب نانوتویؒ

برائے ادائے قرض

اَلَمْ نَشْرَح پوری سورت اکہتر (71) مرتبہ بوقتِ مقررہ پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض سے جلد خلاصی ہوگی۔

مولانا الحاج حافظ رشید احمد گنگوہی قدس سرہ العزیز

کشائش رزق کے لیے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ (ال عمران:۱۷۳)

پانچ سو (۵۰۰) مرتبہ نماز عشاء کے بعد سوتے وقت پڑھنے کے لیے تعلیم فرماتے تھے۔ اور اگر اس وقت نہ ہو سکے تو جس وقت بھی ممکن ہو سکے اور ایک دفعہ نہ ہو سکے تو متفرق اوقات میں اس کو پورا کر کے ناغہ نہ کیا کریں اور اگر پانچ سو مرتبہ نہ ہو سکے تو سو (۱۰۰) مرتبہ ضرور پڑھ لیا کریں۔ اور اگر سائل بہت ہی زیادہ پریشانی میں مبتلا ہوتا تو تعداد بڑھا دیتے اور یوں فرمایا کرتے تھے کہ "چلتے پھرتے، اٹھتے بیٹھتے، وضو بے وضو اس کو جتنا ہو سکے، پڑھتے رہو۔" سینکڑوں لوگوں نے اس پر عمل کیا اور کامیاب ہوئے۔

حضرت مولانا شاہ عبدالقادر رائے پوری

برائے خلاصی از قرض

پوری سورۂ نصر چالیس (۴۰) مرتبہ فجر کی نماز کے بعد پڑھنا بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔

مولانا محمد یاسین صاحب رحمۃ اللہ علیہ

دیگر برائے کشائش رزق

سورۃ "اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ" پوری سورت صبح کی نماز کے بعد اکیس (21) مرتبہ اور اتنی ہی مرتبہ درود شریف، پھر نماز ظہر کے بعد بائیس (22) مرتبہ یہ سورت اور بائیس (22) ہی مرتبہ درود شریف، پھر عصر کے بعد تئیس (23) مرتبہ یہ سورت اور تئیس (23) ہی مرتبہ درود شریف، پھر مغرب کے بعد چوبیس (24) مرتبہ اور عشاء کے بعد پچیس (25) مرتبہ یہی معمول پورا کریں۔

وسعت رزق کے لیے

صبح کی نماز کے بعد ستر (70) مرتبہ یہ آیت پڑھے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ (الشوریٰ:۱۹)

فقیہ العصر حضرت مولانا محمد فرید رحمہ اللہ

فراخی رزق کے لئے

سورۃ القریش اول و آخر تین (3) مرتبہ درود شریف، صبح و شام دس (10) مرتبہ پڑھنا ہے۔ اگر فرصت ہو تو سو (100) مرتبہ پڑھنا ہے۔

حضرت مفتی محمود حسن گنگوہی رحمۃ اللہ علیہ

رزق کی کشادگی نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ (لقمٰن:۲۶)

رزق کی کشادگی اور کاروبار کی ترقی کے لئے یا نیا کاروبار شروع کرنے کے لیے اس آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس (۱۴۱) مرتبہ پڑھیں۔

حضرت مولانا شاہ ابرارالحق رحمہ اللہ

رزق کی تنگی دفع کرنے کے لیے

ارشاد فرمایا کہ رزق کی تنگی دفع کرنے کے لیے تین سو آٹھ (308) مرتبہ "حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ" پڑھ لیا کریں۔ اور ہر فرض نماز کے بعد اور جمعہ کے دن مغرب سے پہلے قبل دعا کی قبولیت کا وقت ہے، خوب دعاء کریں۔ دل کو حاضر کریں کیوں کہ دُعا دل کی پکار کا نام ہے۔

(مجالس ابرار صفحہ: ۴۸۰)

الشیخ مولانا سید عبدالوہاب شاہ بخاری

سورۃ الواقعہ اور رزق

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول پاک ﷺ سے سنا کہ جو شخص ہر رات کو سورۃ الواقعہ پڑھے، اسے کبھی فاقہ نہ ہوگا (غربت کی نوبت نہ آئے گی)۔ چنانچہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے اپنی لڑکیوں کو کہہ دیا ہے کہ وہ ہر رات پڑھا کریں۔

(مشکوۃ ص ۱۸۹، ابن سنی ص ۲۳۰)

وسعت رزق کے لیے سورۂ فاتحہ اور اخلاص کا عمل

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا "جو اپنے گھر داخل ہوتے وقت سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص پڑھے گا، اس سے تنگدستی دور ہو جائے گی اور فراوانی خوشحالی آ جائے گی۔ یہاں تک کہ اپنے پڑوسیوں پر بھی بہائے گا۔" (الدرالمنثور ۶/۶۷۷)

حضرت ڈاکٹر سید محمد مظاہر اشرف رحمہ اللہ

تنگدستی دور کرنے کیلئے

جو تنگدستی سے پریشان ہو، وہ سات (7) روز تک ایک ہزار (1000) مرتبہ صبح یا شام آیت قطب پڑھے، پھر سجدہ میں دعا کرے۔ ان شاء اللہ تونگر ہو جائے گا۔

الشیخ العارف نجم الدین البحرینی

رزق لانے کے لیے

مہینے کی پہلی جمعرات کو نماز فجر کے فوراً بعد ایک ہی نشست میں ان آیت کی تیرہ سو (1300) مرتبہ تلاوت کریں۔ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر پڑھنا شروع کر دینا ہے۔ اور باقی دنوں میں آپ اپنے نام کے عدد کے برابر آیات پڑھتے رہیں۔ مثلاً نام علی ہے تو پہلے دن کے علاوہ ہر صبح ایک سو دس (110) مرتبہ پڑھنا ہے۔ آیت یہ ہے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ

نوٹ: (2) آیات کے حصے اس عمل میں پڑھنے ہیں۔

حضرت ابن کلیم احسن نظامی چشتی رحمہ اللہ

کاروبار میں ترقی اور برکت

اگر دکان پر اس سورت کو روزانہ کثرت سے پڑھا جائے تو کاروبار میں ترقی اور برکت ہوگی۔

روزی میں وسعت کے لیے

یَا بَاسِطُ یَا مُنْعِمُ کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

حصول دولت کے لیے

یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُ کا پڑھنا بہت مفید ہے۔

روحانی علاج اور عملیات میں استعمال ہونے والی اشیاء برائے عاملین و عوام

ذیل میں ان اشیاء کی مختصر فہرست دی جا رہی ہے، جن کی ضرورت روحانی معالجین اور عاملین کو روحانی علاج کرنے میں ہوتی ہے۔

تعویذات/الواح لکھنے کے لیے

زعفران: زعفران کا استعمال روحانی علاج میں کثرت سے ہوتا ہے۔ زعفران کئی اقسام کے ہوتے ہیں۔ زعفرانی روشنائی سے لکھے گئے تعویذات/الواح میں روشنائی کی نسبت تاثیر زیادہ ہوتی ہے۔

عنبر: زعفرانی روشنائی میں عنبر ملا کر جو تعویذات/الواح لکھے جاتے ہیں ان کی تاثیر صرف زعفران والوں سے زیادہ ہوتی ہے۔

مشک نافہ: اس کو زعفرانی روشنائی میں ملا کر جو تعویذات/الواح لکھے جاتے ہیں، ان کی تاثیر سب سے زیادہ ہوتی ہے۔

زعفرانی روشنائی: ہر اعمال خیر کے لیے [illegible] روشنائی۔

اعمال شر کے لیے خاص سیاہی: [illegible] تباہی و بربادی وغیرہ کے مقاصد کے لیے خاص سیاہی۔

تعویذات/الواح جن پر لکھے جاتے ہیں

بھوج پتر: بھوج پتر عموماً اعمال شر کے لیے خاص ہے۔ بغض و عداوت اور جدائی کے اعمال اس پر تیار کرنے سے تاثیر [illegible] کسی خاص مقاصد کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

ہرن کی جھلی: ہرن کی جھلی خاص خاص عملیات محبت، تسخیر، شادی، فتح نامہ، وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں استعمال ہوتی ہے۔ کاغذ کی نسبت اس پر لکھے گئے تعویذات/الواح کی تاثیر بہت زیادہ ہوتی ہے۔

ہرن کی کھال: ہرن کی کھال خاص قسم کے تعویذات لکھنے میں استعمال ہوتی ہے۔ خاص کر محبت، ترقی، بلندی مرتبہ، دنیاوی عروج، تسخیر، شادی، فتح نامہ وغیرہ کے اعمال تیار کرنے میں۔

کاغذ: مختلف اقسام کے کاغذ پر مختلف مقاصد کے لیے تعویذ لکھے جاتے ہیں۔ وزن کے حساب سے کاغذ دستیاب ہیں۔

• [illegible] چھڑکنے والے تعویذات۔ جن میں پانی کا استعمال ہو اور [illegible] پانی میں حل ہونا مقصود ہو۔

• [illegible] والے تعویذات لکھے جاتے ہیں۔ جسم پر مل کر [illegible] میں جلا نا، بتی بنا کر سونگھنا وغیرہ۔

• سفید [illegible] گلے میں پہننے والے، [illegible] والے، دبانے والے وغیرہ۔ ایسے تعویذ جن میں پانی کا استعمال نہ ہو اور نہ ہی جلانا مقصود ہو۔

[illegible] بہت [illegible] ہوتا ہے۔ یہ عموماً بڑے تعویذات لکھنے میں [illegible] ہوتا ہے [illegible] قرآنی سورتیں۔ اس کو جب موم جامہ کرتے ہیں تو اس [illegible] بہت چھوٹا بنتا ہے جبکہ اگر سفید کاغذ کو کیا جائے تو وہ بہت موٹا ہو جاتا ہے۔ یہ پہننے والے تعویذات کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

نورانی پیالے

روحانی علاج میں استعمال ہونے والے نورانی پیالے جن سے ہر کوئی فیض اٹھا سکتا ہے۔ مختلف سورتوں، آیات اور کلام ان پیالوں میں لکھا (کھدا) ہوتا ہے۔ اس میں پانی ڈال کر رکھنے سے اس پانی میں روحانی تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ جیسا کلام، ویسا ہی فائدہ ہوتا ہے۔ درج ذیل پیالے مختلف سائز میں دستیاب ہیں: آیات شفاء ٭ سورۃ مزمل ٭ سورۃ یاسین ٭ سورۃ مریم ٭ سورۃ رحمن ٭ چاروں قل ٭ نادعلی۔

برائے روزینہ

مندرجہ ذیل تسبیح چالیس(40) دن تک بعد نماز صبح یا بعد نماز عشاء، ایک تسبیح پڑھے: اِلٰهِیْ اَحَدِیْ صَمَدِیْ مِنْ عِنْدِكَ مَدَدِیْ یَامُنْتَهٰی طَلَبِیْ عَجِّلْ فَرَجِیْ بِحَقِّ عَرَبِیْ صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ۔

برائے استغنا، ظاهری وباطنی

اول وآخر درود شریف گیارہ(11) مرتبہ درمیان میں "یَامُغْنِیْ" کو تین ہزار ایک سو پچیس(3125) مرتبہ ہر روز عشاء کی نماز کے بعد چالیس(40) یوم تک پڑھا جائے۔ چالیس(40) یوم بعد زکوۃ پوری ہوگی۔ اس کے بعد گیارہ(11) مرتبہ "یَامُغْنِیْ"، اول وآخر تین تین(3،3) مرتبہ درود شریف، ہمیشہ پڑھتے رہیں۔ ان شاء اللہ کام ہو جائے گا۔

برائے استغنا، ظاهری وباطنی

اول وآخر گیارہ گیارہ(11،11) مرتبہ درود شریف اور اسم "اَللّٰهُ الصَّمَدُ" تین ہزار ایک سو پچیس(3125) مرتبہ چالیس(40) دن تک پڑھے۔ چلہ کے بعد روزانہ بعد از عشاء، پانچ سو(500) مرتبہ پڑھا کرے، اول وآخر درود شریف۔ دوام اختیار کریں۔

فراخی رزق

ہر روز سورۂ مزمل فجر کی سنتوں کے بعد فرضوں سے پہلے ایک(1) مرتبہ پڑھے اور ہر نماز کے بعد دو(2) مرتبہ پڑھے، ان شاء اللہ مقصد حاصل ہوگا۔

فراخی رزق

ہر نماز کے بعد سورۂ واقعہ پانچ(5) مرتبہ پڑھا کریں۔ اول وآخر تین(3،3) مرتبہ درود ابراہیمی۔

فراخی رزق

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ۔

ہر روز بعد از نماز عشاء، پانچ سو(500) مرتبہ، اول وآخر درود شریف، بلاناغہ کریں، مجرب ہے۔

فتوحات کے دروازے کھل جائیں

حضرت لاہوری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جو شخص ہر روز سورۂ والضحیٰ کو ایک سو(100) بار پڑھے، فتوحات کے دروازے کھلیں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَالضُّحٰی ① وَالَّیْلِ اِذَا سَجٰی ② مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰی ③ وَلَلْاٰخِرَةُ خَیْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰی ④ وَلَسَوْفَ یُعْطِیْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰی ⑤ اَلَمْ یَجِدْكَ یَتِیْمًا فَاٰوٰی ⑥ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا فَهَدٰی ⑦ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰی ⑧ فَاَمَّا الْیَتِیْمَ فَلَا تَقْهَرْ ⑨ وَاَمَّا السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ⑩ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ ⑪

معاش سے متعلق عملیات

حضرت صوفی غلام سرور شاہ مدظلہٗ (حویلی لکھا)

تنگی ختم.....فراخی رزق

جو کوئی شخص بسم اللہ شریف کو روزانہ رات کو سونے سے قبل کیس (21) مرتبہ پڑھے اور پھر کسی سے بات چیت کئے بغیر سو جائے تو اس کی ہر قسم کی تنگی ختم ہو جائے گی اور اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے رزق کو وسیع فرمائے گا۔

خسارہ دکان/کاروبار ختم کرنے کے لیے

اگر کسی کی دکان یا کاروبار خسارے میں جا رہا ہو تو اسے چاہیے کہ صبح اٹھ کر اپنی دکان یا کاروبار کی جگہ پر آئے تو سب سے پہلے درود شریف بامعہ گیارہ (11) بار پڑھے۔ پھر سورۃ نصر دس (10) بار پڑھا کرے۔ پھر دعا کرے۔ پھر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھے اور دعا کرے۔ اور اپنے کام میں مصروف ہو جائے۔ ان شاء اللہ، بہت جلد تنگی دور ہو جائے گی۔ اور دکان و کاروبار خوب چلے گا۔ کم از کم ایک (1) ہفتہ تک اس عمل کو ضرور کرے۔ اگر اس عمل کو روزانہ پڑھے اور اسے اپنا معمول بنا لے تو ان شاء اللہ، چند برسوں میں غنی ہو جائے گا۔ کامل اعتقاد شرط ہے۔

خرید و فروخت معطل کرنا

اگر سورۂ عصر کو کسی سیاہ تانبے کی تختی پر بروز ہفتہ ساعت زحل میں کندہ کر کے کسی دکان، حمام یا کاروبار کی جگہ دفن کر دیا جائے تو وہاں خرید و فروخت معطل ہو جائے گی اور کاروبار بند ہو جائے گا۔

برائے ادائیگی قرض

اگر کسی پر قرض کا بوجھ بڑھ گیا ہو تو اسے چاہیے کہ نماز عشاء پڑھ کر اسی جگہ پر سورۂ نصر کو اکتالیس (41) بار روزانہ، اکتالیس (41) روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض سے سبکدوش ہو جائے گا۔ مجرب و اکثیر الاثر ہے۔

اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) بار درود شریف ضرور پڑھیں کیونکہ درود شریف کے بغیر کوئی دعا قبول نہیں ہوتی اور درود شریف سے دعا کو روحانی پر لگ جاتے ہیں اور دعا جلد قبول ہوتی ہے۔

کھیتی باڑی میں برکت ہو

اگر کھیتی باڑی کی حفاظت اور خیر و برکت کے لیے بسم اللہ شریف ایک سو ایک (101) مرتبہ لکھ کر موم جامہ کر کے کھیتی میں دفن کر دیں تو کھیتی باڑی ہر طرح کی آفت سے محفوظ رہے گی اور اللہ تعالیٰ اس میں خیر و برکت ڈال دے گا۔

مچھلی جال میں بہت زیادہ آئیں

اگر تانبے کی لوح پر بسم اللہ شریف لکھ کر مچھلی کے شکاری کے جال میں آویزاں کر دیں تو اس جال میں مچھلیاں بہت زیادہ آئیں گی۔

مالدار ہونے کے لیے

اگر اس نقش مبارک کو شرف شمس کے وقت تحریر کر کے ایسا شخص اپنے پاس رکھے جس کی روزی رزق میں تنگی ہو تو ایک سال گزرنے سے پہلے خداوند تعالیٰ اس شخص کو اتنا رزق عطا فرمائے گا کہ وہ مالدار ہو جائے گا۔

نقش یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۞ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۞ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۚ (ابراهيم: ۳۲-۳۴)

خیر و برکت کے لیے

اگر بسم اللہ الرحمن الرحیم کو کسی کاغذ پر پینتیس (35) بار لکھ کر گھر میں لٹکا دیا جائے تو شیاطین اس گھر میں داخل نہ ہو سکیں گے۔ اور بے حد برکت حاصل ہوگی۔ اور دکان میں لٹکا دیا جائے تو بہت نفع ہوگا۔ اور لوگوں کی

رغبت بڑھے گی۔

رزق میں کشادگی اور قرض سے نجات

جب شمس برج حمل میں آئے تو تین سو ساٹھ (360) مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم کسی سفید کاغذ پر لکھ کر جو اپنے پاس رکھے، اللہ تعالیٰ اس کے رزق میں کشادگی پیدا فرمائے اور قرض سے نجات بخشے۔

تنگ حالی ختم کرنے کا عمل

اگر تنگ حال آدمی بسم اللہ الرحمن الرحیم کو ایک سو اکیس (121) بار ہرن کی جھلی پر مشک و زعفران سے لکھے اور قسط، میعہ سائلہ، لبان جاوی کی دھونی دے کر اپنے پاس رکھے تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کشادہ کرے گا۔

سورۂ حجر کے خواص کشائش (رزق کا خاص عمل)

جو شخص کشائش رزق اور کاروبار میں خیر و برکت اور ترقی کاروبار کے لیے اور کاروباری لوگوں میں عزت و احترام کے لیے سورہ حجر کو کسی سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے، ان شاء اللہ مقصد پورا ہوگا۔

زیادتی رزق

اگر کوئی شخص چاہے کہ اس کے رزق میں زیادتی ہو۔ اور تمام کاموں میں آسانی ہو۔ تو وہ اسم ذات "اللہ" کو پانچ ہزار (5000) مرتبہ پڑھے پھر ایک ہزار (1000) مرتبہ "یا حی یا قیوم" پڑھے، ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔

رزق کشادہ ہو

وَصَلَّيْتُ فِي الثَّانِيْ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ
مُحَمَّدٌ مَنْ زَاحَ الضَّلَالَةِ وَالْغَثْ

اگر کوئی معاشی بدحالی کا شکار ہو، حالات پریشان کن ہوں تو اسم باری تعالیٰ "باسط ودود" کا ایک (1) نقش مندرجہ ذیل طریقہ سے تحریر کرے اور اس کے چاروں طرف یہ شعر لکھے اور تعویذ بنا کر اپنے پاس رکھے۔ اور روزانہ اسم باری "باسط ودود" کو بانوے (92) مرتبہ پڑھے اور شعر کو اکیس (21) مرتبہ۔ اس عمل کو ایک (1) سال تک جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس سال گزرنے سے پہلے اُس کے تمام امور آسان ہو جائیں گے، اُس کا رزق کشادہ ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ اُسے نیکی کی توفیق دے گا، اُس کے حالات سنور جائیں گے اور اللہ پاک اُسے غنی کر دے گا۔

نقش یہ ہے:

ب	ا	س	ط	و	د	و	د
ا	س	ط	و	د	و	د	ا
س	ط	و	د	و	د	ا	ب
ط	و	د	و	د	ا	ب	س
و	د	و	د	ا	ب	س	ط
د	و	د	ا	ب	س	ط	و
و	د	ا	ب	س	ط	و	د
د	ا	ب	س	ط	و	د	و

رزق کشادہ ہو

سَأَلْتُكَ بِالْاِسْمِ الْمُعَظَّمِ قَدْرُهٗ بِآجٍ
أَهُوْجٍ جَلَّ جَلْيُوْتُ جَلْجَلَتْ

اگر کوئی اس شعر کو روزانہ ایک سو سات (107) مرتبہ پڑھے اور ہمیشہ اس کو جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کا رزق کشادہ فرما دے گا۔

رزق روزی میں اضافہ

وَاَحْيِ اِلٰهِيْ اَلْقَلْبَ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهٖ
بِذِكْرِكَ يَا قَيُّوْمُ حَقًّا تَقَوَّمَتْ

اگر کوئی مندرجہ ذیل نقش کو مشک و زعفران اور ماء الورد کی روشنائی سے پوست آہو یا بھوج پتر پر لکھے اور نقش کے چاروں طرف دونوں اشعار بھی لکھے جمعہ کے روز ساعت اول میں اور اسے اپنے پاس رکھے اور دونوں اشعار کو روزانہ اٹھارہ (18) مرتبہ پڑھتا رہے تو اللہ تعالیٰ اس کی روزی

رزق میں اضافہ کردے گا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ق	ی	و	م
۴۹	۵۶	۵۱	۰
و	م	ق	ی
۵۴	۵۲	۵۰	۰
م	و	ی	ق
۵۳	۴۸	۵۵	۰
ی	ق	م	و

کاروبار میں خیر و برکت

فَکُنْ یَااِلٰھِیْ کَاشِفَ الضُّرِّ وَالْبَلَا

بِھٰی جَلَاھِمَّیٍ بِھَلٍ بِھَلْھَلَتٍ

اگر کوئی چاہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے کاروبار میں خیر و برکت اور روزی رزق میں اضافہ فرمائے تو اس شعر کو صبح و شام ایک سو (100) مرتبہ پڑھنے کا معمول بنالے۔ ان شاء اللہ مندرجہ بالا مقاصد پورے ہوں گے۔

ایسی جگہ سے رزق ملے، جہاں سے گمان نہ ہو

وَصُبَّ عَلَی الرِّزْقِ صَبًّا بِرَحْمَۃٍ

فَاَنْتَ رَجَاءُ قَلْبِیَ الْکَسِیْرِ مِنَ الْخَبَتْ

اگر کوئی اس شعر کو روزانہ ایک تسبیح (100) پڑھے اور عمل کو ہمیشہ جاری رکھے تو اللہ تعالیٰ اُسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا جہاں اس کا گمان بھی نہ ہوگا۔ اور اللہ تعالیٰ مخلوق سے بے پرواہ کردے گا۔ اور اس کے ہر کام میں خیر ہی خیر ڈال دے گا۔

کشائشِ رزق کے لیے

اسم مبارک ''جَلَّ جَلْیُوْتُ'' کو روزانہ چالیس (40) مرتبہ پڑھنا

کریں مقصد پورا ہوگا۔

رزق میں اضافہ......کاروبار میں خیر و برکت

اس اسم ''ھَلْھَلَتُ'' کو روزانہ بلاناغہ پچاس (50) مرتبہ تلاوت کرنے سے رزق میں اضافہ اور کاروبار میں خیر و برکت پیدا کرتا ہے۔

پہاڑ برابر قرض ادا ہو

جو شخص اس اسم ''بَارِخُ'' کو ہر نماز کے بعد اس کے اعداد کے مطابق پڑھے اور اس پر مداومت رکھے تو پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو ادا ہو جائے گا۔

رزق میں برکت و وسعت ہو

فراخیٔ رزق کے لیے اس اسم ''شَرْنَطْسَطْخ'' کی روزانہ ایک ہزار (1000) مرتبہ تلاوت کریں۔ برکت و وسعت ہوگی۔

نوٹ: ان اعمال سے فائدہ اٹھانے والے مصنف کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ ح

باموکل اعمال

آیت الکرسی باموکل: شریر جنات و شیاطین، سفلی عاملین کے خلاف مضبوط روحانی ہتھیار جو بیک وقت علاج بھی ہے اور حصار بھی ہے۔

آیت قطب باموکل: ہر قسم جادو، جنات، نظر بد، شیاطین، آسیب، دشمن وغیرہ سے نجات اور جائز مقاصد کے حصول کا مجرب عمل۔

چہل کاف باموکل: سخت جنات و جادو سے نجات، حب، بغض، معاشی معاملات اور ہر جائز مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ اخلاص باموکل: جنات و جادو سے نجات، دنیا [illegible] مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

سورۃ مزمل باموکل: بڑے سے بڑے جنات، شیاطین، جادو [illegible] کے خلاف روحانی ہتھیار، سخت ترین معاشی بندش کا مستقل حل [illegible]

سورۃ یسین باموکل: روحانی [illegible] کام میں آسانی اور [illegible] جائز مقصد کے حصول کا عمل۔

سورۃ فیل باموکل: دشمن چاہے [illegible] آسیب ہو یا جادو ان سے نجات کا مجرب عمل۔

سورۃ جن باموکل: جنات کے خلاف [illegible] عمل ہے۔ اس سے آگے اور کوئی عمل نہیں ہے۔

سورۃ کوثر باموکل: ہر قسم کے دشمن سے نجات اور ان [illegible] کو کرنے والے پر واپس کرنے کا خاص عمل۔

سلام قولا من رب رحیم باموکل: [illegible] خلائق اور کسی خاص فرد کی تسخیر کے لیے بے مثال عمل۔

اللہ الصمد باموکل: تسخیر اور حاجت پوری ہونے کا لاجواب عمل ہے۔

آیت کریمہ باموکل: مشکل سے مشکل کام کو آسان کرنے، بڑی سے بڑی مصیبت سے نجات، ہر بڑے مقصد کے حصول کا مجرب ترین عمل۔

بسم اللہ باموکل: ہر کام میں آسانی، رحمت، برکت اور ہر مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

حسبنا اللہ ونعم الوکیل باموکل: ہر کام میں آسانی اور ہر جائز مقصد کے حصول کا مجرب عمل۔

علوی اعمال

عمل حب خاص 1: حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ مردوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

عمل حب خاص 2: حب کا خاص عمل جس کے پیچھے غیبی مخلوق ہے۔ عورتوں پر عمل کرنے کے لیے مفید ہے۔

عمل حب (کمکھیا دیوی): حب کا خاص منتر۔ جائز کلام، جائز طریقہ، کوئی غلط کام یا غیر شرعی کام نہیں کرنا ہوتا۔ کامیاب ہونے والا [illegible] بہت آسانی سے کر سکے گا۔

عمل کاٹ جادو: جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ عامل اپنی جگہ بیٹھے [illegible] دور جادو کے کاٹ کرنے کی طاقت رکھتا ہے۔

عمل واپسی سحر 1: سحر کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر [illegible] کا خاص عمل

عمل واپسی سحر 2: [illegible] کو جادوگر اور جادو کروانے والے پر [illegible] کا [illegible] عمل

عمل بندش کلاں: جادو، جنات، دشمن، ہتھیار وغیرہ کو باندھنے کا ایک خاص عمل۔ اس عمل سے بہت جلد بندش لگ جاتی ہے۔

خبر کا خاص عمل: اس کے پیچھے مخلوق عامل کو فوری مریض کے [illegible] میں کی سماعت بھی ہو، ان کو آواز بھی آتی ہے۔

ڈنکا شاہ علی: اس عمل کے پیچھے جو جنات ہیں، وہ سخت قسم کے ہیں۔ دشمن کو سزا دینے، جنات و شیاطین پر رعب ڈالنے، جادو جنات کا علاج کا عمل۔

مندرہ خاص: یہ ایک خاص مندرہ ہے جو کہ مختصر ہے مگر اس کے پیچھے بہت بڑی طاقتیں ہیں۔ خواتین ناغہ کے دنوں میں بھی پڑھ سکتی ہیں۔

نوٹ: اس کے علاوہ بھی کئی اعمال روحانی درس گاہ میں کروائے جاتے ہیں۔

معاشی مسائل کے روحانی اعمال

حضرت مولانا حسن الہاشمی رحمۃ اللہ علیہ (دیوبند)

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی شخص مالدار بن جانے کا خواہش مند ہو تو اس کو چاہیے کہ تیرہ (13) دن تک لگاتار تین سو تیرہ (313) مرتبہ آیت الکرسی پڑھے۔ ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔

کشائش رزق کے لئے

رزق میں خیر و برکت اور کشائش کے لیے جو روزانہ نماز فجر کے بعد اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود پاک پڑھے، درمیان میں تین (3) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ غیب سے اس کی روزی کے اسباب پیدا ہوں گے۔ اس کو معلوم بھی نہ ہوگا کہ اس قدر رزق کی فراوانی کیسے ہو رہی ہے؟ اللہ تعالیٰ اپنا خاص فضل و کرم نازل فرمائے گا اور کبھی بھی رزق کی کمی نہ ہوگی۔

کاروبار میں بندش ختم کرنے کا عمل

کاروبار کی جگہ پر طلوع آفتاب سے پہلے پہنچیں۔ ایک مرتبہ قل اعوذ برب الناس پڑھ کر دکان کے دروازے پر دم کر دیں۔ پھر پانچ قدم پیچھے لوٹ کر دونوں جوتے اتار لیں اور جوتوں کو ہاتھ میں لے کر تین بار اس طرح جھاڑیں کہ دونوں جوتوں کے تلوے ایک دوسرے سے ٹکرائیں۔ اس عمل کو لگاتار سات دن تک کریں۔ ان شاء اللہ بندش سے نجات ملے گی۔

روزی کی فراوانی کے لئے

ان اسماء الٰہی کو نماز فجر کے بعد سات (۷) مرتبہ ورد میں رکھیں۔ اول و آخر صرف ایک (1) بار درود شریف پڑھیں۔ ان شاء اللہ ہر طرف سے روزی کے دروازے کھلتے چلے جائیں گے۔

یااللہ یاسمیع یا علیم یاسریع الحساب یاواسع یاعدل یاعلی یاعظیم یا متعال یاعزیز یاغفور یاباعث فعال لما یرید یارافع یامعید یانافع یاجامع یابدیع العجائب للغرائب۔

روزگار کے حصول کے لیے

کسی بھی خالی مکان میں یا کسی بھی مسجد کی چھت پر کھڑے ہو کر کھلے آسمان کے نیچے ایک ہزار مرتبہ "یَاوَھَّابُ" پڑھیں۔ اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اس عمل کو لگاتار سات (7) روز تک کریں۔ اگر عروج ماہ میں کریں تو افضل ہے۔ ان شاء اللہ بہت جلد روزگار مل جائے گا۔

دفع بے روزگاری کا عمل

اگر کوئی شخص بے روزگار ہو یا ملازمت سے برطرف کر دیا گیا ہو یا باہر جانا چاہتا ہو اور رکاوٹیں سامنے آ رہی ہوں تو اس کو چاہیے کہ عشاء کی نماز کے بعد "یَاسَمِیْعُ" ۱۸۰ مرتبہ "یَاوَاسِعُ" ۱۳۷ مرتبہ اور "یَارَزَّاقُ" ۳۰۸ مرتبہ پڑھا کرے۔ اول و آخر گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

باغ سے زیادہ پھل حاصل ہو

"یَارَحْمٰنُ" کو پندرہ (۱۵) مرتبہ لکھ کر کسی درخت کی جڑ میں دبا دیا جائے اور ایک تعویذ درخت کی شاخ پر باندھ دیا جائے تو اس پر بے انتہا پھل پیدا ہوں گے۔

رزق میں بے پناہ وسعت ہو

"یَارَحْمٰنُ" کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کر کے اپنے پاس رکھے اور ہر فرض نماز کے بعد اکیس (۲۱) مرتبہ یہ اسم پڑھ کر تلاوت کر کے انگوٹھی پر دم کرتا رہے تو رزق میں بے پناہ وسعت پیدا ہو۔

رزق وہاں سے ملے گا، جہاں سے وہم و گمان بھی نہ ہو

الامام ابی العباس احمد بن علی البونی رحمہ اللہ

حضرت شیخ بونی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ ان آیات کا جو شخص ورد رکھے گا، اس کو ان کی برکت معلوم ہوگی۔ اگر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا تو وہاں سے رزق ملے گا، جہاں سے وہم و گمان بھی نہ ہو، وہ آیات یہ ہیں:

وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۝ (البقرۃ:۳)

كُلَّمَا دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ وَجَدَ عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ هٰذَا ۚ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۚ اِنَّ اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (ال عمران:۳۷)

وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (المآئدۃ:۱۱۴)

قُلْ اَغَيْرَ اللّٰهِ اَتَّخِذُ وَلِيًّا فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَهُوَ يُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ ۗ (الانعام:۱۴)

وَاَوْرَثْنَا الْقَوْمَ الَّذِيْنَ كَانُوْا يُسْتَضْعَفُوْنَ مَشَارِقَ الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا ۗ (الاعراف:۱۳۷)

فَاٰوٰىكُمْ وَاَيَّدَكُمْ بِنَصْرِهٖ وَرَزَقَكُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ۝ (الانفال:۲۶)

رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ۝ (ابراھیم:۳۷)

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۗ (الاعراف:۱۰)

كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ۗ وَمَا كَانَ عَطَآءُ رَبِّكَ مَحْظُوْرًا ۝ (بنی اسرآئیل:۲۰)

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا عِنْدَنَا خَزَآئِنُهٗ (الحجر:۲۱)

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا ۝ فَاَتْبَعَ سَبَبًا ۝ (الکھف:۸۴-۸۵)

وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ۝ (طٰہٰ:۱۳۱)

وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيْهَا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ۝ (مریم:۶۲)

وَلَقَدْ كَتَبْنَا فِي الزَّبُوْرِ مِنْ بَعْدِ الذِّكْرِ اَنَّ الْاَرْضَ يَرِثُهَا عِبَادِيَ الصّٰلِحُوْنَ ۝ (الانبیاء:۱۰۵)

فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ وَّهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (المؤمنون:۷۲)

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَيَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ۗ وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (النور:۳۸)

قَالَ اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ فَمَآ اٰتٰىنِۦَ اللّٰهُ خَيْرٌ مِّمَّآ اٰتٰىكُمْ ۚ (النمل:۳۶)

اَمَّنْ يَّبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ وَمَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ ۗ (النور:۶۴)

وَنُرِيْدُ اَنْ نَّمُنَّ عَلَى الَّذِيْنَ اسْتُضْعِفُوْا فِي الْاَرْضِ وَنَجْعَلَهُمْ اَئِمَّةً وَّنَجْعَلَهُمُ الْوٰرِثِيْنَ ۝ (قصص:۵)

رَبِّ اِنِّيْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيْرٌ ۝ (قصص:۲۴)

اَوَلَمْ نُمَكِّنْ لَّهُمْ حَرَمًا اٰمِنًا يُّجْبٰٓى اِلَيْهِ ثَمَرٰتُ كُلِّ شَيْءٍ رِّزْقًا مِّنْ لَّدُنَّا (قصص:۵۷)

فَابْتَغُوْا عِنْدَ اللّٰهِ الرِّزْقَ وَاعْبُدُوْهُ وَاشْكُرُوْا لَهٗ ۗ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ۝ (العنکبوت:۱۷)

وَكَاَيِّنْ مِّنْ دَآبَّةٍ لَّا تَحْمِلُ رِزْقَهَا ۖ اللّٰهُ يَرْزُقُهَا وَاِيَّاكُمْ ۖ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝ (العنکبوت:۶۰)

اَلَمْ تَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَّا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَاَسْبَغَ عَلَيْكُمْ نِعَمَهٗ (لقمان:۲۰)

كُلُوا مِنْ رِّزْقِ رَبِّكُمْ وَاشْكُرُوا لَهٗ (سبا:۱۵)

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ۚ وَمَا يُمْسِكْ ۙ فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝ (فاطر:۲)

وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ۝ (سبا:۳۹)

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ۝ (فاطر:۴۴)

اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۝ (ص:۵۴)

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامْنُنْ اَوْ اَمْسِكْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (ص:۳۹)

مَا عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ (النحل:۹۶)

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَكُمْ ثُمَّ رَزَقَكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ؕ (الروم:۴۰)

وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ (الطلاق:۲-۳)

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝ (النور:۳۸)

نوٹ: روحانی علاج گاہ میں یہ تعویذ خاص اوقات میں احتیاط سے تیار کیا جاتا ہے۔ جو لوگ خود سے نہ لکھ سکیں، وہ رابطہ کر سکتے ہیں۔ یہ تعویذ روحانی دکان پر بھی دستیاب ہے۔ تعداد محدود ہوتی ہے، پہلے آئیں، پہلے پائیں۔

رابطہ: 0334-4312272

معاشی مسائل کے روحانی حل

قیصر احمد بی۔اے۔ (کراچی)

ذاتی مکان کیلئے

جس کے پاس اپنا ذاتی مکان نہ ہو، وہ روزانہ بلاناغہ بعد نمازِ عشاء اوّل و آخر تین تین (3-3) بار درود شریف کے ساتھ ایک سو اکیاون (151) بار یہ آیت پڑھے اور دعا کرے۔ مقصد پورا ہونے تک یہ عمل کرے۔

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ؕ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (الاعراف:۱۰)

رزق کی فراوانی و دولت حاصل کرنے کا وظیفہ

جو شخص یہ آیت تین سو تیرہ (313) بار پڑھتا رہے گا، وہ کبھی بھوکا نہ رہے گا اور نہ اس کے رزق میں کمی ہوگی اور دولت کثرت سے آئے گی۔ ان شاء اللہ تعالیٰ۔ آیت یہ ہے:

وَلَسَوْفَ يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝ (والضحیٰ:۵)

قرض دار قرضہ لازمی واپس کرے

اگر کوئی نوے (90) مرتبہ حرف م (میم) پڑھ کر قرض دار کا تصور کرکے یا فلاں بن فلاں قرضہ مجھے واپس کرے آسمان کی طرف منہ کرکے پھونک مارے اور پندرہ (15) دن یہ عمل کرے۔ ان شاء اللہ قرض دار قرضہ ادا کر دے گا۔

رزق سے متعلق اعمال

حضرت مولانا خواجہ یٰسین صاحب مدظلہٗ (جلالپور)

پریشانیوں سے نجات فتوحات و دست غیب

عطیہ پیر و مرشد اکابر علمائے حق حضرت مولانا حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ۔

وظیفہ: یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ نَسْتَغِیْثُ

بعد نماز عشاء، باطہارت کاملہ، رو بقبلہ، تین سو تیرہ (313) مرتبہ اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (11) بار بلاناغہ پڑھے۔ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

فوائد: حاجی امداد اللہ صاحب مہاجر مکی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس وظیفے کے پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ تمام غموں اور پریشانیوں سے نجات عطا فرما دیتے ہیں اور روزگار کی وجہ سے پریشان لوگوں پر رزق کے دروازے کھل جاتے ہیں۔ رزق بارش کی طرح برسے گا۔ مالی پریشانیاں دور ہو کر فرحت و فراوانی حاصل ہو جاتی ہے۔ اگر اس کا رزق سمندر کی لہروں میں ہوگا تو وہاں سے بھی اس کو حاصل ہو جائے گا۔ ہر طرف سے رزق دوڑتا ہوا اس کے گھر داخل ہوگا۔ فتوحات ہی فتوحات ہوں گی۔ اس طرح رزق پہنچے گا کہ اس کو وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ بلکہ سکون قلب اس کے بغیر حاصل ہوتا ہی نہیں ہے لہٰذا لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ کثرت سے پڑھا کریں۔ مشکلات اور پریشانیوں کے حل میں یہ انتہائی مجرب ہے کیونکہ رسول رحمت ﷺ کا ارشاد گرامی ہے "لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ جنت کے خزانوں میں سے ہے اور ننانوے بیماریوں کا علاج ہے۔ سب سے چھوٹا مرض فقر و فاقہ اور محتاجی ہے۔" حالانکہ سب بے روزگاری اور فقر و فاقہ و مہنگائی میں گھرے ہوئے ہیں، جس کا حل فرمانِ نبوی ﷺ ہے۔ روزانہ پانچ سو (500) بار پڑھیں۔ اول آخر گیارہ (11) بار درود شریف۔

بے روزگاری کا وظیفہ

"یَابَاسِطُ" دو او پر ستر (۷۲) مرتبہ پانچوں نمازوں کے بعد پڑھ لیا کرو، ان شاء اللہ تعالیٰ بہتر ہوگا۔

(الاضافات یومیہ، حصہ اول ص ۷۳، ۲۳ حضرت حکیم الامتؒ)

تنگ دستی دور کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد، اول و آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف پڑھ کر گیارہ (11) مرتبہ سورۂ مزمل پڑھیں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِیْلًا" پر پہنچا کریں تو پچیس (25) مرتبہ "حَسْبُنَا اللهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ" پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ تنگ دستی دور ہو جائے گی مگر عمل دائمی ہونا چاہیے۔

(سلوک و طریقت ص ۶۲) (تسہیل و اضافہ شدہ اصول تصوف ص ۱۲۰)۔

کاروبار کی ترقی کے لیے

کارخانہ، فیکٹری یا گھر، دکان یا مکان یا مال و اسباب ہو، لکھ کر چسپاں کریں۔ اور دعا اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ہر نماز کے بعد سات (7) مرتبہ پڑھیں۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اللھم اکفنی بحلالک عن حرامک، واغننی بفضلک عمن سواک۔ فسھل یا الٰھی کل صعب بحرمۃ سید الابرار صلی اللہ علیہ وسلم بالطیف الطف بی

فتوحات وخرچ لنگر کے لیے

سید محبوب علی شاہ بخاری دہلوی رحمۃ اللہ (پھلپلی)

روزانہ بعد نماز صبح مندرجہ ذیل وظائف جو کہ ہر خاندان قادریہ چشتیہ کے بزرگ روزانہ لنگر کے خرچ کے لئے پڑھا کرتے ہیں۔ وہ یہ ہے:

1 ...... اول یہ درود شریف دس (10) مرتبہ پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَعَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَعَلَی الْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔

2 ...... اس کے بعد یہ دعا یک صد (100) بار پڑھے:

یَامُغِیْثُ تَبَسَّ الَّذِیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ وَیَغْفِرُ الذُّنُوْبَ۔

3 اس کے بعد دو سو ساٹھ بار (260) بار یہ استغفار پڑھے:

اَسْتَغْفِرُ اللہَ غَفُوْرٌ الرَّحِیْمِ۔

4 اس کے بعد یک صد (100) بار یہ کلمہ پڑھے:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللہُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْقَیُّوْمُ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔

5 ...... اس کے بعد تراسی (83) بار یہ اسم پڑھے:

یَاغَنِیُّ اَغْنِنِیْ بِرَحْمَتِكَ الْوَاسِعُ۔

6 ...... اس کے بعد اسم وھاب اس طرح پڑھے:

یَاوَھَّابُ ھَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ۔

7 ...... اس کے بعد یہ دعا ہفت (7) مرتبہ پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِكَ اَبْتَدَیْتُ وَبِكَرَمِكَ اَقْتَدَیْتُ وَبِنُوْرِ قُدْسِكَ اهْتَدَیْتُ وَبِفَضْلِكَ اسْتَغِیْثُ وَاَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ۔

8 اس کے بعد پھر درود شریف مذکورہ بالا دس (10) مرتبہ پڑھے۔

پس تمام عالم عامل کی طرف رجوع ہوگا۔ اور ہر قسم کی فتوحات کے دروازے کھل جاویں گے اور ہر قسم کی فتوحات اس کے پڑھنے والے کو ہوں گی ان شاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب المجرب عمل ہے۔

رزق کے اعمال

ملازم حسین (اسلام آباد)

برائے رزق

یا میکائیل علیہ السلام ۷۸۶ بحق یا منعم یا باسط

البسط والمنعم الٰہی بحق یا منعم یا باسط	۱۱۸	۹۱	۶۳
[illegible]	۵۴	۹	۱۰۹
۲۵	۷۳	۱۳۶	۱۸
۱۲۷	۲۷	۳۶	۸۴

ترکیب: فجر کی نماز کے بعد زعفران اور عرق گلاب سے اس نقش کو قلم سے لکھیں اور جیب میں رکھیں۔ دوسرے روز صبح بعد از نماز فجر اس نقش کو گھول کر پی لیں۔ دوران وقت یا نقش لکھ کر پاس رکھ لیں۔ اسی طرح روزانہ کریں۔ یعنی یا نقش لکھنا اور سابقہ نقش گھول کر پینا عمل جاری رہے گا۔

رزق کی فراوانی

دو سو بہتر (272) بار یَامُنْعِمُ یَابَاسِطُ، اول و آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف، بعد نماز عشاء روزانہ پڑھے۔ رزق میں بے انتہا فراوانی ہوگی۔ اس عمل کے دوران اور کوئی رزق کا عمل کرنا منع ہے۔ ورنہ رجعت ہوگی۔

قرض واپس لینا

دن میں تین (3) مرتبہ یعنی صبح، دوپہر اور بعد نماز مغرب یہ عمل کرنا ہے۔ مشرق کی طرف منہ کر کے بارہ (۱۲) مرتبہ یہ عمل پڑھیں: اَجِبْ یَا جَامِعُ بِحَقِّ کَلْکَائِیْلُ وَالْجِیْم۔ پھر شمال کی طرف منہ کر کے بارہ (۱۲) مرتبہ پڑھیں۔ اور نو (۹) مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھیں۔ ختم ہونے کے بعد تین (3) مرتبہ ہاتھ پر زور سے تالی بجائیں۔ تصور قرض واپس دینے والے کا رکھیں۔ روزانہ اسی طرح کریں اور قدرت کا تماشہ دیکھیں۔

فراخی رزق کے اعمال

حضرت مولانا اعجاز احمد خان مدظلہ (کراچی)

مال میں برکت کیلئے

اگر سورۂ جمعہ کو باوضو سیپ پر لکھ کر یا بیت پر لکھ کر اپنے مال میں رکھے تو مال میں اضافہ اور خوب برکت ہو اور مال نقصان سے محفوظ رہے۔

برکت کے واسطے

سات (7) دانے جو کے لے کر وضو کرکے ان پر "یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ" نو سو ستانوے (۹۹۷) مرتبہ پڑھ کر ان دانوں پر دم کرے (ان دانوں پر پھونک مارے)۔ اس کے بعد ان جو کے دانوں کو اپنے خرچ کی تھیلی (یا پیسے رکھنے کی جگہ) میں رکھ دے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اس کی برکت سے جتنا جی چاہے خرچ کرے، تھیلی رقم سے خالی نہ ہوگی۔ ایک شرط یہ ہے کہ جب تھیلی کھولے وضو کر کے کھولے۔ دوسری شرط یہ ہے کہ روپیہ کو برے کاموں میں خرچ نہ کرے۔

کسی نے قرض لیا یا شراکت میں کاروبار کیا یا کوئی دوسرا معاملہ لٹک گیا

کسی نے قرض لیا ہے یا شراکت کاروبار کیا لیکن نفع نہیں دیتا یا لین دین کا کوئی اور معاملہ ہے یا مکان یا دوکان کے کاغذات رکھوائے تھے، اب منکر ہے، کاغذات نہیں دیتا یا کاغذ بینک میں رکھ کر قرض لے کر کھا گیا، کاغذات بینک میں ضمانت کے طور پر پھنس گئے۔ ایسی جو بھی صورت ہو، اس کے لئے اسم پاک کو باوضو عرق گلاب میں زعفران گھول کر ایک پاک کاغذ پر لکھے اور اس پر اپنا اور اپنی والدہ کا نام بھی لکھے اور اسی طرح اس مقابل آدمی کا نام مع اس کی والدہ کے نام کے ساتھ لکھے اور جاری پانی (دریا، نہر، ندی، سمندر) وغیرہ میں ڈال دے۔ گندے نالے میں ہرگز نہ ڈالے ورنہ نقصان اٹھائے گا۔ اگر کوئی دریا، نہر ندی یا سمندر اس علاقے میں نہ ہو تو چالیس (40) دن (ایک جگہ) اس اسم پاک کو صبح سورج نکلنے کے بعد ایک ہزار (1000) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔ وہ اسم پاک یہ ہے:

یَا رَحِیْمُ کُلِّ صَرِیْخٍ وَّمَکْرُوْبٍ وَّغِیَاثَہٗ وَمَعَاذَہٗ یَا رَحِیْمُ۔

تباہ حال، روزی سے پریشان، وطن سے دور کی غیب سے مدد ہونا

اگر کوئی شخص وطن سے دور ہو، روزی اور روزگار سے محروم ہو، طرح طرح کی مشکلات، پریشانیاں اسے گھیرے ہوئے ہوں، ان پریشانیوں سے نکلنے کا راستہ نہ ملتا ہو اس کے لئے بعد نماز ظہر تین سو ایک (301) بار روزانہ پڑھنا شروع کر دے۔

ان شاء اللہ تعالیٰ اس اسم پاک کے ورد کی برکت سے تمام مشکلات دور ہو جائیں گی اور روزگار کا غیب سے انتظام ہو جائے گا اور تمام پریشانیاں بندش ختم ہو جائیں گی مجرب عمل ہے۔

وہ اسم پاک یہ ہے:

یَا مُعِیْنُ مَا اَفْنَاہُ اِذَا بَرَزَ الْخَلَائِقِ لِدَعْوَتِہٖ مِنْ مَخَافَتِہٖ یَا مُعِیْنُ

برائے ترقی و برکت در رزق

(از مولانا ناظر حسن صاحبؒ)

مندرجہ ذیل نقش برائے ترقی و برکت رزق لکھ کر دائیں بازو یا گلے میں باندھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، رزق وافر ملے گا۔ وہ نقش یہ ہے:

۷۸۶

اللہ	القوی	وھو
یرزق	لطیف	العزیز
بارک لی رب العالمین	من یشاء	بعبادہ

معاشی مسائل کا روحانی حل

حضرت پیر سید سلطین حیدر گیلانی ظلہ (حجرہ شاہ مقیم)

تنگی رزق کے لیے

اگر کسی کو رزق کی تنگی ہو یا کاروبار ترقی نہ کر رہا ہو یا کسی کو سرکاری یا نیم سرکاری نوکری کی تلاش ہے تو بہت مجرب ہے۔ نوچندی اتوار کو بعد از نماز عشاء شروع کریں۔ پہلے ستر (70) بار درود ابراہیمی اور پھر ستر (70) بار سورۃ فاتحہ پڑھے۔ دوسری رات کو ساٹھ (60) بار درود ابراہیمی اور ساٹھ (60) بار سورۃ فاتحہ پڑھے۔ پھر تیسری رات کو پچاس (50) بار پڑھے اسی طرح روزانہ دس (10) بار کم کرتا جائے۔ پھر جب دس (10) بار پر آئے تو پھر روزانہ دس (10) بار پڑھا کرے۔ اسی طرح جاری رکھے۔ جب پھر نوچندی اتوار آئے تو ستر (70) بار پڑھے۔ پھر روزانہ دس (10) بار کم کرتا رہے۔ آخری دس (10) بار روزانہ پڑھا کرے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے دو تین (2،3) ماہ کے اندر اندر رزق میں خوب ترقی ہوگی۔

تسخیر خلق کے لیے اور ادائے قرض کے لیے

اس سے عامل، ڈاکٹر، حکیم وغیرہ فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ طریقہ یہ ہے کہ نوچندی جمعرات کے دن فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس (41) بار درود ابراہیمی، پھر اکتالیس (41) بار سورۃ فاتحہ، پھر گیارہ (11) بار درود ابراہیمی پڑھے۔ پھر اکتالیس (41) بار سورۃ فاتحہ پڑھے۔ پھر فرض ادا کرے۔ اکتالیس (41) دن کے اندر اندر تسخیر پیدا ہوگی اور ہاتھ میں شفاء بھی ہوگی۔ جس مریض کو دم کرے گا، صحت یاب ہوگا۔ اگر کوئی قرض میں مبتلا ہے تو سورۃ مذکورہ کو باموکل پڑھے اور جمعرات کو شروع کرے۔ تین (3) دن روزہ رکھے اور ہر روز ایک سو (100) بار فجر کے بعد پڑھے۔ اس کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کیلئے ادارہ سے رابطہ کریں۔

معاشی مسائل کا روحانی حل

پیر سید علی حسین شاہ مدظلہ (لاہور)

تبادلے کی منسوخی

اگر ملازمت کے سلسلے میں کسی ایک (1) جگہ سے دوسری جگہ یا ایک (1) شہر سے دوسرے شہر میں تبادلہ ہو گیا ہو اور اس کو کروانا مقصود ہو تو ہر روز تا حصول مقصد تک بعد نماز عشاء انیس (19) مرتبہ سورۃ لہب پڑھ کر دعا مانگے۔ اور اس نقش کو اچھی ساعت میں لکھ کر گلے یا بازو میں ڈال لے۔ ان شاء اللہ جیسا چاہے گا، ویسا ہوگا۔

۷۸۶

۳۴۲۶	۳۴۳۰	۳۴۳۳	۳۴[illegible]
۳۴۳۲	۳۴۲۰	۳۴۲۵	[illegible]
۳۴۲۱	۳۴۳۵	۳۴۲۸	۳۴۲[illegible]
۳۴۲۹	۳۴۲۳	[illegible]	۳۴۳۴

ترقی دکان

دکان کی ترقی اور وافر رزق کی فراہمی کی خاطر اس نقش کو لکھ کر دکان پر لگائے اور ایک (1) عدد نقش کو روپے والی جگہ میں رکھ دے۔ ہر طرح کے بد اثرات کا خاتمہ ہوگا۔

۷۸۶

۱۵۷	۱۶۰	۱۶۳	۱۵۰
۱۶۲	۱۵۱	۱۵۶	۱۶۱
۱۵۲	۱۶۵	۱۵۸	۱۵۵
۱۵۹	۱۵۴	۱۵۳	۱۶۴

نوٹ: نقوش کو زعفرانی روشنائی سے لکھیں۔ رخ

غلام الرسول میمن عائلی نقشبندی (لاڑکانہ)

رزق والے جادو کا علاج

کسی سبب سے مال و اسباب میں استحکام نہ ہو

کوئی زمانہ ایسا ہوتا تھا کہ ایک آدمی کماتا تھا، دس آدمی بیٹھ کر اس ایک آدمی کی کمائی کھاتے تھے۔ اور آج کا تو یہ عجیب زمانہ ہے کہ دس کماتے ہیں تو بھی ایک کو نہیں کھلا سکتے۔ اس پر مستزاد یہ کہ اگر کوڑی کوڑی کو محتاج کرنے کے لیے کسی اپنے کی مہربانیاں شامل ہوں تو اس تنوری کی آگ کو اور ہوا لگ جاتی ہے۔ اس طرح کے مال و اسباب کے عدم استحکام کی صورت میں یہ عمل بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ (الانبیاء:۸۷) کی پلیٹ پر لکھ کر متاثرین کو دھو کر پلائیں۔ بطلان جادو کی آیہ مبارکہ قال موسیٰؑ کا نقش بنا کر جائے وقوع پر آویزاں کر دیں اور یہ آیت مروجہ شرائط تعویذ کے ساتھ لکھ کر پینے کے لئے دی جائے۔

اَللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَاَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَخْرَجَ بِهٖ مِنَ الثَّمَرٰتِ رِزْقًا لَّكُمْ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْفُلْكَ لِتَجْرِيَ فِي الْبَحْرِ بِاَمْرِهٖ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الْاَنْهٰرَ ۝ وَسَخَّرَ لَكُمُ الشَّمْسَ وَالْقَمَرَ دَآئِبَيْنِ ۚ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ ۝ وَاٰتٰىكُمْ مِّنْ كُلِّ مَا سَاَلْتُمُوْهُ ۔ (ابراھیم)

خدا کے فضل و کرم سے عدم استحکام کی شکایت ختم ہو جائے گی۔

پالتو مال کثرت سے مرجائے

کسی کا بھیڑ، بکریوں، بھینسوں، مرغیوں وغیرہ کا کاروبار ہو اور اسی میں مندا اس صورت میں ہو کہ پالتو مال کثرت سے مرجائے تو یہ عمل اس واسطے مطلق تدارک ہے۔

سورۂ دخان کا نقش معظم مع آیت بطلان جادو لکھ کر ہوا میں لٹکائیں، جہاں جانور باندھے جاتے ہوں۔ جانوروں میں برکت پڑ جائے گی۔ ساتھ میں ان کی اصلاح بھی ہو جائے گی۔

نقش کی چال آتشی ہے۔

٢٣٣٣٨	٢٣٣٥١	٢٣٣٥٣	٢٣٣٤٠
٢٣٣٥٣	٢٣٣٤١	٢٣٣٤٧	٢٣٣٤٢
٢٣٣٤٣	٢٣٣٥٦	٢٣٣٤٩	٢٣٣٣٩
٢٣٣٥٠	٢٣٣٤٥	٢٣٣٤٣	٢٣٣٥٥

رزق کی برکت کے لیے وظائف

حضرت مولانا ظفر احمد قادری رحمہ اللہ (رائے ونڈ)

کشائش رزق

❶ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ اَحْمَدُ رَسُوْلُ اللہِ

جو شخص بعد نماز جمعہ پاک صاف ہو کر پینتیس (35) مرتبہ یہ لکھ کر اپنے پاس رکھے، خدا تعالیٰ اسے غیب سے رزق عطا فرمائے گا اور وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا۔

❷ ہر نماز کے بعد سو (100) مرتبہ اسم باری تعالیٰ "یَا لَطِیْفُ" پڑھ کر ایک مرتبہ اَللہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ (الشوریٰ:۱۹) پڑھنے سے رزق میں برکت ہوتی ہے۔

❸ بعد نماز فجر و مغرب سو (100) مرتبہ "یَا لَطِیْفُ" پڑھ کر تین (3) مرتبہ یہ دعا پڑھنا رزق کے لیے نہایت مفید ہے:

اَللّٰھُمَّ وَسِّعْ عَلَیَّ رِزْقِیْ اَللّٰھُمَّ عَطِّفْ عَلَیَّ خَلْقَكَ كَمَا صُنْتَ وَجْھِیْ عَنِ السُّجُوْدِ لِغَیْرِكَ فَصُنْهُ عَنْ ذُلِّ السُّؤَالِ لِغَیْرِكَ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

❹ جو شخص اس دعا کو پانچوں وقت نماز کے بعد پڑھنے کا معمول بنائے گا، خصوصاً نماز جمعہ کے بعد تو وہ شخص ہر طرح کی پریشانیوں سے بچا رہے گا۔ اپنے دشمنوں کے شر سے محفوظ رہے گا اور اس دعا کی برکت سے خدا تعالیٰ اسے ایسی جگہ سے رزق عطا فرمائے گا کہ جہاں سے کہ وہم وگمان بھی نہ ہوگا اور اس قدر رزق ملے گا کہ جس کی اسے توقع بھی نہ ہوگی۔ نیز اس دعا کا ہمیشہ پڑھنا قرض کی ادائیگی کے لیے نہایت مفید ہے۔ اگر قرض پہاڑ کے برابر بھی ہو تو اس دعا کی برکت سے ادا ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

وہ دعا یہ ہے: یَا اَللہُ یَا اَحَدُ یَا وَاحِدُ یَا مَوْجُوْدُ یَا جَوَّادُ یَا بَاسِطُ یَا کَرِیْمُ یَا وَھَّابُ یَا ذَا الطَّوْلِ یَا غَنِیُّ یَا مُغْنِیُّ یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ یَا عَلِیْمُ یَا حَکِیْمُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ یَا بَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ نَفِّحْنِیْ مِنْكَ بِنَفْحَةِ خَیْرٍ تُغْنِیْنِیْ بِھَا عَمَّنْ سِوَاكَ اِنْ تَسْتَفْتِحُوْا فَقَدْ جَآءَكُمُ الْفَتْحُ اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا نَصْرٌ مِّنَ اللہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ. اَللّٰھُمَّ یَا غَنِیُّ یَا حَمِیْدُ یَا مُبْدِئُ یَا مُعِیْدُ یَا وَدُوْدُ یَا ذَا الْعَرْشِ الْمَجِیْدُ یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ اِکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَاحْفَظْنِیْ بِمَا حَفِظْتَ بِهِ الذِّکْرَ وَانْصُرْنِیْ بِمَا نَصَرْتَ بِهِ الرُّسُلَ اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

محتاج اور غریب ہونا

بعد نماز عشاء اول آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود شریف اور بیچ میں گیارہ تسبیح (1100) یَا مُعِزُّ کی پڑھ کر دعا کیا کرے۔ اور چاہے یہ دوسرا وظیفہ پڑھا کرے۔ بعد نماز عشاء کے آگے پیچھے سات سات (7-7) دفعہ درود شریف اور بیچ میں چودہ تسبیح یعنی چودہ سو (1414) یَا وَھَّابُ پڑھ کر دعا کیا کرے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فراغت اور برکت ہوگی۔

معاشی مسائل کے حل کے لیے مفتیان وعلمائے کرام کے تجویز کردہ عملیات

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

حضرت مفتی سید عدنان کاکاخیل مدظلہ

رزق میں فراخی کا نبوی نسخہ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارے لیے کون سی رکاوٹ ہے اس بات سے کہ جب تم پر معاشی تنگی ہو تو گھر سے نکلتے وقت یہ دعا پڑھ لیا کرو:

بِسْمِ اللهِ عَلَى نَفْسِي وَمَالِي وَدِينِي اللَّهُمَّ رَضِّنِي بِقَضَائِكَ وَبَارِكْ لِي فِيمَا قُدِّرَ لِي حَتَّى لَا أُحِبَّ تَعْجِيلَ مَا أَخَّرْتَ وَلَا تَأْخِيرَ مَا عَجَّلْتَ

ترجمہ: اے اللہ! میں اپنے نفس، مال اور دین پر اللہ کے نام کی برکت چاہتا ہوں، اے اللہ! مجھے اپنے فیصلے سے راضی فرما اور جو مقدر فرمائے اس میں برکت عطا فرما، یہاں تک کہ میں اس چیز کی جلدی نہ چاہوں جس کو تو نے مؤخر کیا ہے، اور اس چیز کی تاخیر نہ چاہوں جس کو تو نے جلد عطا فرمایا ہے۔

(عمل الیوم واللیلۃ: 215، کتاب الاذکار: 160)

حضرت مولانا مفتی ظہور احمد مدظلہ

خیر وبرکت اور رزق میں وسعت کے لیے

سورۂ الم نشرح اور سورۂ کافرون پابندی کے ساتھ پڑھنے سے اللہ پاک خیر وبرکت اور رزق میں وسعت فرماتے ہیں۔

تجارت میں برکت کے لیے

سورۂ شعراء لکھ کر دوکان میں لٹکا دیں تو ان شاء اللہ، اس میں نفع ہوتا چلا

جائے گا اور خرید وفروخت کے لیے لوگ کثرت سے آئیں گے۔

حضرت مفتی محمد اشرف مدظلہ (انڈیا)

روپے پیسوں کے ڈبہ میں رکھنے کا طلسمی سکہ

روپے پیسوں کی تھیلی یا ڈبہ میں برکت کے لئے رکھنے کا عمل یہ ہے کہ ایک چاندی کے سکہ پر باوضو نو سو ستانوے (997) مرتبہ "یَا فَتَّاحُ یَا رَزَّاقُ" پڑھ کر دم کرکے اس سکہ کو روپے کی تھیلی یا ڈبے میں ڈال دیں اور جب اپنی جائز ضرورت کے لئے پیسوں کی ضرورت پڑا کرے تو بسم اللہ پڑھ کر نکال لیا کریں۔ ان شاء اللہ بڑی برکت ہوگی۔

کھانا کم ہو اور کھانے والے زیادہ ہوں

کھانا تھوڑا اور کھانے والے زیادہ ہوں تو کسی میٹھی یا نمکین چیز پر چالیس (40) مرتبہ یہ کلمات اللہ پڑھ کر دم کر کے کھانے میں ملا دیں تو ان شاء اللہ خوب برکت ہوگی۔ وہ کلمات اللہ یہ ہیں:

"لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْغَنِيُّ الْهَادِيُّ الرَّزَّاقُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْكَرِيْمُ الْوَاسِعُ الْوَهَّابُ ذُوالطَّوْلِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْجَوَادُ الْمُتَفَضِّلُ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا كَثِيْرًا"

مولانا منشی محمد داؤد خان آفریدیؒ

فتوحات غیبی

جو کوئی وضو کر کے اس نقش معظم کے نظر کرے، فتوحات غیبی اس کو پہونچے

اور بانعیش گذاران ہووے اور اس مدہ میں محتاج کسی کا نہ ہووے اور اکثر مردم اس کے محتاج ہووئیں، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب اور آزمودہ ہے وہ نقش معظم یہ ہے:

لا الہ الا اللہ آدم صفی اللہ	لا الہ الا اللہ موسیٰ کلیم اللہ	لا الہ الا اللہ ابراھیم خلیل اللہ
لا الہ الا اللہ نوح نبی اللہ	لا الہ الا اللہ عیسیٰ روح اللہ	لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

حضرت مولانا مفتی محمد الیاس مدظلہ

رزق کے ذریعے اور کشادگی رزق کے لیے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (الاعراف:۱۰)

اگر کسی کے پاس روزی کا ذریعہ نہ ہو یا رزق میں تنگی ہو یا مسافر ہو اور اس کے پاس کوئی سامان نہ ہو تو وہ اس آیت کو ایک سو اکاون (151) بار روزانہ پڑھے۔ جب تک کامیابی نہ ہو، ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

ترقی رزق کے لیے

رزق کی ترقی اور برکت کے لیے سورہ مزمل ایک بیٹھک میں اکتالیس (41) مرتبہ، تین (3) دن تک پڑھیں۔

حضرت مولانا پیر حکیم عبدالقادر قادریؒ

برائے وسعت رزق

نمازِ فجر کے وقت سنت و فرض کے درمیان سورۃ فاتحہ اکتالیس (41) مرتبہ اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی میم الحمد سے ملا دی جائے۔ بدیں طریق بسم اللہ الرحمن الرحیم الحمد اللہ الخ۔ اگر اس طریقے پر مداومت اختیار کریں تو ان شاء اللہ رزق میں فراخی ہوگی۔

رفع افلاس

اگر سورۃ فاتحہ کے حروف مقطعات کے اعداد موافق ہر روز بملحوظی شرائط الحمد شریف پڑھیں تو اللہ کے فضل سے افلاس و تنگ دستی دور ہو۔ اور رزق میں فراخی ہوگی۔

حضرت مولانا مفتی محمد ارشاد القاسمی مدظلہ

درود غنا

ابو عبداللہ القسطلانیؒ کہتے ہیں کہ میں نے خواب میں نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت کی تو آپ ﷺ سے تنگی معاش کی شکایت کی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ وَهَبْ لَنَا اَللّٰهُمَّ مِنْ رِّزْقِكَ الْحَلَالِ الطَّيِّبِ الْمُبَارَكِ مَا تَصُوْنُ بِهٖ وُجُوْهَنَا عَنِ التَّعَرُّضِ اِلٰٓى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَاجْعَلْ لَّنَا اَللّٰهُمَّ اِلَيْهِ طَرِيْقًا سَهْلًا مِّنْ غَيْرِ تَعَبٍ وَّلَا نَصَبٍ وَّلَا مِنَّةٍ وَّلَا تَبِعَةٍ وَّ جَنِّبْنَا اَللّٰهُمَّ الْحَرَامَ حَيْثُ كَانَ وَ اَيْنَ كَانَ وَ عِنْدَ مَنْ كَانَ وَحُلْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ اَهْلِهٖ وَاقْبِضْ عَنَّا اَيْدِيَهُمْ وَاصْرِفْ عَنَّا قُلُوْبَهُمْ حَتّٰى لَا نَتَقَلَّبَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ اِلَّا فِيْمَا يُرْضِيْكَ وَلَا نَسْتَعِيْنَ اِلَّا عَلٰى مَا تُحِبُّ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

(القول البدیع صفحہ ۱۲۵)

نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ذکر اور درود کی کثرت فقر غربت دور کرتی ہے۔ (جلاء الافہام صفحہ ۲۳۵)

يَا رَبِّ صَلِّ وَسَلِّمْ دَائِمًا اَبَدًا
عَلٰى حَبِيْبِكَ خَيْرِ الْخَلْقِ كُلِّهِمِ

مولانا صوفی عزیز الرحمٰن پانی پتیؒ

برائے ترقی رزق

ترکیب: جس شخص کا روزگار نہ ہو یا ملازمت یا ذریعۂ معاش نہ ہو تو یہ عمل اکسیر کا حکم رکھتا ہے۔ صبح نماز کے بعد یا بعد نماز عشاء پڑھا جائے گا۔ تعداد ایک سو ایک (101) مرتبہ، اوّل آخر اس کے درود شریف گیارہ گیارہ (11-11) بار۔ چالیس (40) روز پورے نہ ہوں گے ان شاء اللہ غیب سے کوئی سامانِ ملازمت یا کوئی ذریعۂ معاش ظہور میں آ جائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یَامُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ وَ یَامُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ وَ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَ یَاخَالِقَ الْاَبْصَارِ وَ یَادَلِیْلَ الْمُتَحَیِّرِیْنَ اَرْشِدْنِیْ وَ یَاغِیَاثَ الْمُسْتَغِیْثِیْنَ اَغِثْنِیْ تَوَکَّلْتُ عَلَیْکَ یَارَبِّ اُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَیْکَ. لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ بِحَقِّ اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ

حضرت مولانا عزیز الرحمٰن رحمانی مدظلہ

برائے رزق حسن

بعض عارفین کا قول ہے کہ جو شخص روزانہ نو (9) مرتبہ یہ آیت پڑھے:

اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَ هُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ:۱۹)

تو اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہر معاملے میں لطف و کرم کا معاملہ ہوا اور رزق حسن کا دروازہ کھل جائے۔

مولانا محمد فیض احمد اویسی رضویؒ

رزق میں برکت کے لیے

شروع چاند میں جمعرات کے بعد نماز مغرب کے، سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر چھ (۶) مرتبہ سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے۔ بعد ختم کے بدستور سو (۱۰۰) بار یا اکیس (۲۱) یا گیارہ (۱۱) بار درود شریف پڑھ کر کھڑا ہو جائے۔ دوسرے روز بدستور بعد نماز مغرب کے پانچ بار پڑھے، اسی طرح دوسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ جب دوسری جمعرات آئے تو سورۂ شریف کو پانچ بار پڑھ کر ورد کو ختم کرے۔ اور اول جمعرات سے اس وقت تک سورہ شریف کی تلاوت کا ثواب اپنے دل میں اللہ تعالیٰ کی نذر کرے۔ اس سے فارغ ہو کر اسی وقت پھر بدستور درود شریف کے بعد چھ بار سورۂ شریف کی تلاوت کرے اور بعدہ روز مرہ بدستور تیسری جمعرات تک پانچ بار روزانہ پڑھتا رہے۔ تیسری جمعرات کو پانچ بار پڑھ کر اس دوسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب ہدیہ روحِ رسول اللہ ﷺ کر کے پھر اسی وقت از سر نو چھ بار سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے اور بعدہ بدستور پانچ بار روزانہ چوتھی جمعرات تک پڑھتا رہے۔ چوتھی جمعرات کو سورۂ شریف کو پانچ بار تلاوت کر کے اس تیسرے ہفتہ کی تلاوت کا ثواب جمیع ارواح مومنین اور مومنات کو ہدیہ کرے۔ پس عمل تمام ہوا۔ اس کے بعد دوسرے روز سے برابر ہمیشہ سورۂ شریف کو ایک بار روزانہ بعد نماز مغرب کے پڑھتا رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ کبھی فقر و فاقہ کی مصیبت میں مبتلا نہ ہوگا اور ہمیشہ دنیا میں فراغ البالی اور خوشحالی سے بسر کرے گا۔

حضرت مولانا محمد مسعود ازہر مدظلہ

قرض کی ادائیگی اور روزی میں برکت

جو شخص جمعہ کے دن ستر (70) بار یہ دعا پڑھے، عجیب تاثیر دیکھے۔ دو جمعہ نہ گذرنے پائیں کہ قرضے کی ادائیگی اور روزی میں برکت کے اثرات ظاہر ہوں۔ اوّل آخر سات سات (7،7) بار درود شریف۔

اَللّٰهُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ، وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

روزگار میں برکت، بیماری سے شفاء، ہر حاجت پوری ہونے کا

خاص الخاص تعویذ .... خالد مقبول حفظہ اللہ (سرپرست دار العمل چشتیہ لاہور)

سورۂ فاتحہ کا یہ خاص تعویذ ہے۔ اس کو لکھ کر پاس رکھنے سے روزگار میں برکت ہو، اگر بیروزگار ہے تو غیب سے روزگار کے اسباب پیدا ہوں، مریض پاس رکھے تو شفاء حاصل ہو، دشمن یا ظالم کا دل نرم ہو، مخالفین کی زبان بندی ہو، جائز حاجت پوری ہوں۔ الغرض کسی بھی جائز مقصد کے لیے تعویذ کے نیچے سائل کا نام مع والدہ اور مقصد لکھ کر سائل کو پاس رکھنے کو دیں۔ پاکی ناپاکی کا خیال رکھا جائے۔ سورۂ فاتحہ کے عامل سے سعد وقت میں تعویذ لکھوائیں۔ تعویذ یہ ہے:

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ

اَلحَمدُ لِلّٰہِ	رَبِّ العٰلَمِینَ	الرَّحمٰنِ	الرَّحِیمِ	مٰلِکِ یَومِ الدِّینِ	اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ
رَبِّ العٰلَمِینَ	الرَّحمٰنِ	الرَّحِیمِ	مٰلِکِ یَومِ الدِّینِ	اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ
الرَّحمٰنِ	الرَّحِیمِ	مٰلِکِ یَومِ الدِّینِ	اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ
الرَّحِیمِ	مٰلِکِ یَومِ الدِّینِ	اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ	اَنعَمتَ
مٰلِکِ یَومِ الدِّینِ	اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ	اَنعَمتَ	عَلَیھِم
اِیَّاکَ نَعبُدُ	وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ	اَنعَمتَ	عَلَیھِم	غَیرِ المَغضُوبِ
وَاِیَّاکَ نَستَعِینُ	اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ	اَنعَمتَ	عَلَیھِم	غَیرِ المَغضُوبِ	عَلَیھِم
اِھدِنَا الصِّرَاطَ	المُستَقِیمَ	صِرَاطَ الَّذِینَ	اَنعَمتَ	عَلَیھِم	غَیرِ المَغضُوبِ	عَلَیھِم	وَلَا الضَّآلِّینَ

رزق سے متعلق اعمال

مولانا علی آفاق (مدیر ماہنامہ خزینہ روحانیات)

رزق کی برکت کے لیے

رزق کی برکت اور ترقی سمیت ہر حاجت کیلیے سورۂ یٰسین تین (3) مرتبہ صبح فجر کے بعد اور تین (3) مرتبہ شام مغرب کے بعد۔ مدت وظیفہ کم از کم گیارہ (11) دن اور زیادہ سے زیادہ اکتالیس (41) دن جاری رکھیں۔

رزق میں برکت، ادائیگی قرض، دفع بندش ہر قسم

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (ال عمران:۲۷)

رزق کی برکت، ہر حاجت کے لیے قرض کی ادائیگی کے لیے، ہر قسم کی بندش (رشتہ، رزق، سفر، کاروبار، صحت) کے خاتمے کے لیے۔ مدت اور تعداد وظیفہ گیارہ (11) مرتبہ صبح و گیارہ (11) مرتبہ شام، اکتالیس (41) یوم تک۔

فراخیٔ رزق کے لیے

سورۃ الواقعہ تین (3) مرتبہ اکتالیس (41) دن پڑھیں۔ اول و آخر تین (3) مرتبہ درود پاک پڑھیں۔

برکت اور ترقی کے لیے

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ (الذّٰریٰت:۵۸)

ہر نماز کے بعد اکتالیس (41) مرتبہ، اکتالیس (41) یوم تک۔

کاروبار کی برکت اور ترقی کیلئے

کاروبار، ملازمت، مزدوری، پھیری، ریڑھی جس کو جو روزگار اللہ نے عطا فرمایا ہے، اس میں برکت ایک ضروری اور لازمی چیز ہے۔ برکت کے بغیر کوئی بھی کام پائیدار اور مضبوط اور زیادہ دیر تک قائم نہیں رہ سکتا۔ اس لئے اللہ تعالیٰ سے اپنے کاموں اور ملازمتوں اور مقدروں میں برکت مانگنا ہرگز نہ بھولیے۔ کاروبار سمیت ہر روزگار میں برکت اور ترقی کیلئے سورۂ مزمل ایک سفید، صاف اور عمدہ کاغذ پر تحریر کر کے عمدہ قسم کا عطر لگا کر فریم میں جڑوا کر اپنی دکان، دفتر وغیرہ میں اونچی جگہ پر آداب کی رعایت کرتے ہوئے آویزاں کریں اور ہمارے سلسلے کی روزانہ کی 11 مرتبہ سورۂ مزمل پڑھ کر برکت کی دعا کریں۔ اللہ تعالیٰ وہاں سے اتنا اور بے حساب رزق عطاء فرمائیں گے کہ صاحب معاملہ کو بھی حیرت ہوگی۔ آزمائش شرط ہے۔

رزق کی بندش اور ہر طرح کی رکاوٹ کا مجرب اعمال

اکتالیس (41) مرتبہ سورۂ مزمل اکتالیس (41) دن وقت مقرر کر کے اول آخر درود شریف گیارہ (11) مرتبہ پڑھیں اور نمک، چینی اور پانی پر دم کریں، کھانے پینے اور پاک مقامات (گھر، دکان) پر چھڑکنے کیلئے استعمال کریں۔ سورۂ مزمل کے بعد دم کرنے سے پہلے یااللہ یاکریم یاحلیم پانچ سو (500) مرتبہ پڑھیں پھر دم کریں۔

قرض کی ادائیگی کے لیے

سورۂ توبہ کی آخری دو آیات اکتالیس (41) مرتبہ گیارہ (11)، اکیس (21) یا زیادہ سے زیادہ اکتالیس (41) دن۔

حصول غناء

غنا، تونگری کے لیے، فقر سے نجات اور حصول برکت کے لیے سورۂ اخلاص اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ اکتالیس (41) دن تک پڑھیں۔

فراخی رزق کے قرآنی وظائف

مولانا سلیم اللہ ظفر مدظلہ (ناظم روحانی درس گاہ)

سورۂ فلق سے روزی میں کشادگی

جو شخص کثرت سے سورۂ فلق پڑھے گا۔ اس پر روزی ان شاء اللہ بارش کے قطروں کی طرح برسے گی، یقین اور توجہ شرط ہے۔

سورۂ فلق میں کہیں رزق کا ذکر نہیں۔ مگر فراخی رزق میں اس سورت کی عجیب تاثیر ہے۔ اس نکتہ کو قابل احترام مولانا ابرار الحسن صاحب مدظلہ نے سمجھایا کہ حسد بہت بڑی وجہ ہے۔ جب اس سے ہی حفاظت ہو جائے گی تو برکت تو ملے گی۔ بات بھی دل کو لگتی ہے کہ حسد ہی کی وجہ سے لوگ جادو کرواتے ہیں، نظر بد لگتی ہے، سازشیں کرتے ہیں، مخالفت کرتے ہیں جب آدمی حسد سے حفاظت ہو جائے تو کوئی مخالف ہی نہ رہے گا۔

بلا مشقت رزق حاصل ہو

کوئی سورہ فاتحہ ایک بار، سورۂ الم نشرح تین بار اور سورۂ قدر گیارہ بار پڑھے، اللہ تعالیٰ بلا مشقت اس پر فتح رزق رکھے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

غیر متوقع جگہ سے رزق حاصل ہو

جو شخص ہر روز طلوع فجر کے وقت سورہ طہٰ پڑھ لیا کرے اس کو برکات بے نہایت حاصل ہوں۔ ادنیٰ برکت یہ کہ اس کو غیر متوقع طریقہ سے رزق حاصل ہوگا۔ اس روز کے سارے کام پورے، لوگوں کے دل اس کے آگے نرم اور دشمنوں کے سرخم ہو جائیں، ان شاء اللہ تعالیٰ۔

فراخی رزق و آمدنی میں اضافہ

رزق کی فراخی اور آمدنی میں اضافہ کیلئے بعد نماز فجر روزانہ اس آیت مبارکہ کو تین سو تیرہ (۳۱۳) بار اول و آخر درود ابراہیمی گیارہ (۱۱) مرتبہ پڑھیں۔ وظیفہ کے اختتام پر اللہ کے حضور عاجزی اور انکساری کے ساتھ گڑگڑا کر دعا کریں۔

اَللّٰہُ یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ مِنۡ عِبَادِہٖ وَ یَقۡدِرُ لَہٗ ؕ اِنَّ اللّٰہَ بِکُلِّ شَیۡءٍ عَلِیۡمٌ (العنکبوت:۶۲)

کشادگی رزق کے لیے

اس وظیفے کو جمیع حاجات و مہمات اور کشادگی رزق کے لئے اس طرح پڑھیں کہ جمعہ کے دن غسل کر کے اول وقت نماز عصر پڑھیں۔ پھر دو زانوں ہو کر بیٹھیں اور سورۃ واقعہ ایک بار بسم اللہ الرحمن الرحیم کے ساتھ پڑھیں اور دوسرے روز دو مرتبہ اور تیسرے روز تین مرتبہ۔ اس طرح سے ہر روز بڑھتے جائیں یہاں تک کہ چالیسویں روز چالیس بار ہو جائے اور مغرب تک پوری ہو جائے۔ اول و آخر درود شریف ابراہیمی گیارہ بار پڑھیں اور اگر یہ ممکن نہ ہو تو نماز عصر سے پہلے شروع کریں اور جب عصر کا وقت آئے تو نماز پڑھ کر پھر پڑھیں۔ یہ وظیفہ مجرب اور آزمودہ ہے۔

رزق میں اضافہ کے لیے

اَللّٰہُ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ ۙ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ (ال عمران:۲)

ہر نماز کے بعد یک تسبیح یا پھر نماز عشاء کے بعد تین سو (۳۰۰) مرتبہ پڑھ کر مالک ارض و سماء ذات لاشریک سے اضافہ رزق کی دعا مانگیں۔ بیشک وہ قبول کرنے والا ہے۔

آمدن میں اضافہ کے لیے

جب کسی کی آمدن قلیل ہو اور وہ اپنے اہل و عیال کی اچھی طرح کفالت نہ کر سکتا ہو تو اسے چاہئے کہ فجر کی نماز باقاعدگی سے پڑھے۔ اس کے بعد اس آیت کی ایک سو اکیس (۱۲۱) مرتبہ تلاوت کرے اور اس کے بعد دعا مانگے کہ اللہ اس کی آمدن میں اضافہ فرما دے۔ اگر اللہ کو منظور ہو تو اللہ اس کی روزی میں خیر و برکت پیدا کر دے گا اور اس کی آمدنی میں اضافہ کا ذریعہ بن جائے گا۔ اس مقصد کے لئے پڑھائی کو طویل عرصہ کے لئے جاری رکھا جائے۔ قُلۡ اِنَّ الۡفَضۡلَ بِیَدِ اللّٰہِ ۚ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ﴿ۚۙ۷۳﴾ یَّخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِہٖ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ وَ اللّٰہُ ذُو الۡفَضۡلِ الۡعَظِیۡمِ ﴿۷۴﴾ (ال عمران:۷۳-۷۴)

کوئی دعویٰ نہیں
نگینے
کوئی دعویٰ نہیں
پتھروں کا انسانی زندگی پر بہت اثر ہوتا ہے۔ جو کہ ستاروں کے نیک اثرات میں اضافے اور برے اثرات کو دور کرنے کے لئے ستاروں کی مناسبت سے نگینے بہت فائدہ مند ہوتے ہیں۔
عقیق مرجان در نجف فیروزہ زرقون
سنگ سلیمانی لاجورد کالا عقیق سنگ ستارہ مون سٹون
اوپل زمرد نیلم زبرجد پکھراج یاقوت
خوشحال زندگی میں معاونت، آفت سے چھٹکارا، پرخطر سفر میں حفاظت، حصول رزق میں ترقی کا باعث، دشمن کو زیر کرنا، قاطع ڈر اور خوف، محبت پیدا ہونا، خوشحالی لانا، کاروباری شعور بیدار ہونا، دانش اور اعتماد کا مظہر ہونا نیز یہ کہ اپنی شعاعوں کی قوت کے ذریعے سے انسان میں روحانی خصوصیات بھی بڑھاتے ہیں۔
0320-4312272 www.ruhanishop.com
0334-4312272 042-35410586 ruhanishop روحانی دکان

خوشخبری

خاص خاص اعمال

تھیلی والا عمل: سخت جادو اور جنات سے نجات کا عمل۔ یہ عمل صرف ان عاملین کے لئے ہے۔

ہانڈی والا عمل: بڑے سے بڑے جنات، آسیب، عفریت، شیاطین وغیرہ کو جلانے اور ہر قسم کے جادو اور امراض سے شفاء حاصل کرنے کا خاص عمل ہے۔ اس عمل کے دو درجے ہیں۔

کڑاہی والا عمل: اس عمل میں گروہ در گروہ جنات اور شیاطین، عامل جنات، جادوگر شیاطین و جنات کڑاہی میں [illegible]

بکرے کے صدقے کا عمل: جنات یا جادو سخت [illegible] ہو جائے تو ان کے علاج کے لئے بکرے کے صدقے کا [illegible] عمل۔

اونٹ کی ہڈی والا عمل: [illegible] گھر یا کسی بھی [illegible] سے جادو اور جنات کو نکالنے اور ان سے [illegible] کا [illegible] کرنے [illegible]

سری والا عمل: جب سخت [illegible] جادو اور جنات کے [illegible] اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔ جادو اور جنات [illegible] کا [illegible] کے لئے ضروری عمل۔

حُب کی بیاض: عاملین کے لئے محبت کے خاص الخاص اعمال۔ حب کے مجرب اعمال کی بیاض۔ حب کے اعمال [illegible] عاملین کے لئے ایک خاص تحفہ۔

خزینۂ مجربات: دارالعمل چشتیہ کے خاص عملیات کا مجموعہ۔ کسی بھی عمل کی چلہ کشی کی ضرورت نہیں۔ اجازت ملتے ہی عامل تمام اعمال استعمال کر سکتا ہے۔

حاضرات والا عمل: ایسا عمل جس میں بچے کی قید نہ ہو، ایسے تمام افراد، اس عمل کا عامل بن کر اپنی دیرینہ خواہش کو پورا کر سکتے ہیں۔

۳۴ کے نقش کا عمل: ۳۴ کا نقش "علم النقوش" کے بنیادی نقوش میں سے ہے اور روحانی علاج اور عملیات میں بہت زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

اعمال اولیائے کرام

دعائے حزب البحر: ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا ایک خاص عمل جو تمام جائز مقاصد کے لئے مجرب ہے۔

دعائے حزب النصر: شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل جو دشمن کے خلاف مضبوط ہتھیار ہے۔

دعائے حزب النصر الاکبر: امام الاولیاء غوث الاعظم سلطان پیر حضرت اقدس عبد القادر جیلانی نور اللہ مرقدہ کی دشمنوں کے لیے ایک خاص [illegible] قادریہ چشتیہ میں پڑھی جاتی ہے۔

دعائے حزب البر: ولی کامل شیخ ابوالحسن شاذلی رحمۃ اللہ علیہ کا [illegible] جو جائز مقصد کے لئے مجرب ہے۔

دلائل الخیرات: درود شریف کے مجموعے کی مشہور کتاب۔ [illegible]

برکات مکیہ: [illegible] درود شریف پر مشتمل شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ [illegible] باقاعدہ ورد سے روحانی ترقی ہوتی ہے۔

قصیدہ غوثیہ: غوث الاعظم پیران پیر حضرت اقدس عبد القادر جیلانی کا خاص قصیدہ۔

قصیدہ بردہ: روحانی ترقی، حسد اور ہر جائز حاجت پورا ہونے کے لیے مفید۔

قصیدہ طوبیٰ: اسماء حسنیٰ پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

قصیدہ حسنیٰ: اسماء النبی ﷺ پر مشتمل عمل جو شیخ محمد موسیٰ روحانی بازی رحمۃ اللہ علیہ کا عمل ہے اور بے شمار فوائد کا حامل ہے۔

نوٹ: درج بالا اعمال کے علاوہ بھی بہت سے اعمال اولیائے کرام کے عمل روحانی درس گاہ میں کروائے جاتے ہیں۔

کاروبار و ترقی

پیر سید صفدر شاہ بخاری مدظلہ

اگر اللہ پاک کا ہی حکم خاص اس عمل کو اس کے اثر کو روک دے تو اور بات ہے۔ واللہ غالب علی امر مجبوری مگر جہاں تک عاملین کی تحقیق اور عملیات کا تعلق ہے، اس عمل کا اثر یقینی ہے۔

جن احباب کی ترقی رکی ہو یا ملازمت نہ ملتی ہو، کاروبار چلتے چلتے رک گیا ہو تو یہ نقش ایسے حضرات کو خوش قسمتی سے ہمکنار کرے گا۔ نقش بالکل سادہ سا ہے اور ترکیب عمل بھی آسان ہے۔

اس نقش معظم کو چھ سو ستاسی (687) مرتبہ لکھو۔ یہ اس عمل کی زکوۃ ہے۔ ہر نقش کو علیحدہ الگ کاٹ کر، آٹے میں گولیاں بنا کر لپیٹ لو اور ایسے پانی میں جس میں مچھلیاں ہو، ڈال دو۔

پھر ایک نقش لکھ لو۔ اس نقش کو عطر میں معطر کر کے زرد ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھو۔ دل میں سچا یقین رکھو۔ ان شاء اللہ تعالیٰ اکیس (21) دن میں اس کا کھلا ہوا اثر معلوم ہو جائے گا۔ نقش ہمیشہ اپنے پاس رکھیں۔ تسدیس و تثلیث زہرہ مشتری میں لکھیں۔ سعد اوقات میں زکوۃ اپنی سہولت کے مطابق ادا کریں۔ وقت کی پیروی کریں۔ زکوۃ والے نقش کاپی پنسل سے بھی لکھ سکتے ہیں مگر آخری نقش زعفران سے لکھنا ہوگا۔ نقش طہارت سے منہ مشرق کی طرف رکھتے ہوئے لکھیں۔ گولیاں روزانہ ڈالیں یا اکٹھی وقت میں اکٹھا ڈال دیں۔ چھ دنوں میں لکھنا ہو تو ساعت مشتری میں لکھیں۔

۷۸۶

۶۹۵	۶۸۷	۶۹۲
۶۸۹	۶۹۱	۶۹۳
۶۹۰	۶۹۶	۶۸۸

آخری نقش زعفران و عرق گلاب سے لکھیں۔

تسدیس و تثلیث زہرہ مشتری یا ساعت مشتری میں لکھیں۔

معاشی مسائل کے روحانی حل

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی (لاہور)

رزق کی پرانی سے پرانی بندش ختم

اوّل آخر گیارہ (11) بار درود شریف بعد نمازِ عشاء "بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ" ڈھائی ہزار (2500) بار روزانہ اکتالیس (41) دن، رزق کا تخیل کرتے پڑھیں۔ ان شاء اللہ، رزق کی پرانی سے پرانی بندش دور ہوگی اور غربت و تنگ دستی کے سیاہ اندھیرے بادل چھٹ جائیں گے۔

کاروبار میں برکت... رزق میں اضافہ

کاروبار میں برکت اور رزق میں اضافہ کے لیے فجر کی نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ درود شریف ابراہیمی پڑھیں اور سات سو (700) مرتبہ "یَا رَزَّاقُ اُرْزُقْنِیْ حَلَالًا طَیِّبًا" کا ورد ہمیشہ کے لیے اپنی زندگی کا حصہ بنا لیں۔ ان شاء اللہ، رزق کے تمام بند دروازے بھی کھل جائیں گے اور اللہ کی طرف سے رزق میں بھی اضافہ ہو جائے گا۔

قرض اتارنے کا بہترین عمل

اگر کوئی مختلف وجوہات کی بنا پر بہت زیادہ قرض میں پھنس گیا ہو اور وہ ہر ممکن کوشش کے باوجود قرض نہ اتار پا رہا ہو تو اللہ پاک سے خوب استغفار کرے اور عہد کرے کہ میں قرض اتاروں گا۔ اس کے بعد روزانہ نمازِ عصر کے بعد سورۃ اذا جاء نصر اللہ کو اکتالیس (41) بار پڑھ کر اللہ سے مدد مانگے۔ رب ذوالجلال ان شاء اللہ تعالیٰ تھوڑے عرصے میں ہی قرض اتارنے کا راستہ نکال دے گا اور قرض اتر جائے گا۔

نوٹ: ان اعمال سے فائدہ اٹھانے والے پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی صاحب کو دعاؤں میں یاد رکھیں۔ خ

کشائش رزق کا خاص عمل

حضرت مولانا پیر حکیم عبدالقادر قادری رحمہ اللہ

برائے مہمات و رفع افلاس وغیرہ

قمری مہینے کی ابتدائی تاریخ میں اتوار کے روز طلوع آفتاب کے بعد شروع کرنا چاہیے۔ ہر روز اتنی تعداد میں پڑھیں، جو ہر دن کے مقابلہ میں درج ہے۔ مختلف اغراض کے لیے مختلف سمتوں کی طرف رُخ کر کے پڑھی جاتی ہے۔ چنانچہ اگر کشائش رزق اور فتوحات مطلوب ہوں تو شمال کی طرف منہ کر کے پڑھیں۔ ورحب کے لیے جنوب کی طرف، اخراج عدو کے لیے مشرق کی سمت اور ہلاکت اعداء کے لیے مغرب کی رُخ ہو کر پڑھیں۔ ان شاء اللہ مقصد بر آری ہوگا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ يَاعَلَّامَ السَّرَائِرْ يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ. اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ. يَاسَرِيْعُ يَاقَرِيْبُ. اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ. يَاقَادِرُ يَامُقْتَدِرُ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ يَاحَكِيْمُ يَاعَلِيْمُ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ يَاقَادِرُ يَاعَزِيْزُ آمين

بروز یکشنبہ (اتوار) ...... ستر (70) مرتبہ

بروز دوشنبہ (پیر) ...... ساٹھ (60) مرتبہ

بروز سہ شنبہ (منگل) ...... پچاس (50) مرتبہ

بروز چہار شنبہ (بدھوار) ...... چالیس (40) مرتبہ

بروز پنج شنبہ (جمعرات) ...... تیس (30) مرتبہ

بروز یکشنبہ (آدینہ) ...... بیس (20) مرتبہ

بروز شنبہ (ہفتہ) ...... دس (10) مرتبہ

نوٹ: عام اجازت ہے۔ جو کرے، وہ حضرت مولانا عبدالقادر رحمۃ اللہ کو ایصال ثواب ضرور کرے۔

معاشی مسائل کے روحانی حل

صوفی ایاز سلمی مدظلہ (کراچی)

افزونیٔ رزق

نوچندی جمعرات سے شروع کریں۔ روزانہ روٹی پر لکھ کر کھایا کریں اور ہر نماز کے بعد تین (3) مرتبہ پڑھا کریں۔ رزق میں بے انتہا برکت ہو گی۔ حتی کہ اگر روزگار پر کسی قسم کی بندش ہوگی تو وہ بھی کھل جائے گی۔

پیداوار میں برکت کیلئے

سفید کاغذ پر لکھ کر باغ یا کھیت کے چاروں کونوں میں دبا دیں۔ ان شاء اللہ، پیداوار میں برکت ہوگی اور حاسدین کی نظر وغیرہ سے بھی حفاظت رہے گی۔

دفع محتاجی و بندش روزگار کیلئے

چالیس (40) روز تک ہر روز یہ نقش ایک (1) مرتبہ لکھیں اور اس پر نو (۹) مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ نقش روزانہ بہتے ہوئے پانی یا دریا میں بہا دیا کریں۔ چالیسویں روز دو (2) عدد نقش لکھیں اور دونوں پر ۹،۹ مرتبہ چہل کاف پڑھ کر دم کریں۔ ایک کو دریا میں بہا دیں اور دوسرے کو اپنے پاس رکھ لیں۔ اس عمل کی برکت سے ان شاء اللہ ہرگز ہرگز کسی کا محتاج نہ ہوگا اور اگر روزگار کسی بندش کی وجہ سے بند ہے تو وہ کھل جائے گا۔

٢٥٩	٢٥٢	٢٥٧
٢٥٤	٢٥٦	٢٥٨
٢٥٥	٢٦٠	٢٥٣

دفع افلاس کیلئے

اگر کسی پر افلاس و تنگدستی کا غلبہ ہو تو اسے چاہئے کہ روزانہ چہل کاف مع بسم اللہ روٹی پر لکھ کر کھالیا کرے۔ بحکم خدا تنگدستی فراخ دستی میں بدل جائے گی اور رزق میں کشادگی پیدا ہوگی۔ مجرب و تجربہ شدہ عمل ہے۔

معاشی مسائل کا روحانی حل

حضرت مولانا احمد علی پنجگوری رحمۃ اللہ (کراچی)

تنگدستی دور کرنے کا عمل

بعد نماز صبح سورۃ اذا جاء نصر اللہ (آخر تک) اکیس (21) مرتبہ، بعد نماز ظہر بائیس (22) مرتبہ، بعد نماز عصر تیئیس (23) مرتبہ، بعد نماز مغرب چوبیس (24) مرتبہ، بعد نماز عشاء پچیس (25) مرتبہ، اول و آخر درود شریف پڑھنا چاہیے۔ مداومت پر ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔

تنگدستی سے نجات حاصل کرنے کا عمل

روزانہ مغرب یا عشاء کے بعد سورۃ مزمل گیارہ (11) مرتبہ، اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ (11،11) مرتبہ پڑھا کریں اور جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا پر پہنچا کریں تو پچیس (25) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيلُ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تنگدستی رفع ہوجائے گی۔ یہ عمل دائمی ہونا چاہیے۔

برائے ملازمت

اگر کسی عہدے کے لئے کثیر تعداد میں درخواستیں گزر چکی ہوں اور کوئی شخص چاہتا ہے کہ اس کی درخواست منظور ہو تو تین (3) روز تک مندرجہ ذیل آیت سات ہزار (7000) مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ضرور کامیابی ہوگی۔ آیت یہ ہے: نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾ (یوسف:۷۶)

کاروبار میں برکت کے لیے

کاروبار میں برکت اور ترقی کے لیے بعد نماز فجر اور بعد نماز مغرب باوضو اول درود شریف گیارہ (11) بار پڑھے۔ اس کے بعد تین سو تیرہ (313) بار یہ کلمات پڑھے: "يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ."

آخر میں گیارہ (11) بار درود شریف پڑھ کر دعا کیا کرے۔

معاشی مسائل کا روحانی حل

حضرت مولانا ارشد حسن ثاقب رحمۃ اللہ (لاہور)

مالی پریشانی کا حل

سورۃ مزمل شریف روزانہ اکیس (21)، اکتالیس (41)، بہتر (72) یا کم از کم گیارہ (11) بار کا معمول رکھیں۔ ان شاء اللہ آہستہ آہستہ ہر قسم کی مالی پریشانیاں دور ہو جائیں گی۔

غلہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے اور برکت ہو

اگر درج ذیل آیات کو ٹھیکری پر لکھ کر غلہ میں رکھ دیں تو وہ چوری اور گھن سے محفوظ رہے گا اور برکت ہوگی۔

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَاۗءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔـوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾ لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ڐ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔــهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰۗىِٕكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ (البقرۃ:۲۵۵-۲۵۷)

رزق میں زیادتی اور چور سے حفاظت

اگر درج بالا آیات کو دکان میں یا مکان میں اونچی جگہ رکھ دیں تو رزق میں زیادتی ہوگی، فاقہ نہ ہوگا اور وہاں چور نہ آئے گا۔

اسم "مَالِكُ" اور معاشی مسائل

عالم فقری رحمۃ اللہ (لاہور)

دولت مند بننے کا وظیفہ

یہ اسم غنا کے لیے بہت اکسیر ہے۔ اس لیے جو شخص مال و دولت حاصل کرنے کا خواہشمند ہو، اسے چاہیے کہ اس اسم کو کثرت سے پڑھے۔ اگر ایسا نہ کر سکے تو اس وظیفہ کو بعد نمازِ فجر اور بعد از عشاء روزانہ تین ہزار (3000) مرتبہ کم از کم دو (2) سال تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ مہربان ہو گا اور اس پر حصول دولت کے راستے کھل جائیں گے۔

ذریعہ روزگار بن جائے

ایسے ہی اگر کسی شخص کو روزگار نہ ملتا ہو اور غربت کی وجہ سے شدید تنگدستی رہتی ہو تو اسے چاہیے کہ گیارہ سو (1100) مرتبہ روزانہ ایک سو بیس (120) دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ، ذریعہ روزگار بن جائے گا۔

ذاتی مکان بنانے کا عمل

یہ اسم ذاتی ملکیت میں جائیداد بنانے کے لیے بہت مؤثر ہے۔ اگر کوئی شخص کرایہ دار ہو اور معاشی حالات تنگ ہونے کی وجہ سے اس میں ذاتی مکان بنانے کی سکت نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اس اسم کا روزانہ دس ہزار (10000) گنتی پوری کرنی شروع کرے اور کم از کم (3) تین سال تک اسی ورد کو پڑھتا ہے۔ ان شاء اللہ، اللہ تعالیٰ اس کی ایسے ذرائع سے مالی امداد کرے گا کہ وہ سوچ بھی نہ سکے گا اور اپنی خواہش کے مطابق ذاتی مکان یا کوٹھی بنا لے گا۔

دولت، عزت اور غلبہ

حصول دولت کے ساتھ عزت اور غلبہ بھی حاصل کرنے کیلئے "الملک العزیز" روزانہ دس ہزار (10000) مرتبہ پڑھیں اور ایک کروڑ کی تعداد پوری کریں۔ جس طرف جائیں گے، ہر کوئی عزت سے دیکھے گا۔ بے پناہ غلبہ حاصل ہو گا۔ ہر کوئی فدا ہو گا۔ جس حاکم یا اہلِ ثروت کے پاس جائیں گے، وہ بات غور سے سنے گا اور ظلم سے ظالم شخص بھی آپ کے سامنے بول نہ سکے گا۔

حصول عہدہ یا ملازمت

ایسا شخص جسے ملازمت حاصل کرنے کی لگن ہو مگر کوئی کام بنتا نظر نہ آتا ہو یا الیکشن میں نشست جیتنی ہو یا ملازمت میں رہتے ہوئے کسی عہدہ پر ترقی کی امید ہو لیکن امیدوار زیادہ ہونے کی وجہ سے بات بنتی نظر نہ آتی ہو تو اس صورت میں "یَامَالِكَ الْمُلْكِ" اکیس (21) دن تک روزانہ سات ہزار (7000) مرتبہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ حسب منشا کام ہو جائے گا۔

کرایہ پر دی ہوئی دکان یا مکان خالی کروانا

بعض اوقات کرایہ دار اچھی فطرت کے نہیں ملتے۔ مکان یا دکان پر قبضہ کر لیتے ہیں۔ نہ کرایہ دیتے ہیں نہ ہی خالی کرتے ہیں یا کسی وراثت کی زمین پر دوسرے حصہ دار قبضہ کر لیتے ہیں اور حصہ نہیں دیتے۔ عدالت میں مقدمہ شروع ہو جاتا ہے۔ ایسے تمام حالات کو درست کرنے کے لیے اور اپنی ملکیت کی جائیداد کو دوسرے سے خالی کروانے کے لیے "یَامَالِكَ الْمُلْكِ" کا ختم شریف سات (7) یوم تک چند آدمی اکٹھے مل کر اکتالیس ہزار (41000) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ مقدمہ میں کامیابی ہو گی۔ اگر مقدمہ نہ ہو، صرف جھگڑا ہی ہو تو پھر بھی مکان یا دکان خالی ہو جائے گی۔

فراخی رزق کے روحانی اعمال

فیصل حمید نقشبندی (لاہور)

غیب سے مال ودولت

بابا سلطان قادری تحریر فرماتے ہیں کہ یہ عمل بہت مجرب اور طاقتور ہے۔اس کو صرف وہی آزمائے جو حالات سے بے حد تنگ ہو۔تین (3) سے اکیس (21) دن کا عمل ہے۔ایک پاؤ گوشت چھت یا ویران جگہ پر پھینک کر کہیں کہ یہ آپ کی نیاز ہے۔پھر اس عمل کو تین سو تیرہ (313) مرتبہ روز پڑھیں۔عزیمت یہ ہے:

عزمت علیکم یا ابوش تجھے اللہ اور محمد مصطفیٰ ﷺ کی قسم، مولا علی کی قسم، تجھے کل اولیاء کی قسم، تجھے سلیمان پیغمبر کی قسم میرے واسطے خزانہ غیب سے لا ورنہ سوختہ شود۔

وسعتِ رزق

یَاوَهَّابُ 1040 مرتبہ۔

یَاوَهَّابُ هَبْ لِیْ مِنْ نِّعْمَةِ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ..... 100 مرتبہ۔

وسعتِ رزق اور فراخی معاش کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔رزق کے بے شمار اسباب ومواقع پیدا ہوں گے۔ایک جہاں سے رزق ملے گا کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔

اگر پہلے سے برسر روزگار یا صاحب کاروبار ہیں تو ترقی و بڑھوتری ہوگی۔کام تیزی سے بڑھے۔بہت ہی مجرب المجرب عمل ہے۔

وسعتِ رزق...قضائے حاجات

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلَمْ تَرَ كَیْفَ یَابَاسِطُ فَعَلَ رَبُّكَ یَاوَهَّابُ بِاَصْحٰبِ الْفِیْلِ یَابُدُّوحُ اَلَمْ یَجْعَلْ كَیْدَهُمْ یَاغَنِیُّ فِیْ تَضْلِیْلٍ وَّاَرْسَلَ عَلَیْهِمْ طَیْرًا یَامُغْنِیُ اَبَابِیْلَ یَامُنْتَقِمُ تَرْمِیْهِمْ یَافَتَّاحُ بِحِجَارَةٍ مِّنْ سِجِّیْلٍ یَارَزَّاقُ فَجَعَلَهُمْ یَامَالِكَ الْمُلْكِ كَعَصْفٍ مَّاْكُوْلٍ یَاذُوالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ۔

وسعت رزق اور قضائے حاجات کے لیے یہ عمل بہت ہی مجرب ہے۔

اس عمل کو ہر روز ایک سو (100) مرتبہ، اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف کے ساتھ پڑھیں۔حاجت کیسی بھی ہو، ایک (1) ہفتے میں ختم ہوگی۔ وسعت رزق اور برکت ہوگی۔

وسعت رزق...فراغ معاش

نوچندی جمعرات سے بعد نماز فجر اول آخر گیارہ (11) مرتبہ درود شریف اور ایک سو (100) مرتبہ عمل پڑھیں۔اللہ تعالیٰ غیب سے رزق دیں گے کہ عقل دنگ رہ جائے گی۔اگر ہمیشہ عمل کی مداومت رکھیں تو کبھی محتاج نہ ہوں گے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ ۭ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ۭ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا یَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ؀

(الانعام:۵۹)

یہ عمل نہیں بلکہ خزانہ غیب کی کنجی ہے۔آپ پر اب یہ دارومدار ہے کہ اس خزانہ غیب سے کیا حاصل کرتے ہیں۔

مجرب عمل بنائے کیمیائے مشائخ برائے حصول غناء

محمد عبدالرؤف بانوا قادری مجبوب عباسی (کوئٹہ)

عمل انتہائی مجرب المجرب اور کثیر الاسناد ہے۔ اس عمل مبارک کو امام غزالیؒ نے احیاء العلوم جلد اوّل اور کیمیائے سعادت میں، صاحب قوت القلوب جناب امام اجل حضرت شیخ ابو طالب مکی نے، شیخ محقق شیخ الحدیث عبدالحق محدث دہلویؒ نے مدارج النبوت میں اور علامہ عبدالرحمٰن بن عبدالسلام الشافعی الصفوریؒ نے نزھۃ المجالس جلد اول میں اور دیگر بزرگوں نے بڑی شرح و بسط سے درج فرمایا ہے بلکہ صاحب نزھۃ المجالس یہ فرماتے ہیں کہ حضرت انسؓ سے یہ روایت ہے کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا کہ جمعۃ المبارک کے روز جب امام سلام پھیرے تو اس وقت جو شخص حالت تشہد میں ہی قبل اپنے پاؤں موڑنے کے سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ ناس سات سات (7،7) بار پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس کے اگلے پچھلے گناہ بخش دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ روز قیامت پر جتنے لوگ ایمان لائے تو سب کے برابر اس کا اجر عطا فرمائے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ ایک روایت میں ہے کہ اللہ تعالیٰ اس کے دین و دنیا اور بال بچوں کو محفوظ رکھتا ہے۔ اور حضرت ابن مسعودؓ نے فرمایا ہے کہ جو شخص ان کے یعنی سورۂ فاتحہ، اخلاص و معوذتین سات سات (7،7) بار پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ. یَامُبْدِئُ. یَامُعِیْدُ. یَارَحِیْمُ. یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ وَ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ تو اللہ تعالیٰ اس کو غنی بنادے اور ایسی جگہ سے اسے روزی پہنچائے جہاں سے اس کا گمان نہ ہو۔

حضرت انسؓ نے فرمایا کہ جو شخص جمعہ کے روز صرف یہ دعا سو(100) بار پڑھا کرے تو اس پر دو(2) جمعہ بھی نہ گزرنے پائیں گے کہ اللہ تعالیٰ اسے غنی بنادے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ۔ نزھۃ المجالس کی عبارت یہاں ختم ہوئی۔ جب کہ امام غزالیؒ اور شیخ ابو طالب مکیؒ نے اپنی اپنی تصانیف میں یہ فرمایا ہے جب کوئی شخص نماز جمعہ امام کے ساتھ پڑھے اور سلام پھیر کر حالت تشہد ہی میں کسی سے بات کرنے سے قبل سات (7) مرتبہ سورۂ فاتحہ، سات (7) مرتبہ سورۂ اخلاص، سات (7) مرتبہ سورۂ فلق، سات (7) بار سورۂ والناس اور سات (7) بار یہ دعائے مشائخ پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ. یَاحَمِیْدُ. یَامُبْدِئُ. یَامُعِیْدُ. یَارَحِیْمُ. یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

چنانچہ بزرگان دین سے مروی ہے کہ جو شخص ایسا کرے گا، ایک جمعہ سے دوسرے جمعہ تک محفوظ ہو جائے گا اور یہ وظیفہ اس کے لئے شیطان سے آڑ ہوگا۔ منقول ہے کہ جو شخص ہمیشہ اسی طرح سے یہ سورتیں پڑھ کر دعا کیا کرے تو اللہ تعالیٰ اسے مخلوق سے بے پرواہ و بے نیاز کر دیتا ہے اور اسے بے شمار رزق عطا فرماتا ہے۔

اسی ضمن میں بعض علمائے عاملین اپنے تجربات اور کئی لوگوں کی اسناد کی بنا پر فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص بروز جمعہ بعد نماز جمعہ دو (2) رکعت فرض کے سلام و دعا کرنے کے بعد بنا کسی سے بات چیت کیے حالت تشہد ہی میں سات سات (7) بار درود و سلام، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ والناس اور سورۂ طلاق کی آیت بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ. وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق:۲-۳) اور یہ دعائے مشائخ اَللّٰھُمَّ یَاغَنِیُّ یَاحَمِیْدُ. یَامُبْدِئُ. یَامُعِیْدُ. یَارَحِیْمُ. یَاوَدُوْدُ اَغْنِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَ بِطَاعَتِكَ عَنْ مَّعْصِیَتِكَ وَ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ پڑھے اور ہر رات کو درود و سلام، سورۂ فاتحہ، سورۂ اخلاص، سورۂ فلق، سورۂ والناس کو ستر ستر (70-70) بار اور سورۂ طلاق کی آیات بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰهَ یَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۝ وَّیَرْزُقْهُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ ؕ وَمَنْ یَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ؕ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَیْءٍ

معاشی مسائل کے روحانی حل

یاسین قادری (کراچی)

دکان، مکان، گاڑی یا کسی اور چیز کے خریدار یا گاہک بڑھانے کا طلسمی نقش

اس طلسمی نقش کا، کسی بھی جمعرات کے دن مشتری کی ساعت میں، ایک نسخہ زعفرانی سیاہی سے اور ایک نسخہ لال رنگ کی سیاہی سے تیار کرنا ہے اور اگربتی کی دھونی دینے کے بعد لال رنگ کی سیاہی والے کو دکان، مکان یا گاڑی وغیرہ پر لگا دیں یا مالک ایک نسخہ اپنے پاس رکھے اور زعفرانی سیاہی والے کو پیرے بوتل میں ڈال کر پانی ملا کر مطلوبہ چیز پر پانی چھڑک دیں اس طرح کہ پانی کی بے ادبی نہ ہو۔

وضاحت کے لیے

طلسمی نقش کے خالی خانے میں مقصد حروف کی شکل میں لکھنا ہے نقش کی چال مندرجہ ذیل ہے:

۷	حروف میں مقصد لکھیں	۵
۲	۴	۶
۳	۸	۱

ملازمت حاصل کرنے کے لیے

اس طلسم کو کسی بھی وقت دن اور ساعت میں لال رنگ کی سیاہی سے لکھ کر اس کے گرد یہ حروف تین (3) بار لکھنے ہیں: ''اق ض ا ء وت ی س ی را م را ل ح ص ول ع ل ی وظ ی ف ہ س ر ی ع اً''

مندرجہ بالا عبارت جو طلسم کے اردگرد دائرے کی شکل میں لکھنی ہے، اس میں جہاں ''ف ل ان ب ن ف ل ان ۃ'' ہے، وہاں سائل کا نام لکھیں حروف کی شکل میں۔

اس کے بعد اس کو اگربتی کی دھونی دینی ہے۔ اور سفید رنگ کی موم بتی پر فولڈ کر کے روزانہ ایک موم بتی مغرب سے پندرہ (15) منٹ پہلے جلانی ہے نو (9) دن تک۔ روز نیا طلسم اور موم بتی استعمال ہوگی۔

نوکری کی بحالی کے لیے

اس طلسم کو کسی بھی منگل کے دن شام 6 بجے کے وقت لال رنگ کی سیاہی سے لکھ کر اس کے اردگرد یہ حروف تین (3) بار لکھنے ہیں:

رج وع فلان بن فلانہ ال ی ال وظ ی ف ۃ

مندرجہ بالا عبارت میں جو طلسم کے اردگرد دائرے کی شکل میں لکھنی ہے، اس میں جہاں ''ف ل ان ب ن ف ل ان ۃ'' ہے، وہاں سائل کا نام لکھیں حروف کی شکل میں)

اس کے بعد اس کو اگربتی کی دھونی دینی ہے اور سفید رنگ کی موم بتی پر فولڈ کر کے روزانہ ایک موم بتی مغرب سے پندرہ (15) منٹ پہلے جلانی ہے، اکیس (21) دن تک۔ روز نیا طلسم اور موم بتی استعمال ہوگی۔

روحانی علوم پر مشتمل کورسز

علم التشخیص (ابتدائی): اس کورس میں مریض کی روحانی تشخیص کے بہت سے طریقے سکھائے جاتے ہیں۔ مثلاً کپڑا، دھاگہ، بازو ناپ کر، نقش کے ذریعے، چینی کھلا کر، پانی پڑھ کر، علم الاعداد کے ذریعے وغیرہ۔

علم الدفاع (ابتدائی): اس کورس میں عامل کا بنیادی دفاع مضبوط کیا جاتا ہے جس کی ضرورت جادو اور جنات کے علاج کرنے والے ہر عامل کو ہوتی ہے۔ یہ کورس ان مریضوں کے لئے بھی مفید ہے جو چاہتے ہیں کہ جادو اور جنات سے ہمیشہ کے لئے محفوظ ہو جائیں اور دوبارہ جادو یا جنات کے اثرات میں مبتلا نہ ہوں۔

علم الدفاع (ماہر): اس کورس میں عامل کا دفاع بہت مضبوط کیا جاتا ہے۔ اس کورس کرنے کے بعد عامل کو مخفی مخلوق کے خلاف دفاعی قوت حاصل ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے جنات و شیاطین عامل سے ڈرنا شروع کر دیتے ہیں اور جنات میں اس کی ہیبت بیٹھ جاتی ہے اور جنات عامل کا مقابلہ کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ عامل اس کورس کے بعد مریض کا بھی حصار کر سکتا ہے۔

واپسی سحر کورس (ابتدائی): اس کورس میں مختلف قسم کے جادو کو واپس کرنے کے اعمال سکھائے جاتے ہیں۔

اسم اعظم کورس: اس کورس میں اسم اعظم نکالنا سکھایا جاتا ہے۔ اسم اعظم کو کس طرح استعمال کریں جس سے اسم اعظم کا بھرپور فائدہ پڑھنے والے کو ہوتا ہے۔ اس کورس میں بتایا گیا ہے۔

دیگر روحانی کورس مثلاً عامل جنات (ابتدائی و ماہر)، علاج السحر (ابتدائی و ماہر)، علم التشخیص (ماہر)، علم الحب (ابتدائی و ماہر)، علم البغض و جدائی (ابتدائی و ماہر)، طبیب روحانی (ابتدائی و ماہر)، علم الحاضرات (ابتدائی و ماہر)، علم الاعداد (ابتدائی و ماہر)، علم النقوش (ابتدائی و ماہر)، واپسی سحر کورس (ماہر)، علم الساعات، علم النکاح، عملیات کا بنیادی کورس، روحانیت کی ترقی کا کورس، بندش کورس بھی کروائے جاتے ہیں۔

علوی نورانی اعمال

سات سلام اور چہل کاف: جادو جنات کی روحانی تشخیص، جنات، شیاطین، سایہ، ہر قسم کے جادو ٹونے اور نظر بد کے بد اثرات کا علاج گھر مکان وغیرہ سے جادو جنات کو کاٹنے کا خاص عمل۔ دنیا کا شاید ہی کوئی جائز کام ایسا ہو، جو اس عمل سے ممکن نہ ہو سکتا ہو۔

مندرہ کبیر: جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک ضروری عمل۔ جس سے آپ جنات، جادو، آسیب، دشمن، جادوگر، شیاطین، ملک [illegible] اور ان کے خلاف ایک انتہائی مضبوط روحانی ہتھیار ہیں۔

نورانی مندرہ: جادو جنات کے ماہر روحانی معالج بننے کے لئے ایک نوری عمل۔ جو کہ جادو اور جنات سے نجات اور ہر طرح کے عمل کو واپس کرنے اور ہر قسم کے منتروں کا توڑ۔

عمل باندہ جادو: ہر قسم کا جادو ٹونہ جو مختلف طریقوں سے کیا ہوا جیسے کہ (پتلی) بنا کر سوئیاں [illegible] ہوں، تعویذ کیے ہوں، جھاڑ یا پڑیا ہو، کہیں عمل کر کے دبایا ہو، آگ پر رکھا ہو، راہوں پر پڑھ کر پھینکا ہو، باندھا ہو [illegible] کاٹا جا سکتا ہے۔

عصائے کلیم اللہ: سخت جادو کی کاٹ کا ایک خاص عمل۔ یہ عمل بھی مندرے کی طرح کام کرتا ہے، مگر تاثیر میں مندرے سے کافی کم ہے۔ مریض کو دم کرنے سے فوری فرق پڑتا ہے اور مسلسل دم کرنے سے جادو بہت جلد کٹ جاتا ہے۔

مندرہ شاہ علی: مندرہ شاہ علی "نوری علوی عملیات کا سرتاج اور کثیر المقاصد عمل ہے۔ خاص کر یہ بڑے سے بڑے جادو اور خطرناک جنات و شیاطین کے خلاف ایک مضبوط ہتھیار ہے۔

اعمال برائے ترقی معاش

علامہ ڈاکٹر سخاوت حسین سندرالوی مدظلہٗ

امیر و کبیر ہو جانا

وقت طلوع آفتاب اوّل و آخر تین سو (300) مرتبہ درود شریف پڑھیں اور پھر بسم اللہ شریف تین سو (300) مرتبہ پڑھیں اور روزانہ اس کو بلا ناغہ پڑھتے رہیں۔ ایک (1) سال کے اندر اندر ان شاء اللہ امیر کبیر ہو جائیں گے۔ (نوٹ) اگر غسل کی حاجت پیش آئے، طلوع آفتاب سے پہلے غسل کر لینا ضروری ہے ورنہ اثرات زائل ہو جائیں گے۔

غیب سے روزی پانے کے لیے

یہ عمل بزرگوں کا آزمایا ہوا ہے کہ جو شخص سورہ کافرون اور سورہ نصر ملا کر چالیس (40) روز پڑھے اور اس پر مداومت کرے تو غیب سے اس کو روزی عطا ہوگی۔ رجوع خلائق کے لیے یہ عمل بہت مجرب ہے۔ صبح کی نماز کے بعد پڑھا کریں۔

قرض ادا ہو، رزق وسیع ہو

یہ عمل بے حد آسان ہے وہ ہر شخص اس کی پابندی کر سکتا ہے۔ نماز فجر کے بعد "اَللّٰہُ الصَّمَدُ" سو (100) مرتبہ پڑھے اور اول و آخر گیارہ، گیارہ (11) مرتبہ درود شریف پڑھے۔ ان شاء اللہ قرض بھی ادا ہوگا اور رزق کی فراوانی ہوگی۔

رزق میں خیر و برکت

ہر فرض نماز کے بعد ایک سو (100) مرتبہ اسم الٰہی "یَا لَطِیْفُ" پڑھ کر تین (3) مرتبہ یہ آیت پڑھے: اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾ (الشوریٰ:۱۹) پڑھنے سے رزق میں خوب خیر و برکت ہوتی ہے اور تنگی معاش فرع ہو جاتی ہے۔

غیب سے رزق کے اعمال

علامہ عابد عسکری مدظلہٗ (لاہور)

خزانہ غیب سے رزق ملے

اگر کوئی شخص صبح کے سنت اور فرض کے درمیان چالیس (40) روز تک سورۂ حمزہ اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ پڑھے تو ان شاء اللہ چالیس (40) روز کے بعد خزانہ غیب سے رزق ملنا شروع ہو جائے گا۔

غیب سے روزی میسر ہو

کسی ایک نماز کے بعد ہر روز پندرہ (15) مرتبہ یہ آیہ شریفہ پڑھا کریں۔ آیہ شریفہ کے آغاز اور انجام پر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھا کریں حق تعالیٰ غیب سے روزی کا سامان پیدا کرے گا۔ یہ عمل کم از کم پندرہ (15) دن تک کریں۔ اور اسے مستقل وظیفے کے طور پر بھی پڑھ سکتے ہیں۔

آیہ مبارکہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَاۤ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآىِٕدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿۱۱۴﴾ (المآئدۃ:۱۱۴)

اگر اس عمل پر مداومت رکھیں تو افزائش رزق کی وجہ سے دل میں حیرت ہو رسعادتمانی گاؤں یا جاری ہو جائے گا۔

رزق اور غیبی مدد کے حصول کے لیے

نماز تہجد اور نماز عشاء کے بعد "یَا مُغْنِیُ" بلا تعداد پڑھا کریں۔ اور سجدہ میں جا کر انتہائی عاجزی و انکساری کے ساتھ دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ، بہت جلد غیبی امداد کا حصول ممکن ہو جائے گا۔

نوٹ رزق کے درج بالا اعمال میں اس بات کا خاص خیال رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی والے کام بالکل نہ ہو یا حتی الامکان نہ ہوں۔ اگر ایسا نہ کیا تو پھر غیبی رزق کے اعمال میں کامیابی ہونا ممکن نہیں۔ خ

عاملین کے تجویز کردہ معاشی مسائل کے روحانی حل

مرتب: ادارہ خزینہ روحانی علاج گاہ

فضیلۃ الشیخ عبدالباسط شاذلی نقشبندی حفظہ اللہ

رزق و روزگار میں اضافہ

سورۂ مزمل کی آیت:

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا (المزمل: [illegible])

اس آیت کو چاشت کی نماز کے بعد گیارہ (11) مرتبہ روزانہ پڑھنا ہے اکتالیس (41) دن تک۔ رزق کو کھینچ کر لاتا ہے۔

رزق کے لیے/فتوحات کے لیے

رزق کے لیے فتوحات کے لیے سورۃ النصر کو روزانہ اکیس (21) مرتبہ روزگار کی جگہ پر پڑھنے سے گاہک کھنچ کر دکان کی طرف آنا شروع ہو جائیں۔

مولانا قاری ممتاز صاحب

رزق میں برکت اور کاروبار کی ترقی کے لیے

ترقی کاروبار کیلئے سورۂ بقرہ (مکمل) منگل کے روز پڑھ کر دعا کریں۔ ان شاءاللہ رزق میں برکت ہوگی اور کاروبار خوب چلے گا۔ یہ عمل سات (7) سلام اور چہل کاف کے جنات نے عطا کیا۔

ڈاکٹر حشمت جاہ (کراچی)

حصولِ روزگار و دفع تنگی رزق

قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ يَّخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۝ (ال عمران: [illegible])

اگر کسی کو نوکری مطلوب ہو یا دقتِ رزق و پریشانی روزگار ہو تو ان آیات کو لکھ کر اور تعویذ بنا کر بازو پر باندھے۔ ان شاءاللہ تعالیٰ کامیاب ہوگا۔

افلاس و غربت ختم کرنے کیلئے

وَلَقَدْ مَكَّنّٰكُمْ فِي الْاَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيْهَا مَعَايِشَ ۭ قَلِيْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝ (الاعراف:۱۰)

جو کوئی اس آیت کو روز جمعہ بعد کاغذ پر لکھ کر کنوئیں میں ڈالتا جائے تو بفضلِ تعالیٰ اس سے افلاس و غربت دور ہو جائے۔

محمد زمان شاہ (الحمد والے شاہ جی)

روزگار کی بندش اور رزق کی فراوانی کیلئے مجرب ترین

بے روزگاری یا رزق کی تنگی کیلئے مجرب المجرب وظیفہ پیش خدمت ہے۔ رجال الغیب اور ساعت مشتری کا وقت لازمی منتخب کریں۔ ان شاءاللہ غیب سے رزق ملے گا اور بے حساب ملے گا۔

درود شریف دس (10) بار۔ سورۂ اخلاص ایک (1) تسبیح۔ سورۃ انا انزلنا پچاس (50) بار۔ سورۃ الطلاق پارہ نمبر 28 آیات نمبر 2 اور نمبر 3 ایک (1) تسبیح۔ اس کے بعد اپنے رزق اور روزگار کیلئے دعا کیجئے۔ ویسے تو یہ عمل 27 دن کا ہے۔ اگر ہمیشہ کیلئے معمول بنالیں تو ان شاءاللہ رزق کی کمی نہیں رہے گی۔

آیت یہ ہیں: فَاِذَا بَلَغْنَ اَجَلَهُنَّ فَاَمْسِكُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ اَوْ فَارِقُوْهُنَّ بِمَعْرُوْفٍ وَّاَشْهِدُوْا ذَوَيْ عَدْلٍ مِّنْكُمْ وَاَقِيْمُوا الشَّهَادَةَ لِلّٰهِ ۔ ذٰلِكُمْ يُوْعَظُ بِهٖ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ۚ وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ۔ وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۔ اِنَّ اللّٰهَ بَالِغُ اَمْرِهٖ ۔ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا ۝ (الطلاق:۲-۳)

محمد عبداللہ خان صاحب نقشبندی مجددی

کشائش رزق کے واسطے

روزمرہ نمازِ عشاء کے بعد مع اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود شریف کے، اکیس (21) بار سورۂ مزمل شریف پڑھا کرے۔ مگر ہر بار جب لفظ پر پہنچے تو پچیس (25) بار کلمہ پڑھ کر سورت تمام کرے۔ بشرط مداومت رزق میں وسعت ہوگی۔

سید مزمل حسین شاہ مدظلہ (لاہور)

عہدے پر بحالی

اگر کوئی شخص اپنے عہدے سے معزول ہو گیا ہو یا نوکری سے نکال دیا گیا ہو تو سورۂ یوسف کی کثرت سے تلاوت کرے، ان شاء اللہ تعالیٰ واپس اپنے عہدے پر بحال ہوگا۔

پروفیسر رانا ثناء اللہ خان مدظلہ

کاروبار میں خیر و برکت

سورۂ الم نشرح کاروبار کیلئے بڑی خیر و برکت ہے۔ اس سورۃ کو گیارہ (11) دفعہ روزانہ گیارہ (11) دن بعد از نمازِ ظہر پڑھے۔ اللہ تبارک تعالیٰ کاروبار کی پریشانی دور فرمائے گا۔

قاری محمد حسن رضوی (لاہور)

رزق کے لئے

نوچندی پیر سے سورۂ اخلاص کی آیت "اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝" تین ہزار (3000) مرتبہ روزانہ پڑھیں۔ تین (3) مہینے تک۔ ان شاء اللہ رزق کی فراوانی ہوگی۔

شہزادہ منظور علی سمون (ٹنڈو محمد خان)

برائے دولت

سورہ ہمزہ: جو کوئی بھی لحاظ سے ترقی چاہتا ہو تو اس سورۃ پاک کو روزانہ فجر کی نماز میں سنت و فرض کے درمیان چالیس (۴۰) دفعہ پڑھے، چالیس (۴۰) دن تک تو مالی ترقی ہوگی۔ دستِ غیب سے مدد ملے گی۔

برائے ترقی دولت

سورہ مزمل: جو کوئی ملازمت کاروبار میں ترقی چاہتا ہو، دولت میں ترقی چاہتا ہو، وہ اس سورت پاک کو روزانہ تین (۳) دفعہ پڑھے۔

پیر ناصر قلندری

حصولِ دولت

بعد نمازِ صبح ایک سو (100) مرتبہ سورۂ نصر، اوّل آخر سات سات (7،7) مرتبہ درود شریف پڑھے۔

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

مال، دولت و رزق کی فراوانی کا خاص قرآنی عمل

اگر کوئی مالی مسائل کا شکار ہو اور رزق میں تنگی کا سامنا کرتے کرتے تنگ آ گیا ہو تو اس خاص قرآنی عمل سے فیض حاصل کریں۔ ان شاء اللہ ضرور فائدہ ہوگا۔ طریقہ یہ ہے کہ نماز فجر کے بعد مندرجہ ذیل آیت مبارکہ روزانہ گیارہ سو (۱۱۰۰) بار پڑھے۔ اسی طرح روزانہ لگاتار اکیس (۲۱) روز کرے۔ پہلے روز بھی نیاز تقسیم کریں اور آخری روز بھی نیاز تقسیم کرنی ہے۔ اور اسی آیت کا نقش بنوا کر پاس رکھیں اور اکیس (۲۱) روز کے بعد تعداد ورد روزانہ ایک سو ایک (۱۰۱) بار کرلیں۔ اگر اس پر قائم رہے تو ان شاء اللہ مجھے روز یاد کریں گے۔ لاجواب و خاص عمل ہے۔ برکت کا کرشمہ دیکھیں گے۔ آیت مبارکہ یہ ہے:

رَبَّنَآ اَنْزِلْ عَلَيْنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوْنُ لَنَا عِيْدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنْكَ ۚ وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ (المائدۃ:۱۱۴)

سلطان محمود آشفتہ

کاروبار میں نقصان

بعد نماز عشاء پڑھیں۔

درود شریف نماز والا اکیس (21) بار

سورۂ فاتحہ (الحمد شریف) اکیس (21) بار

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ (البقرۃ:۱۳۷) تین سو تیرہ (313) بار

سورۂ فاتحہ اکیس (21) بار

درود شریف نماز والا اکیس (21) بار

قرض کسی طرح نہ اتر رہا ہو

سورۂ آلِ عمران ہر روز پڑھنے کا معمول بنالیں۔ جب تک قرض ادا نہ ہو جائے، پڑھتے رہیں۔

ڈاکٹر سید افضال حسن (کراچی)

عمل وسعتِ رزق کے لئے

اِنَّ لَكَ فِي النَّهَارِ سَبْحًا طَوِيْلًا (المزمل:۷)

روزانہ دس (۱۰) بار پڑھیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ ایک (1) ماہ کے اندر تونگر ہو جائیں گے۔

تنگ دستی دور کرنے کا عمل

بعد نماز فجر سورۂ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰہِ الخ 21 مرتبہ

بعد نماز ظہر ////// 22 مرتبہ

بعد نماز عصر ////// 23 مرتبہ

بعد نماز مغرب ////// 24 مرتبہ

بعد نماز عشاء ////// 25 مرتبہ

اول و آخر درود شریف گیارہ (11) بار پڑھنا چاہیے۔ ان شاء اللہ کامیابی حاصل ہوگی۔

تنگدستی سے نجات کا مجرب المجرب عمل

روزانہ بعد نمازِ مغرب یا عشاء میں سورۂ مزمل گیارہ (11) بار، اول و آخر گیارہ (11) بار درود شریف پڑھا کریں۔ جب فَاتَّخِذْهُ وَكِيْلًا پر پہنچا کریں تو پچیس (۲۵) مرتبہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ پڑھا کریں۔ ان شاء اللہ تنگدستی دفع ہو جائے گی۔

دارالعمل چشتیہ کی "روحانی علاج گاہ" کی خدمات ایک نظر میں

دارالعمل چشتیہ کے شعبہ روحانی علاج گاہ کے روحانی معالجین ۱۹۹۶ء سے عوام وخواص کی خدمت میں مصروف ہے۔ سائل رمریض کی ضرورت کے لحاظ سے خاص اُسی سائل رمریض کے لیے روحانی علاج تیار کیا جاتا ہے، پہلے سے تیار کرکے نہیں رکھا جاتا۔ ذیل میں روحانی علاج گاہ کے چند روحانی علاج کا ذکر کیا جارہا ہے۔ اگر آپ کو بھی ان میں سے کسی روحانی علاج کی ضرورت ہو تو آپ نیچے دیے گئے رابطہ نمبرز پر اعتماد کے ساتھ رابطہ کرسکتے ہیں۔

مریض پر سے ہر قسم کے جادو، جنات، شیاطین، نظر بد کا خاتمہ

* جادو کا علاج * آسیب وجنات کا علاج * نظر بد کا علاج * تین دن میں تحت مانیت ہے۔ جنات وجادو کا علاج تین دن میں تحت جادو کو واپس کرنا [illegible] اس کا کرایا ہوا جادو واپس کرنا جنات کو حاضر کرکے علاج [illegible] حاضری والے مریض کی حاضری ختم کرنا۔

حفاظت کے معاملات

* جادو سے، جنات سے، شیاطین سے [illegible] طرح کی حفاظت کے لیے۔

جسمانی /نفسیاتی بیماریوں کا روحانی علاج

* ہر مرض کا علاج مرگی * جنون، پاگل پن، دردِ چشم، درد دانت [illegible]
* یرقان، بخار، دوائیں اثر نہ کررہی ہوں، ڈرنا۔

رشتہ وشادی کے مسائل

* رشتہ طے ہوجائے، رشتہ نہ کرتے ہوں، [illegible] کے لیے راضی کرنا * رشتہ کی بندش، نکاح کی بندش

زوجین (شوہر بیوی) اور سسرالی مسائل

زوجین لڑتے ہوں، زوجین روٹھ گئے ہوں * بیوی روٹھ کر میکے چلی گئی شوہر چھوڑ کر چلا گیا ہو * زوجین میں محبت میں کمی آگئی ہو * زوجین زبان درازی [illegible] اولاد کی نافرمانی، بچوں کی آپس میں لڑائی * اولاد گھر سے بھاگ گئی [illegible] داروں میں لڑائیاں، سسرال میں لڑائیاں۔

محبت کے مسائل

والدین اور اولاد میں محبت، بہن بھائیوں میں محبت، شوہر بیوی میں محبت دو فریق میں جائز محبت [illegible] اپنی طرف مائل کرنا۔

جدائی زبان بندی

[illegible] ہونے والے کی زبان بندی، دو افراد میں جائز جدائی۔ ناجائز [illegible]

متفرق مسائل

[illegible] ہو کوئی گم گیا ہو، افسر اور ماتحت کی چپقلش، آپس میں [illegible] قید سے رہائی، جگہ پر چوری ہوگئی ہو * امتحان میں کامیابی، مقدمہ میں کامیابی، ہر مقصد میں کامیابی، دشمن ذلیل وخوار ہو۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد سے تفصیل کے ساتھ خط لکھیں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔

عام ملاقات بروز اتوار شام چار تا سات بجے کی جاتی ہے۔

روحانی علاج گاہ دارالعمل چشتیہ لاہور پاکستان
0324-7772772 0342-7772772 042-35420586
darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com
ruhaniilajgah ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

رزق میں اضافہ کے روحانی نسخے

جرار حسین (لاہور)

* صدقہ دینا۔
* أَسْتَغْفِرُ اللهَ رَبِّيْ وَأَتُوْبُ اِلَيْهِ کثرت سے پڑھنا۔
* طلوع آفتاب سے پہلے تین سو انیس (319) مرتبہ یَافَتَّاحُ یَارَزَّاقُ یَاوَهَّابُ پڑھنا۔
* اکیلے میں چار ہزار (4000) مرتبہ "یَاقَاضِيَ الْحَاجَاتِ" پڑھنا۔
* سورہ ق کی تلاوت تسلسل سے کرنا۔
* تنگی اور پریشانی میں "یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ" پڑھنا۔
* وسط شعبان میں تین (3) بار سورہ یٰسین پڑھنا۔ اور ہر بار ختم کرنے کے بعد یہ دعا پڑھیں: اللّٰھم انك علیم ذوالدّ ولا طاقه لنا فاغفرلنا بعلمك یاارحم الرحمین
* رات میں یہ آیت چھیاسٹھ (66) بار پڑھنا: حَسْبِيَ اللهُ ۖ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۲۹﴾ (التوبہ:۱۲۹)
* یا اسی آیت کو دن میں آٹھ (8) بار پڑھنا۔
* ختم: اکتالیس (41) دن تک ستائیس (27) مرتبہ صبح کی نماز کے بعد رزق کی کشادگی اور زندگی کی کشادگی کی نیت سے یہ آیت پڑھنا: اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ﴿۵۸﴾ (الذاریات:۵۸)
* ہر رات یا صبح، تین (3) بار درج ذیل دعا پڑھنا: یا الله یا الله یا الله یا رب یا رب یا رب یا حی یا قیوم یا ذاالجلال والاکرام اسالك باسمك العظیم ان ترزقنی رزقاً واسعا "حلالا طیبا" برحمتك یاارحم الرحمین۔
* ہر روز کسی سے بات کرنے سے پہلے تین (3) بار یہ دعا پڑھیں: بسم الله الرحمن الرحیم یا کثیر الجود و یاذاالمعروف یاقدیم الحسان احسن الدنیا باحسانك القدیم برحمتك یاارحم الرحمین۔
* ہر رات سورۂ واقعہ کی تلاوت کرنا۔
* رزق کی وسعت کے لیے دس ہزار (10,000) بار پڑھیں: یاغنی یا قوی یاوفی۔
* بدھ کے دن دو رکعت نماز حاجت، تونگر ہونے کی نیت سے پڑھیں۔ پھر چالیس (40) مرتبہ سورۂ کوثر پڑھیں۔
* ماہ صفر کے آخری بدھ کو سورۃ الم نشرح اور نصر اور توحید اور معوذتین اور الحمد ہر ایک سات سات (7،7) مرتبہ پڑھیں، اللہ تعالیٰ اس کو غنی فرمائے۔
* ہر صبح نماز کے بعد ایک سو (100) مرتبہ: اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔
* لا الہ الا اللہ کا ذکر کرنے سے شکایات اور قرضوں سے نجات ملتی ہے۔
* آیۃ الکرسی دس (10) دن تک دس (10) بار پڑھنے سے دولت ملنے کا سبب بنے گا۔
* صبح کی نماز کے بعد سجدے میں سات (7) بار "اَلْوَهَّابُ" پڑھنا۔ سات (7) بار "اَلرَّقِيْبُ" پڑھنا۔
* تین (3) راتوں تک ہر رات چالیس (40) مرتبہ سورۂ قدر پڑھنا۔
* سورہ [illegible] کی تلاوت میں [illegible]
* تین (3) شب جمعہ تک، ہر شب میں دو (2) رکعت نماز پڑھیں۔ ہر رکعت میں دس (10) مرتبہ سورہ فاتحہ اور گیارہ (11) مرتبہ سورۂ اخلاص۔ سلام کے بعد سو (100) مرتبہ درود شریف۔
* کثرت سے درود بھیجنے سے مال و دولت کی حفاظت ہوتی ہے۔
* رزق میں جلدی کرنے کے لیے یہ دعا پڑھیں: اھو یامن ھو یالا اله الاھو یامن لا اله الاھو یامن لا ھو الاھو۔
* سورۂ انفال تین (3) مرتبہ تونگری کی نیت سے پڑھنا۔
* صبح کی نماز کے بعد درج ذیل آیت کو بارہ (12) مرتبہ پڑھیں: بسم الله الرحمن الرحیم توکلت علی الحی الذی لا یموت والحمدلله الذی لم یتخذ صاحبة ولا ولدا ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل و کبره تکبیرا۔

٭ اکہتر (71) مرتبہ: یاحی یاقیوم یاحلیم یوم لا ینفع مال ولا بنون الا من اتی اللہ بقلب سلیم وازلفت الجنہ للمتقین غیر بعید۔

٭ صبح کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ: ومن یتق اللہ یجعل لہ مخرجا ویرزقہ من حیث لا یحتسب ومن یتوکل علی اللہ فھو حسبہ ان اللہ بالغ امرہ قد جعل اللہ لکل شی قدرا (طلاق:۳)

٭ ہر جمعہ کی رات سورۃ واقعہ۔

٭ سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم پڑھ کر سو (100) بار اَسْتَغْفِرُ اللہَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ پڑھنا۔

٭ صبح کی نماز کے بعد تیس (30) بار پڑھیں: سبحان اللہ العظیم وبحمدہ استغفر اللہ واسالہ من فضلہ۔

٭ صبح کی نماز کے بعد یہ دعا پڑھیں: بسم اللہ الرحمن الرحیم یا رازق المتقین یا ذوالقوۃ المتین یا ولی المومنین یا دیان یوم الدین یا ارحم الرحمین یا راحم المساکین اغفر لی وارحمنی واغننی من الفقر وصلی اللہ علی محمد والہ اجمعین

٭ ستر (70) بار پڑھیں: حسبی اللہ لا الہ الا ھو علیہ توکلت وھو رب العرش العظیم۔

٭ سورۃ ذاریات، طلاق، مزمل اور الم نشرح پڑھنا۔

٭ صبح کی نماز کے بعد دس (10) مرتبہ سورۃ قدر پڑھنا۔

٭ چالیس (40) راتوں تک، سورۃ لیل ہر رات ایک بار۔

٭ رات کے آخر میں قبلہ کی طرف منہ کر کے ایک سو تیس (130) مرتبہ "یَاعَزِیْزُ" پڑھنا۔

٭ بدھ کے دن دو رکعت نماز حاجت اس نیت سے پڑھے کہ بے نیاز ہو جائے، غنی ہو، وسعت رزق ہو، عزت ہو اور پھر چالیس (40) مرتبہ سورۃ کوثر پڑھے۔

٭ جمعہ کے دن سے شروع کرے۔ اکتالیس (41) دن تک روزانہ اکتالیس (41) مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھنا شروع کریں اور پھر درج ذیل دعا کو تیرہ (13) مرتبہ پڑھیں: یا مفتح فتح یا مفرح فرج یا مسبب سبب یا میسر یسر یا مسھل سھل یا متمم تمم۔

٭ رات کا آخری وقت، جب صبح قریب ہو، دو (2) رکعت نماز پڑھیں۔ پہلی رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ کافرون سترہ (17) مرتبہ اور دوسری رکعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد سورۃ اخلاص سترہ (17) مرتبہ اور رکوع وسجود کے اذکار ہر ایک سترہ (17) پڑھیں۔ بعد از نماز سترہ (17) مرتبہ آیت الکرسی پڑھیں۔

بدھ کو ستر (70) بار پڑھیں: ھو اللہ الذی لا الہ الا ھو عالم الغیب والشھادۃ ھو الرحمن الرحیم۔

٭ مال ودولت کے لیے جمعرات کے روز دو (2) رکعت نفل حاجت نماز پڑھ کر سورۃ یسین ایک (1) بار پڑھیں اور یہ عمل تین (3) دن تک دہرائیں۔

٭ ہر فرض نماز کے بعد یہ:

توکلت علی الحی الذی لا یموت والحمد للہ الذی لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا

جمعہ کی رات یہ دعا سات (7) مرتبہ پڑھیں اور ستر (70) مرتبہ درود پڑھیں۔ دعا یہ ہے:

الٰھی بحرمۃ طہ ومن تلاھا وبحرمۃ یس ومن قراھا وبحرمۃ کعبہ ومن بناھا وبحرمۃ العصر ومن صلاھا بلغ نفسی الی مناھا

رزق کی فراوانی کے لیے سورۃ الم نشرح اکتالیس (41) مرتبہ پڑھیں، ہر مراد حاصل ہوتی ہے۔

٭ یہ دعا پڑھیں: بسم اللہ الرحمن الرحیم یا من مقالید الخیر کلھا بیدہ والیہ یرجع الامر کلہ یا فتاح یا علیم۔

٭ پیر اور بدھ کے دن سورۃ تکاثر چالیس (40) مرتبہ پڑھیں۔

٭ عصر کی نماز کے بعد سو (100) بار پڑھیں "یَاوَھَّابُ"۔

٭ صبح کی نماز کے بعد بارہ (12) مرتبہ کہے: یاقوی یاغنی یاملی یاولی یاوفی۔

٭ ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھنا۔

معاشی بندشوں سے نجات کے اعمال

مرتب: اراکین روحانی علاج گاہ

بیرون ملک سفر کی بندش

رزق کی بندش کے خاتمے کے لئے سورہ مزمل اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ، اوّل آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف کم از کم گیارہ (11) دن، زیادہ سے زیادہ اکتالیس (41) دن۔ وقت مقرر کر کے پڑھیں۔

کاروباری بندش کا روحانی علاج

قاری امجد حسین صاحب (کوٹلی، آزاد کشمیر) تحریر فرماتے ہیں کہ عمل سے پہلے اپنا اور گھر والوں کا حصار لازمی کریں۔ اس کے بعد سورۃ تغابن روزانہ سات (7) بار کاروبار کے حوالے سے یا جو بھی جائز مقصد ہو اور اس میں رکاوٹ ہو، اس کے لیے یہ عمل اکیس (21) دن تک کریں۔ کامل یقین اللہ تعالیٰ پر رکھیں۔ ان شاء اللہ، ضرور فائدہ ہوگا۔

روزگار کی بندش کا علاج

یہ دعا کثرت سے پڑھیں: أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ اور پانچوں نمازوں کے بعد قل أعوذ برب الفلق اور قل أعوذ برب الناس ایک ایک (1،1) مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دم کر لیا کریں اور چالیس (40) دن تک ایک سو (100) مرتبہ درود شریف اور پانچ سو (500) مرتبہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھ کر اپنے لیے دعا کیا کریں۔

رزق کی بندش

آمنہ صاحبہ تحریر فرماتی ہیں کہ اگر کوئی فرد بندش کا شکار ہو گیا ہو تو وہ اس وقت تک پریشان ہی رہتا ہے جب تک کہ اس کے رزق میں بندش کا مکمل طور پر خاتمہ نہیں ہو جاتا۔ لہٰذا اگر آپ رزق کی بندش کا مکمل طور پر توڑ کرنا چاہتے ہیں اور بندش سے ہمیشہ محفوظ بھی رہنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے "يَا غِيَاثُ اَغِثْنِي بِرَحْمَتِكَ" کا وظیفہ آپ کے لئے بہترین ثابت ہوگا۔ وظیفہ کرنے کے لئے آپ فجر کی نماز کے بعد اوّل و آخر گیارہ گیارہ (11-11) بار درود ابراہیمی پڑھیں اور درمیان میں آپ ایک (1) مرتبہ سورہ یاسین اور ایک سو (100) مرتبہ "يَا غِيَاثُ اَغِثْنِي بِرَحْمَتِكَ" ذکر کریں۔ اس وظیفہ کو آپ سات (7) روز تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ سات (7) روز میں اللہ کی ذات آپ کے رزق کے لئے غیب سے بہتر اسباب پیدا فرما دیں گے۔ یہ وظیفہ رزق کی پرانی سے پرانی بندش کا خاتمہ کر دیتا ہے اور اسی وظیفہ کی برکت سے فرد بندش، جادو، نظر بد، تنگدستی، غربت، قرض اور ناکامی سے ہمیشہ محفوظ بھی رہتا ہے۔ یہ وظیفہ جب مکمل ہو جائے تو اس وقت آپ روزانہ دس (10) مرتبہ "يَا غِيَاثُ اَغِثْنِي بِرَحْمَتِكَ" اور دس (10) مرتبہ درود ابراہیمی محبت سے پڑھنے کا معمول ضرور بنائیں تاکہ آپ کو اس وظیفہ کی برکات ہمیشہ حاصل ہوتی رہیں۔

روزی کی بندش

سورہ فلق، سورہ ناس اکتالیس (41) بار پڑھ کر بندش کے خاتمے کی دعا کریں۔

کاروبار اور رزق کی بندش

رزق کی بندش کے خاتمے کے لئے سورۂ مزمل اکتالیس (41) مرتبہ روزانہ، اوّل آخر گیارہ گیارہ (11-11) مرتبہ درود شریف کم از کم گیارہ (11) دن، زیادہ سے زیادہ اکتالیس (41) دن۔ وقت مقرر کر کے پڑھیں۔

لوح مشتری نورانی

سیّد انور فراز (کراچی)

قدیم زمانے میں مشتری کے مخصوص طلسم کو مشتری کی مخصوص دھاتوں پر کندہ کیا جاتا تھا یا طلسم کا سانچہ بنا کر ڈھال لیا جاتا تھا۔ مسلمان علمائے جفر نے مشتری کے طلسم اور موکلات کے ساتھ قرآنی آیات یا اسمائے الٰہی کا بھی اضافہ کیا اور مخصوص نقوش میں لوح مشتری مرتب کی گئی۔ ہم یہاں اپنا ذاتی اور مخصوص طریقہ پیش کر رہے ہیں جس میں موافق اسمائے الٰہی اور حروف نورانی سے کام لیا گیا ہے۔ نقش کے انتخاب میں ہم نے مشث ''خاتم سلیمانی'' کو ترجیح دی ہے کیوں کہ یہ خود ایک طلسم کی حیثیت رکھتی ہے۔ ہم نے اس کا ڈیزائن تھوڑی سی ترمیم کے ساتھ مزید خوبصورت بنا دیا تاکہ خواتین اگر گلے میں پہنیں تو خوش نما معلوم ہو۔ خواتین کے لیے لوح مشتری اس اعتبار سے بھی ایک خصوصی تحفہ ہے کہ سیارہ مشتری خواتین کے زائچے میں شوہر کی نمائندگی کرتا ہے۔ جب کہ مرد حضرات کے زائچے میں زہرہ بیوی کا نمائندہ ہے۔ لہٰذا مشتری کی ساعت ایک موزوں اور مناسب شوہر کے حصول میں مددگار ہوتی ہے یا شادی شدہ خواتین کو شوہر کا اچھا اور مخصوص سلوک میسر آتا ہے۔ علم نجوم کے مطابق یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ زائچے میں اگر مشتری کمزور یا نحس اثرات سے متاثرہ ہو تو اچھا شوہر مل سکے یا جلد شادی ہو سکے۔

طریق کار: لوح مشتری کو سونے یا چاندی کی گول لوح پر تیار کیا جائے۔ تین دائروں کے درمیان خاتم سلیمانی میں پہلا خانہ درمیان میں ہے، جس میں اسم ذات ''اللہ'' لکھا گیا ہے۔ اس کے اعداد 66 ہیں۔ دوسرے خانے میں اسم الٰہی ''محیط'' ہے۔ اس کے اعداد 67 ہیں۔ تیسرے خانے میں اسم الٰہی ''حکم'' اعداد 68۔ چوتھے خانے میں حروف مقطعات میں سے ''طٰسٓ'' اعداد 69۔ پانچویں خانے میں حروف مقطعات میں سے ''یٰسٓ'' جو مشتری سے منسوب ہے، اعداد 70۔ چھٹے خانے میں بھی مشتری سے منسوب ''الٓمٓ'' اعداد 71 اور آخری ساتویں خانے میں اسم الٰہی ''باسط'' اعداد 72۔ نقش کے ہر ضلع یعنی آمنے سامنے کے تین خانوں کی میزان 205 ہوگی، یہ اعداد ''حی القیوم''، ''حی الولی الحق'' اور ''دائم اللطف'' کے ہیں۔ اس اعتبار سے نقش مبارک کی اہمیت اور افادیت مزید بڑھ جاتی ہے۔ نقش کے دائیں بائیں حمعسق اور کھیعص سیارہ زہرہ کے حروف مقطعات لکھے جائیں گے اور چاروں کونوں پر چاروں ملائکہ کے نام۔ سرِ لوح پر ایک جانب 786 اور دوسری جانب ''یا حی القیوم'' لکھا جائے گا۔ نقش کا ایک رخ ہوا۔

دوسرے رخ پر نقش کے موکل یاھرائیل کے ساتھ مال و دولت پر حکمران موکلات کے نام اور مشتری کے موکلات کے نام مع طلسم دیے جائیں گے۔

لوح مشتری کی تیاری کے لیے بہترین دھات تو سونا ہے یعنی سونے کی گول لوح بنوائی جائے اور اس پر کندہ کیا جائے۔ یہ میسر نہ ہو تو سونا چاندی ملا کر لوح بنوائی جائے۔ یہ بھی ممکن نہ ہو تو پھر چاندی کی لوح پر بنائیں اور اس پر سونے کا پانی چڑھوا لیا جائے یعنی گولڈ پلیٹنگ کرالی جائے۔ نقش کی تیاری کے وقت مشک، عود، صندل سفید یا حب الغار وغیرہ کا بخور جلائیں اور عطر گلاب، مشک یا عود کا عطر پاس رکھیں اور لوح کی تیاری کے بعد زرد رنگ کے ریشمی کپڑے کو خوشبو سے معطر کر کے اس میں لپیٹ لیں۔ مثالی لوح کے دونوں رخ یہاں دیے جا رہے ہیں۔

رزق سے متعلق دو خاص اعمال

عامل مہتاب احمد (لاہور)

دکان، مکان، کاروبار......رونق لگی رہے

اگر آپ دکان، مکان اور کاروبار میں ترقی چاہتے ہیں اور خواہش ہے کہ ہر وقت گاہکوں و خریداروں کی رونق لگی رہے۔ سب سے پہلے اجازت حاصل کریں۔ پھر صرف العمر روری اکیس (21) مرتبہ پڑھ کر سفید کاغذ کا ایک ورقہ لے کر اس پر روحانی سیاہی سے درج ذیل عزیمت کو بنائے گئے طریقے اور ساعت میں لکھیں۔ قمری ماہ کی پہلی تو ار کو ساعت شمس میں باوضو ہو کر لکھیں اور اچھی خوشبو والا بخور جلائیں اور لکھنے کے بعد ورق کو بخور کی دھونی دیں۔ پھر اسے چھپ کر دکان، مکان یا گھر میں لگا دیں۔ فلاں بن فلاں کی جگہ اپنا نام والدہ کا نام لکھیں۔ ان شاء اللہ کاروبار میں دن رات ترقی ہو گی اور کبھی خریداروں کی بھیڑ ختم نہ ہو گی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ یا خیر المسئولین و یا خیر المعطین وارزقنا وارزق عیالنا من فضلك الواسع فانك ذوالفضل العظیم بجب رزق و رونق بازار فلان بن فلان یاباسط یامغنی یاوھاب۔

پیسوں والا تھیلا

اس چھوٹے اور آسان عمل سے آپ اپنے روزمرہ کے جائز اخراجات بذریعہ دست غیب ایک چھوٹے تھیلے میں حاصل کر سکتے ہیں۔

اس عمل کو کسی بھی نوچندی جمعرات یا جمعہ سے شروع کر سکتے ہیں۔ پاک، صاف لباس پہن کر اچھا ساعطر لگائیں اور عمل کی جگہ کو اچھے بخور سے معطر کر دیں۔

عمل کے لئے لازم ہے آپ روزہ رکھیں اور ہر روز ہر نماز کے بعد ایک ہزار (1000) مرتبہ اور نصف شب کو ایک ہزار (1000) مرتبہ یہ اسماء الٰہی پڑھیں گے: **یارزاق یافتاح یاکافی یاغنی**

دوران عمل اپنے سامنے دائیں طرف ایک خالص کپڑے کا تھیلا رکھیں اور عمل کا مقصد اور ضرورت کی نیت کر کے پوری یکسوئی اور یقین کے ساتھ عمل کریں۔ چوتھے دن سے نصف شب کے عمل کے بعد تھیلا کو ہاتھ ڈال کر روزانہ چیک کریں۔ ان شاء اللہ چند ہی دنوں میں دست غیب سے روپیہ پیسے تھیلے میں آ جاتے ہیں۔ جن میں سے جو چاہیں خرچ کر سکتے ہیں اور ان میں سے صدقہ بھی کر سکتے ہیں لیکن جب بھی ضرورت ہو۔

خاص بات: تھیلے کو اندر سے کبھی مت دیکھو اور اس میں موجود پیسے کبھی نہ گنو۔

نمبر (53) [illegible] حصول غناء

قَدْرًا ﴿٣﴾ (الطلاق: ۲-۳) کو تین سو (300) بار اور دعائے مشائخ کو تین سو (300) بار پڑھتا رہے تو ہفتوں عشروں میں وہ یقینی طور پر نہ صرف مالا مال ہو جائے گا بلکہ دوسروں میں بھی تقسیم کرنے کے قابل ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ العظیم مگر یاد رہے کہ کبھی دولت پر غرور و تکبر نہ کرے کیونکہ جو ذات عطا کر سکتی ہے، وہ آزمائش میں بھی ڈال سکتی ہے۔

جب میں کہتا ہوں کہ یا اللہ میرا حال دیکھ
حکم ہوتا ہے کہ اپنا نامہ اعمال دیکھ

علمائے عاملین فرماتے ہیں ہم کئی ایسے لوگوں سے واقف ہیں جنہوں نے خلوص نیت، طہارت ظاہری و باطنی سے حصول دولت کی نیت سے جب یہ عمل شروع کیا تو عشرہ مہینہ میں وہ دولت میں اس حد تک کفیل ہو گئے کہ بانٹنے لگ گئے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

قرض کی ادائیگی کی دعائیں

محمد عارف (لاہور)

قرض کی ادائیگی کی دو قسم کی دعائیں درج کی جاتی ہیں۔ پہلی قسم مسنون دعائیں اور دوسری میں غیر مسنون۔

مسنون دعائیں

** قرض ادا کرنے کی دعا جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے بیان کی ہے:
''اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ''۔ اس دعا کو قبولیت کے یقین کے ساتھ مانگا کریں۔ دعا مانگنے میں ثابت قدم رہیں، جلدی نہ کریں۔ نیز ہر وقت دعا کریں اور خاص اوقات میں ضرور کریں جیسے رات کا آخری تہائی حصہ، اذان اور اقامت کے درمیان اور اسی طرح کے دیگر خاص اوقات۔

** اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ، وَالْهَرَمِ، وَالْبُخْلِ. وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ. وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ رواه مسلم فی صحیح مسلم. عن انس بن مالك. الصفحة او الرقم: 2706، صحیح۔

** اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَ رَبَّ الْاَرْضِ. وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ. رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ. فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى. وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ. اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهٖ. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ. وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ. وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ. اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ. وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ ۔ ارواه مسلم. فی صحیح مسلم. عن ابی هريرة. الصفحة او الرقم: 2713، صحیح۔

** اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ. تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ، وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ، وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ، وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ، بِيَدِكَ الْخَيْرُ. اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ. رَحْمٰنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَ رَحِيْمَهُمَا. تُعْطِيْهِمَا مَنْ تَشَاءُ، وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ. ارْحَمْنِيْ رَحْمَةً تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ. ارواه الالبانی. فی صحیح الترغيب عن انس بن مالك. الصفحة او الرقم: 1821، حسن۔

